لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

روزنامہ سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 پیر 12 اکتوبر 2026ء 1448ھ 29 ربیع الثانی 27 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ نمبر: 258

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

238. سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو o 239 پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے o

وزیراعظم: اسلام آباد پر چڑھائی قابلِ قبول نہیں، دہشت گردی پر خاموشی ملک دشمنی کے مترادف ہے

کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اس سے زیادہ ملک دشمنی کی کوئی اور حرکت نہیں ہوسکتی، شہباز شریف

باب المندب میں خونی کھیل کھیلا جارہا ہے، حوثیوں کی کارروائیاں انتہائی خطرناک ہیں، جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، پاکستان سعودی عرب کے خلاف جارحیت برداشت نہیں کرے گا، کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اس سے زیادہ ملک دشمنی کی کوئی اور حرکت نہیں ہوسکتی، قانون اپنا راستہ اپنائے گا اور ہر صورت اپنائے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

آرٹیکل 246 کے تحت خیبر پختونخوا میں فوج تعینات، نوٹیفکیشن جاری

شہریوں کے جان و مال، سرکاری تنصیبات کی سیکیورٹی فوج کے ذمے ہوگی، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں فوج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت فوج کی تعیناتی کی منظوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

خیبر پختونخوا میں انتظامی تقرری: گریڈ 22 کے سینئر افسر ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان نئے چیف سیکرٹری تعینات، نوٹیفکیشن جاری

محمد فخر عالم عرفان کی بطور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی، تاحکم ثانی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے، نوٹیفکیشن

گریڈ 20 کے افسر محمد یحییٰ اخونزادہ کی خدمات خیبر پختونخوا حکومت کے حوالے، فاٹا کونسل کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری تعینات کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 22 کے سینئر بیوروکریٹ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو صوبہ خیبر پختونخوا کا نیا چیف سیکرٹری تعینات کر دیا ہے جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے جاری کر دیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کی بطور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی اور وہ تا حکم ثانی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے۔ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وفاق نے کے پی میں انتظامی امور چلانے کیلئے 11 رکنی ایڈوائزری کونسل قائم کردی

کونسل میں طارق محمود، ڈاکٹر عامر عبداللہ، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر، ثمر بلور، ڈاکٹر سرفراز، عامر جاوید اور دیگر شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے کے پی میں انتظامی امور چلانے کے لیے ایڈوائزری کونسل قائم کردی جس کے ساتھ ہی خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں ایریا ڈویلپمنٹ سیکریٹریٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

محسن نقوی: دھرنے سے ہمیں کوئی مسئلہ نہیں، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ہمارا ایشو ہے

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا فیصلہ آسان نہیں تھا، کے پی کے میں صورتحال بہت خراب ہے، کچھ اضلاع میں لوگ شام وقت باہر نہیں نکل سکتے، محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزراء نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا فیصلہ آسان نہیں تھا، دھرنے کو موثر کرنے والی شرط پیپلز پارٹی کی تھی ہم نے کبھی نہیں کہا دھرنا ختم کریں، آپ شوق سے دھرنا دیں، دھرنے سے ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہمارا ایشو صرف دہشت گردی ہے، کے پی کے میں صورتحال بہت خراب ہے، کچھ اضلاع میں لوگ شام وقت باہر نہیں نکل سکتے، دہشت گردی سے کسی بھی صورت اکیلے نہیں لڑا جا سکتا، مل کر لڑنا پڑتا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

دہشتگردی کی بگڑتی صورتحال، وزیراعظم مشورہ دیں صدرِ مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ کریں، کابینہ اراکین، خیبر پختون خوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، امن وامان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا، ایوان صدر سے جاری اعلامیہ کا متن

وفاقی کابینہ کی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری

صدر زرداری نے سمری پر دستخط کر دیئے

صدرِ مملکت نے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے 2 سالوں میں صوبہ میں دہشتگرد حملوں کی تعداد میں اضافہ، مسلسل اضافہ کے پی کی سیکیورٹی صورتِ حال کے لیے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن گیا، رپورٹ کے مطابق 2024 میں پولیس اور سیکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، رپورٹس

اسلام آباد: وفاقی وزراء محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطاء اللہ تارڑ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دیدی جس کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کر دیے۔ اتوار کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کا اہم ہنگامی اجلاس ہوا جس میں آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ وفاقی کابینہ کو خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتِ حال اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتِ حال پر بریفنگ دی گئی۔ کابینہ نے کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ کابینہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ سے کے پی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیش نظر حالات کا جائزہ لیا، کابینہ نے وزیر اعظم کو تجویز دی کہ صدرِ مملکت کو مشورہ دیں کہ صدر مملکت آئینی اختیار استعمال کریں، صدرِ مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

مولانا فضل الرحمان کی صبح 6 بجے وزیراعظم سے ملاقات، اپوزیشن سے ملاقاتوں سے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے اتوار کی صبح چھ بجے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی اور اپوزیشن سے ملاقاتوں سے متعلق آگاہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

سیکیورٹی فورسز نے افغانستان سے اسلحہ سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

سیکیورٹی فورسز نے ضلع پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرکے افغانستان سے گولہ بارود منتقل کرنے کا منصوبہ ناکام بنایا، ذرائع

راولپنڈی، پشین (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز اور ایف سی بلوچستان نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے اسلحہ کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ضلع پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے افغانستان سے گولہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

طالبہ سے فراڈ کرنے والے ملزم کی ابتدائی شناخت سامنے آگئی، ڈائریکٹر ایف آئی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گولڈ میڈلسٹ طالبہ سے مبینہ فراڈ کرنے والے ملزم کی ابتدائی شناخت سامنے آ گئی۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

سابق وزیراعظم نواز شریف لندن پہنچ گئے، ایون فیلڈ ہاؤس میں قیام

نواز شریف نجی ایئرویز کی پرواز کے ذریعے لندن پہنچے، طبی معائنے کا امکان

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعظم پاکستان اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف نجی ایئرویز کی پرواز کے ذریعے لندن پہنچے، جہاں سے وہ ایئرپورٹ سے اپنی رہائش گاہ ایون فیلڈ اپارٹمنٹس کے لیے روانہ ہوگئے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

ابھی بھی وقت ہے اس فیصلے کو چند دنوں میں واپس لیا جاسکتا ہے، بیرسٹر گوہر

وفاق انا کو جانے دے، زمینی حقائق کو سمجھے، صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہیں، اقدام کو یکسر مسترد کرتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ابھی بھی وقت ہے، اس فیصلے کو چند دنوں میں واپس لیا جاسکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاق انا کو جانے دے، زمینی حقائق کو سمجھے، صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہیں، اس اقدام کو یکسر مسترد کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

مریم نواز شریف کی حوثی ملیشیا کا ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت

وزیراعلیٰ پنجاب کی شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حوثی ملیشیا کا ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شاہ خالد ایئرپورٹ پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: صدرمملکت آصف علی زرداری گورنر کی منظوری پر سمری پر دستخط کرتے ہوئے

وفاقی حکومت کی قبائلی عمائدین سے مشاورت، فاٹا کونسل کی تشکیل کیلئے ہوم ورک مکمل کر لیا

قبائلی عمائدین نے قبائلی اضلاع کے فنڈز صوبائی حکومت کے بجائے فاٹا کو براہ راست فراہم کرنے کی تجویز بھی پیش کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے فاٹا کونسل کی تشکیل کے لیے ہوم ورک مکمل کر لیا۔ ذرائع کے مطابق فاٹا کونسل کی تشکیل کے لیے وفاقی حکومت کی قبائلی عمائدین سے مشاورت کی جس میں قبائلی عمائدین نے فاٹا کونسل کی تشکیل سے متعلق اہم تجاویز پیش کر دیں۔ ذرائع نے بتایا کہ قبائلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں، حوصلے اور خوابوں کی مالک ہیں، بلاول بھٹو

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بچیوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی: سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرکے سمگلنگ کیا ہوا اسلحہ برآمد کرلیا گیا

ریاض ایئرپورٹ پر حملے میں 12 افراد جاں بحق، 300 سے زائد زخمی

سعودی عرب نے حملہ کو جنگی جرم قرار دیدیا، سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا جواب دینے کا عزم

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ ناقابل قبول ہے، امریکہ حوثیوں کے خلاف سعودی حملوں میں شامل ہونے پر غور کر رہا ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

ریاض/واشنگٹن/لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد زخمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

ملک کی معاشی ترقی کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت، احسن اقبال

معاشی پالیسی میں مقداری مالیاتی اہداف کو غیر معمولی اہمیت دی جا رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ملک کی موجودہ معاشی پالیسی کو "محدود اور ادھار پر مبنی استحکام" قرار دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف پر زور دیا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

وفاقی کابینہ کا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج دونوں لگانے کا فیصلہ

خیبر پختونخوا کے حوالے سے کسی بھی حتمی فیصلے سے پہلے مولانا فضل الرحمٰن کے ذریعے آخری کوشش کی جائے، اجلاس میں اراکین کی تجویز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج دونوں لگانے کا فیصلہ کرلیا۔ خیبر پختونخوا کی صورتحال کے حوالے سے وزیراعظم کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزیرداخلہ محسن نقوی، وزیردفاع خواجہ آصف، رانا ثناءاللہ، سالک حسین اور عطا تارڑ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

کسی بھی حتمی فیصلے سے قبل مولانا فضل الرحمٰن کے ذریعے اپوزیشن سے رابطوں کی آخری کوشش کی جائے، کابینہ اجلاس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے جمعیت علمائے اسلام کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا نفاذ، پی ٹی آئی کا سہیل آفریدی کی گرفتاری کا دعویٰ

دوسری جانب سینئر بیوروکریٹ، ڈاکٹر فخر عالم چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا تعینات کر دیے گئے

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے دعویٰ کیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ ہوتے ہی وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو گرفتار کر لیا گیا۔ صوبائی صدر جنید اکبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

Dr Syed Amir Abdullah
Advisor for Education
Tariq Mehmood Pasha
Advisor for Finance, Revenue, Excise & Taxation
Osman Saifullah Khan
Advisor for Energy & Power, Planning & Development
Amir Javed
Advisor for Law & Parliamentary Affairs
Samar Haroon Bilour
Advisor for Information & Broadcasting
Dr Muhammad Irshad
Advisor for Industries & Commerce
Maulana Muhammad Tayyab Qureshi
Advisor for Auqaf & Religious Affairs
Lt Gen (Retd) Nigar Johar Khan
Advisor for Health
Kifayat Ullah Khan
Advisor for Home & Tribal Affairs
Asif Rafiq Afridi
Advisor for Communication & Works, Local Govt, Housing & Transport
Dr Sarfraz Ali Shah
Advisor for Mines & Minerals
اسلام آباد: وفاق کی جانب سے کے پی میں انتظامی امور چلانے کے لیے 11 رکنی ایڈوائزری کونسل کے ممبران کی فائل فوٹو

ڈیرہ بگٹی، فراری کمانڈر نور خان بگٹی سمیت 60 افراد نے ہتھیار ڈال دیے

ڈیرہ بگٹی (مانیٹرنگ ڈیسک) فراری کمانڈر نور خان بگٹی نے اپنے ساتھیوں سمیت سوئی میں ہتھیار ڈال دیے۔ اعلامیے کے مطابق نور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

عاصم افتخار (آج) 34 ویں سیکرٹری خارجہ کا عہدہ سنبھالیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سفیر عاصم افتخار آج (پیر) کے روز 34 ویں سیکرٹری خارجہ کا عہدہ سنبھالیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

اسحاق ڈار کا مولانا فضل الرحمان سے رابطہ، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر غور

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی صورتحال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی سیاسی و کور کمیٹی کا مشترکہ اجلاس، گورنر راج یا ایمرجنسی کے ممکنہ نفاذ کی مخالفت

سہیل آفریدی مصروفیات کے باعث اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے، کسی اختلاف یا اختلافی گفتگو کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اعلامیہ

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے ممکنہ نفاذ کی مخالفت کردی۔ پشاور میں ہونے والے پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی اور کور کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کے جاری کئے گئے اعلامیہ میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے ممکنہ نفاذ کی مخالفت کرتے ہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ صوبے کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ اور آئینی حقوق پر حملہ ہوگا، اس سے صوبے میں سیاسی کشیدگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

صدر زرداری کا پاک افغان سرحد پر دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں پاک افغان سرحد پر دہشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

پی ٹی آئی نے ایک آپشن بھی چھوڑا ہوتا تو وفاق کبھی یہ قدم نہ اٹھاتا، بیرسٹر دانیال چودھری

پی ٹی آئی لانگ مارچ کے ڈرامے سے پیچھے نہیں ہٹی اور اپنے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت میں ناکام رہی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چودھری نے کہا ہے کہ اگر پی ٹی آئی نے وفاق کے لیے کوئی ایک آپشن بھی چھوڑا ہوتا تو وفاق کبھی یہ قدم نہ اٹھاتا۔ اتوار کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاق نے بار بار مذاکرات کی پیش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مری ڈویلپمنٹ پلان کے مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

وزیر خزانہ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کیلئے بنکاک چلے گئے

محمد اورنگزیب کی آئی ایم ایف، عالمی بینک اور دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی قیادت سے ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کیلئے بنکاک روانہ چلے گئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں ایریا ڈویلپمنٹ سیکریٹریٹ قائم کرنے کا حکم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں ایریا ڈویلپمنٹ سیکریٹریٹ قائم کرنے کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

سپیکر قومی اسمبلی کی ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی باغیوں کے حملے کی مذمت

تشدد پر مبنی اقدامات علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی باغیوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی نیویارک میں لاہور لٹریری فیسٹیول میں شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ایشیا سوسائٹی نیویارک کے زیر اہتمام لاہور لٹریری فیسٹیول میں شرکت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد میں ریڈ الرٹ جاری، پولیس کی بھاری نفری تعینات

شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچا دی گئی، ریڈ زون میں بھی غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کر دیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا کہ اسلام آباد کے تمام چوک چوراہوں پر پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

یونیسکو میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے پاکستان کا قومی بیان پیش کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے وزیراعظم کے مشیر اور یونیسکو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم کی ریاض پر حوثی حملے کی مذمت، سعودی خودمختاری کے تحفظ کا عزم

شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشتگردی کی گھناؤنی کارروائی ہے، عالمی برادری کو ایسے اقدامات کی غیر مشروط مذمت کرنی چاہیے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں، حافظ نعیم الرحمان

گورنر راج کے ذریعے حکومت کی کوشش کا مطلب اقتدار کا چراغ بجھنے والا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (سٹاف رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مسائل کا حل نہیں بلکہ اس طرح حکومت کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

مولانا فضل الرحمٰن نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کر دیا

فیصلے کے خلاف بھرپور حکمت عملی بنائیں گے، پیپلز پارٹی نے آئین اور انسانی حقوق کو دفن کر دیا ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہیں، فیصلے کے خلاف بھرپور حکمت عملی بنائیں گے، پیپلز پارٹی نے آئین اور انسانی حقوق کو دفن کر دیا ہے، جمہوریت کے دعوے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

ایمرجنسی کے نفاذ کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری، وزیراعلیٰ، وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دینگے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

یہ ایمرجنسی بھی ہے اور گورنر راج بھی لگایا گیا ہے، ماہر قانون اشتر اوصاف

2009 میں پنجاب میں گورنر راج لگا تھا اور سلمان تاثیر صوبے کے چیف ایگزیکٹو بن گئے تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ماہر قانون اشتر اوصاف نے کہا ہے کہ آئین کا آرٹیکل (1) 232 ایمرجنسی سے متعلق ہے اور آرٹیکل (1) 234 میں گورنر راج کا ذکر ہے لہذا ان دونوں کا اطلاق کیا گیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے اشتر اوصاف نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی کیخلاف درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

عدالت نے عظمیٰ خان اور نورین نیازی کو ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی بارے رپورٹ طلب کر رکھی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ میں بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت آج (پیر) کے روز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کیبنٹ کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد: جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان گورنر راج بارے پریس کانفرنس کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی و دیگر کا گروپ فوٹو

"مریم نواز کسان کارڈ" زمین اور ٹریکٹرز کی تقسیم کے بعد کسانوں کے لئے مزید اقدامات کے لئے کوشاں ہیں، سید عاشق حسین کرمانی

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) کسان خوشحال ہوگا تو ملک خوشحال ہوگا " مریم نواز کسان کارڈ " زمین اور ٹریکٹرز کی تقسیم کے بعد کسانوں کے لئے مزید اقدامات کے لئے کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کیا انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی خوشحالی و ترقی کا دارومدار تاجروں اور کسانوں کی خوشحالی پر ہوتا ہے کسان اور تاجر خوشحال ہونگے تو ملک ترقی کرے گا " سید عاشق حسین کرمانی انجمن تاجران کے ایک وفد جن میں چوہدری شوکت رسول" چوہدری ندیم اکرم " سرفراز انجم " آصف مون بھٹی " چوہدری بادل و دیگر لوگ شامل تھے ان سے خصوصی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

خصوصی بچوں کے حوالے سے شعور و آگاہی کو فروغ دینے، ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور والدین کی مؤثر رہنمائی کے لیے سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) کیئرنگ ہینڈز آٹزم اینڈ ویلنیس تھراپی ہب اوکاڑہ کے زیرِ اہتمام آٹزم اور خصوصی بچوں کے حوالے سے شعور و آگاہی کو فروغ دینے، ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور والدین کی مؤثر رہنمائی کے لیے سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات، ماہرین، متعلقہ شعبوں کے پیشہ ور افراد اور خصوصی بچوں کے والدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر خصوصی بچوں کی بہتر نشوونما، تربیت، بحالی اور معاشرتی قبولیت کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے مہمانان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اریج علی گوندل، رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، اور رکن قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج تھے اس موقع پر ادارے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حافظ علی رضا نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ کیئرنگ ہینڈز آٹزم اینڈ ویلنیس تھراپی ہب کے قیام کا بنیادی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

کوٹ رادھا کشن: مسافر کوسٹر پر فائرنگ، انجن اور ریڈی ایٹر تباہ، ملزمان کے خلاف پولیس کو درخواست دے دی گئی

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) قصور روڈ پر چلنے والی مسافر کوسٹر پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں گاڑی کا انجن اور ریڈی ایٹر شدید متاثر ہوئے اور مالکان کو بھاری مالی نقصان پہنچا۔ متاثرہ فریق نے نامزد ملزمان کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس کو تحریری درخواست جمع کرا دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوسٹر نمبر 172-TAG روزانہ تھہ شیخم سے ذکی اڈہ قصور اور وہاں سے وڈالہ کے روٹ پر مسافروں کو لے کر جاتی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق علی حمزہ، تنی اور ان کے نامعلوم ساتھیوں نے مبینہ طور پر کوسٹر پر فائرنگ کی، جس سے انجن کو شدید نقصان پہنچا جبکہ ریڈی ایٹر بھی پھٹ گیا۔ واقعے کے بعد متاثرہ فریق نے پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی فوری تحقیقات کرکے ذمہ داران کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور مسافروں سمیت روٹ پر چلنے والی گاڑیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

سول ڈیفنس کی ٹیمیں دن رات متحرک ہیں اور عصری تقاضوں کے مطابق حفاظتی اقدامات کو یقینی بنا رہی ہیں۔ ریحان وڑائچ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) سول ڈیفنس کی ٹیمیں دن رات متحرک ہیں اور عصری تقاضوں کے مطابق حفاظتی اقدامات کو یقینی بنا رہی ہیں۔ ریحان وڑائچ۔ ہنگامی صورتحال قدرتی آفات، آتشزدگی اور دیگر حادثات سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات اور عوامی آگاہی انتہائی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار ریحان وڑائچ نے ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس بہاولنگر کا چارج سنبھال کر اپنے آفس میں سیکرٹری کوآرڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رفیق رحمانی نے ریحان وڑائچ کو ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ سول ڈیفنس کے امور کو مزید بہتر بنانے اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ستکھرہ اڈہ اٹک پیٹرول پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ستکھرہ اڈہ اٹک پیٹرول پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع، کالر کے مطابق موٹر سائیکل ٹرالی کے ساتھ ٹکرا گیا، حادثہ میں موٹر سائیکل پر سوار شخص موقع پر جاں بحق، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا بروقت ریسپانس، نعش کو ضروری کارروائی کرنے کے بعد پولیس کے حوالے کر دیا گیا، جاں بحق ہونے والے کی شناخت 42 (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

سید کلیم علی امیر کا ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چنیوٹ کے سینیئر رہنما اور ٹکٹ ہولڈر سید کلیم علی امیر نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں کو باہمی اختلافات بھلا کر مذاکرات کی میز پر آنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک تفصیلی بیان میں کہا کہ سیاست میں نظریاتی اختلاف جمہوریت کی خوبصورتی ہوتا ہے، لیکن جب سیاست کو ذاتی دشمنی، انتقام اور شدید نفرت کی حد تک لے جایا جائے تو اس سے جمہوریت، معیشت اور ریاست کی بنیادی ساخت کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ پاکستان اس وقت جن اندرونی و بیرونی چیلنجز سے گزر رہا ہے، ان کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی بصیرت رکھنے والے رہنما آپس کی کشمکش چھوڑ کر ملک و قوم کی سلامتی اور بہتری کے لیے اکٹھے بیٹھیں۔ سید کلیم علی امیر نے متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ جب ملک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ اور شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر تحصیل دیپالپور اور رینالہ خورد میں غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ اور شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، کاروائی کے دوران حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 8 دکانداروں کے خلاف مقدمات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر غزالہ یاسین، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے غلط پارکنگ اور ناجائز تجاوزات کے خلاف خصوصی مہم جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کے مشن ''محفوظ پنجاب'' کے تحت ضلع اوکاڑہ میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے غلط پارکنگ اور ناجائز تجاوزات کے خلاف خصوصی مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ٹریفک پولیس نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ کے سامنے ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سڑک پر غلط پارکنگ کرنے والے ایمبولینس ڈرائیوروں کو وارننگ جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر، آر پی او ساہیوال ایاز سلیم اور ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سربالی خان کی زیر نگرانی ضلع اوکاڑہ کی میونسپل حدود میں ٹریفک کی روانی برقرار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

آر پی او گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر وڑائچ معروف عالمِ دین پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی کو سووینیئر پیش کر رہے ہیں

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم سائیں نکا سے) اسپائر کالج ڈسکہ کے زیر اہتمام سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں نوجوانوں کی رہنمائی کے لیے خصوصی تقریب۔ آر پی او گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر وڑائچ نے ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کے

ہمراہ اسپائر کالج ڈسکہ کے زیرِ اہتمام ''نوجوان دل اور نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رہنمائی'' کے عنوان سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ معروف عالم دین پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی نے سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں مقصدِ حیات کی پہچان، کردار سازی اور کامیابی کے حصول کے موضوع پر خصوصی خطاب کیا۔ آر پی او گوجرانوالہ اور ڈی پی او سیالکوٹ نے نوجوانوں کی عملی زندگی میں تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہمیت، اخلاقی تربیت اور ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے ان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ تقریب کا مقصد نوجوان نسل کو اسوہ حسنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رہنمائی لیتے ہوئے بامقصد زندگی گزارنے اور معاشرے کی بہتری میں مثبت کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا تھا۔

17 انتہائی مطلوب اشتہاری اور 21 عدالتی مفروروں سمیت 38 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ریجنل کمانڈر پٹرولنگ پولیس ساہیوال ایس پی غازی محمد عمر فاروق کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی کریک ڈاؤن کے دوران پٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑہ نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 17 انتہائی مطلوب اشتہاری اور 21 عدالتی مفروروں سمیت 38 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں یاسین، اکرم، گلزار، مشتاق، سرور، ذوالفقار، منیر، عرفان، یوسف، انتظار، ریاض، احمد، امتیاز، عمران، حسن، صفدر، اظہر، شبیر، رمضان اور توقیر وغیرہ شامل ہیں جو مختلف سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ پٹرولنگ پولیس افسران کی جانب سے قانونی کارروائی کے بعد تمام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

قومی یکجہتی، سیاسی بصیرت اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، حاجی راؤ محمد اجمل خاں

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی و سابق پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ پاکستان اس وقت جن معاشی، سیاسی اور سیکورٹی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، ان سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے قومی یکجہتی، سیاسی بصیرت اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کا وسیع تر مفاد اسی میں ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی سلامتی، معاشی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے کہا کہ دہشت گردی ملک کی ترقی، امن و امان اور عوام کے تحفظ کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکورٹی اداروں، وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی سے ادا کرنی چاہئیں انہوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

تیز آندھی نے مبینہ ناقص میٹریل سے تیار کردہ اشتہاری بورڈ اکھاڑ پھینکا، خوش قسمتی سے کوئی جانی و مالی نقصان نہ ہوا

تیز آندھی نے مبینہ ناقص میٹریل سے تیار کردہ اشتہاری بورڈ اکھاڑ پھینکا، خوش قسمتی سے کوئی جانی و مالی نقصان نہ ہوا، ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ضلع کونسل ساہیوال کی مبینہ غفلت کے باعث شہریوں کی جان و مال کو لاحق خطرات کا معاملہ سنگین صورت اختیار کرنے لگا۔ رات کے پچھلے پہر آنے والی تیز آندھی نے مبینہ ناقص میٹریل سے تیار کردہ اشتہاری بورڈ اکھاڑ پھینکا، تاہم دکانیں بند ہونے کے باعث خوش قسمتی سے کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا عوامی و سماجی حلقوں نے چیف آفیسر ضلع کونسل ساہیوال خداداد تارڑ اور انچارج انکروچمنٹ برانچ ملک زیارت کی مبینہ عدم توجہی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اشتہاری بورڈز کے ناقص معیار اور فٹنس کے حوالے سے شکایات کے باوجود مؤثر اقدامات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

پتوکی منشیات کرپشن اور جرائم سے پاک پاکستان کے لیے نوجوان نسل میں شعور بیدار کرنے کا عزم

پتوکی (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) اینٹی کرپشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ایسوسی ایشن آف پاکستان انفارمر ایجنسی کے زیر اہتمام چاند باغ سکول و کالج مرید کے میں خصوصی آگاہی سیمینار منعقد ہوا جس میں نوجوان نسل کو منشیات کرپشن جرائم اور دہشت گردی کے تباہ کن اثرات سے آگاہ کرنے پر زور دیا گیا سیمینار کا مرکزی پیغام منشیات جرائم اور کرپشن سے پاک پاکستان تھا پروگرام کے آرگنائزر ڈپٹی کوآرڈینیٹر پنجاب رانا جاوید اقبال تھے جبکہ وائس پرنسپل اختر حسین سیکرٹری جنرل محمد آصف اقبال ڈپٹی ڈائریکٹر کوآرڈینیشن ڈاکٹر زبیر امجد اور مہمان خصوصی لیفٹیننٹ کرنل نسیم عباس نے شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ نوجوان نسل کسی بھی ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتی ہے اس لیے انہیں منشیات جرائم اور دیگر منفی سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا وقت کی اہم ضرورت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنا، رمیرٹ پر تفتیش سے شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ شوکت علی

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنا، رمیرٹ پر تفتیش سے شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ شوکت علی۔ تفصیلات کے مطابق

ایس پی انوسٹی گیشن بہاولنگر شوکت علی نے تھانہ صدر بہاولنگر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے درپیش مسائل اور شکایات ایس پی انوسٹی گیشن کے سامنے پیش کیں۔ ایس پی انوسٹی گیشن شوکت علی نے شہریوں کے مسائل کو تفصیلاً سنا اور موقع پر ہی ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ انہوں نے درخواستوں پر میرٹ اور انصاف کے اصولوں کے مطابق کارروائی کرنے کی سخت ہدایت کی تاکہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایس پی انوسٹی گیشن شوکت علی کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنا اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور میرٹ پر تفتیش بہاولنگر پولیس کی اولین ترجیح ہے، اور عوام کی شکایات کے ازالے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کھلی کچہری میں آئے ہوئے شہریوں نے بہاولنگر پولیس کے اس اقدام کو سراہا اور فوری احکامات جاری کرنے پر ایس پی انوسٹی گیشن شوکت علی کا شکریہ ادا کیا۔

اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت کی زیر صدارت آبیانہ ریکوری، GPC، گرین سٹیفکیٹ اور متعلقہ ریونیو امور کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت کی زیر صدارت آبیانہ ریکوری، GPC، گرین سٹیفکیٹ اور متعلقہ ریونیو امور کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ ریونیو کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں سرکاری واجبات کی وصولی، آبیانہ ریکوری کی مجموعی پیش رفت، زیر التواء واجبات کی صورتحال، ریونیو ریکارڈ کی درستگی اور گرین سٹیفکیٹ سے متعلقہ معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران کو سرکاری اہداف کے حصول، ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور عوام کو ریونیو سے متعلقہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کی گئیں اجلاس کے دوران آبیانہ ریکوری کے حوالے سے جاری اقدامات اور وصولی کے عمل پر تفصیلی غور کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ ریونیو افسران کی توجہ اس امر پر مرکوز کرائی کہ آبیانہ کی وصولی مقررہ اہداف اور سرکاری قواعد و ضوابط (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

پی سی جی اے کی 333ویں ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد

ہارون آباد (رپورٹ۔ ڈاکٹر اللہ رکھا بابر) پی سی جی اے کی 333ویں ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (PCGA) کی ایگزیکٹو کمیٹی (CEC) کا 333واں اجلاس آج پی سی جی اے ہیڈ آفس ملتان میں *چیئرمین پی سی جی اے سہیل محمود ہرل* کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بنیادی طور پر پاکستان میں کپاس کی موجودہ فصل کی صورتحال اور اس کی بحالی کے لیے ضروری اقدامات پر غور کیا گیا۔ شرکاء نے کاٹن سیکٹر کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا اور کپاس کی پیداوار میں اضافے اور ملکی کاٹن انڈسٹری کو مضبوط بنانے کے لیے کاشتکاروں، جنرز، محققین اور حکومتی اداروں کے درمیان مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں کاٹن جننگ انڈسٹری سے متعلق مختلف مسائل بھی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

سمبڑیال میں کم عمر بچی سے زیادتی کا افسوسناک واقعہ؛ ڈی پی او کا نوٹس، 3 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ۔ میاں عامر مٹھو۔ سمبڑیال میں کم عمر بچی سے زیادتی کا افسوسناک واقعہ؛ ڈی پی او کا نوٹس، 3 ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق تھانہ سمبڑیال کے بچی کو یرغمال بنا کر زیادتی کا نشانہ بنایا۔ تھانہ سمبڑیال پولیس نے بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے فوری قانونی کارروائی کا آغاز کیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ

گاؤں بلو چک میں 14 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کا دل خراش واقعہ پیش آیا۔ بچی کے والد نے تھانہ سمبڑیال پولیس کو اطلاع دی کہ وہ اپنی اہلیہ کو علاج کے لیے ہسپتال لے کر گیا تھا اس دوران ان کی غیر موجودگی میں 3 ملزمان گھر میں داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر کیپٹن (ر) دوست محمد نے افسوسناک واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سمبڑیال محمد سجاد باجوہ کو تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے واقعہ میں ملوث ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنانے کا خصوصی ٹاسک دیا۔ ڈی پی او (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

بہاولنگر تجاوزات، ناجائز منافع خوری اور ماحولیاتی آلودگی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری

بہاولنگر (رائے عرفان عابد سے) صدر انصاف پریس کلب بہاولنگر رائے عرفان عابد اور جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ بہاولنگر حاجی شفیق جوئیہ

کی ڈسٹرکٹ آفیسر پیرا فورس راجہ وسیم سے ان کے دفتر میں ملاقات ہوئی، جس میں تجاوزات کے خاتمے، پرائس کنٹرول، ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام اور سرکاری اراضی پر ناجائز قبضے کرنے والے عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر پیرا فورس راجہ وسیم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

ملک مزید سیاسی کشیدگی کا متحمل نہیں، تمام سیاسی جماعتیں مذاکرات کا راستہ اپنائیں: پرویز اختر عباسی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیئر رہنما پرویز اختر عباسی نے کہا ہے کہ ملک مزید سیاسی کشیدگی کا متحمل نہیں، تمام سیاسی جماعتیں مذاکرات کا راستہ اپنائیں: سیاسی استحکام کے لیے محاذ آرائی کے بجائے مفاہمت، آئین کی بالادستی اور پارلیمان کی مضبوطی ناگزیر ہے ماضی میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ جمہوریت کے لیے زہر قاتل ثابت ہوتی ہے دستوری جنگ اور انوکھا پنڈورا بکس کھل جاتا ہے، قومی مفاد کو ذاتی و جماعتی مفادات پر ترجیح دی جائے، ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر اپنے ردِعمل میں کہا ہے کہ پاکستان اس وقت مزید سیاسی محاذ آرائی اور عدم استحکام کا متحمل نہیں ہو سکتا، ایسے حالات میں سیاسی قیادت کو تدبر، تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات اور مفاہمت کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوری نظام کا حصہ ہیں، تاہم اختلافات کو قومی مفادات، آئینی تقاضوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

شہر اور گرد و نواح کے مختلف ہوٹلوں میں مبینہ طور پر ناقص صفائی اور مضر صحت کھانوں کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) شہر اور گرد و نواح کے مختلف ہوٹلوں میں مبینہ طور پر ناقص صفائی اور مضر صحت کھانوں کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری ہے، شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ چیچہ وطنی شہر کے گنجان آباد علاقوں پر قائم ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور مضر صحت کھانوں کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے، متعدد ہوٹل مالکان معیار اور حفظان صحت کے اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے پیسے بٹورنے میں مصروف ہیں، ہوٹل میں کام کرنے والے لکر سے لے کر ویٹرز تک ہر شخص کے ناخنوں میں میل، گندے کپڑے اور حفظان صحت کے اصولوں کے خلاف کام کر رہے ہیں، فوڈ سیفٹی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جا رہی ہے، مبینہ طور پر درس روڈ پر قائم متعدد ہوٹلوں سے نکلنے والا کچرا، چربی اور ویسٹیج مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے بجائے براہِ راست سیوریج (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

منشیات ایک ایسی لعنت ہے جو انسان کو تنہائی اور مایوسی کی گہری دلدل میں دھکیل دیتی ہے، عثمان سلیم سندھو

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) چیئرمین چیچہ وطنی پریس کلب چوہدری عثمان سلیم سندھو نے کہا ہے کہ منشیات ایک ایسی لعنت ہے جو انسان کو تنہائی اور مایوسی کی گہری دلدل میں دھکیل دیتی ہے، یہ نہ صرف جسمانی اور ذہنی صحت کو تباہ کرتی ہے بلکہ سماجی رشتوں، عزت اور زندگی کے مقاصد کو بھی ختم کر دیتی ہے، نشہ انسان کی عقل کھا جاتا ہے، نشہ انسان کو دین اور دنیا سے غافل کر دیتا ہے اور پھر ہلاکت اور تباہی اس کا مقدر بن جاتی ہے، ہمارے ملک میں بدقسمتی سے منشیات کے استعمال کی وباء بڑی تیزی سے پھیل رہی ہے، مردوں کے ساتھ ساتھ یہ مرض خواتین اور نوعمر بچوں میں بھی پائی جانے لگی ہے، منشیات جرم ہے، منشیات لوگوں کی زندگیوں کو جسمانی، ذہنی، اخلاقی اور روحانی طور پر تباہ کرتی ہے، دورِ حاضر کا سب سے بڑا اور عظیم ترین المیہ منشیات ہے جس نے زندگی کو مفلوج کر دیا ہے، نشہ آور لوگ اپنی جان کے دشمن اور اپنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت خالد۔ شاہین فریدی منعقد

گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت خالد۔ شاہین فریدی منعقد۔ اجلاس میں سیکرٹری اطلاعات معین نعمان سے ان کے کزن کے انتقال پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا گیا اور دعا کی اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اجلاس میں صدر گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ خالد شاہین فریدی وائس چیئرمین ڈاکٹر رائے محمد آصف کھرل ایڈووکیٹ سابق وائس چیئرمین محمد اسلم جٹ سینئر نائب صدر قمر شہزاد بلوچ جنرل سیکرٹری مہر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

اوکاڑہ میں کیئرنگ ہینڈز آٹزم اینڈ ویلنیس تھراپی ہب کی سالانہ تقریب کے مناظر

کھدائی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا نوٹس

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ دیپالپور کے مرکزی بازار میں ترقیاتی کاموں کے دوران کھدائی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا نوٹس، ڈی سی نے عوامی تحفظ کے پیش نظر غفلت برتنے پر متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری کر دیے اور گڑھے کے گرد فوری طور پر حفاظتی اقدامات اور بیریکیڈنگ مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے فوری کاروائی کرتے ہوئے غفلت برتنے پر ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔ اس سلسلہ میں رات گئے ٹیموں کی جانب سے گڑھے کے گرد حفاظتی اقدامات مکمل کر لیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا ہے کہ شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں سیفٹی پروٹوکولز کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ بازار میں ترقیاتی منصوبے کی کام کی رفتار کو تیز کر کے جلد مکمل کیا جائے۔

مسلسل دھرنے، جلوس پہیہ جام ہڑتالیں پاکستان کی معاشی ترقی کے سفر میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، شیخ قیصر محمود

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع چنیوٹ کے سینیئر رہنما شیخ قیصر محمود چنیوٹی (المعروف جاپان والے) نے ملک میں دھرنوں اور سیاسی ہنگامہ آرائی کے ملکی معیشت پر پڑنے والے منفی اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلسل دھرنے، جلوس پہیہ جام ہڑتالیں پاکستان کی معاشی ترقی کے سفر میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ غیر ملکی تجربات اور جاپانی کاروباری و معاشی ماڈل کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا کی مہذب اقوام میں احتجاج کا مقصد اصلاح ہوتا ہے نہ کہ اپنے ہی گھر کو معاشی طور پر تباہ کرنا۔ پاکستان پہلے ہی نازک معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے، اور ایسے حالات میں دھرنوں کی سیاست ملک کی رگوں سے خون نچوڑنے کے مترادف ہے۔ جب دارالحکومت یا اہم شاہراہیں بند کی جاتی ہیں تو اس سے روزانہ کی بنیاد پر اربوں روپے کا معاشی نقصان ہوتا ہے، غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد اٹھ جاتا ہے اور دنیا بھر میں پاکستان کا امیج ایک غیر مستحکم ملک کے طور پر ابھرتا ہے۔ شیخ قیصر محمود چنیوٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

اوکاڑہ میں کیئرنگ ہینڈز آٹزم اینڈ ویلنیس تھراپی ہب کی سالانہ تقریب، خصوصی بچوں کی صلاحیتیں اجاگر کرنے پر زور

رینالہ خورد (نامہ نگار) کیئرنگ ہینڈز آٹزم اینڈ ویلنیس تھراپی ہب اوکاڑہ کے زیرِ اہتمام آٹزم اور خصوصی بچوں کے حوالے سے شعور و آگاہی کو فروغ دینے، ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور والدین کی مؤثر رہنمائی کے لیے سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات، ماہرین، متعلقہ شعبوں کے پیشہ ور افراد اور خصوصی بچوں کے والدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر خصوصی بچوں کی بہتر نشوونما، تربیت، بحالی اور معاشرتی قبولیت کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔

خیبر پختونخوا میں بدامنی کا خاتمہ اور امن و استحکام کے نئے دور کا آغاز

حقیقت

مہر محمد ریاض نول

riaznoul@gmail.com

خیبر پختونخوا کا خطہ اور اس کے غیور پشتون عوام گزشتہ تیرہ برسوں سے جس انتظامی و معاشی بحران، بے یقینی اور امن و امان کی ابتر صورتحال سے دوچار رہے ہیں، وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ صوبے میں پاکستان تحریکِ انصاف کی مسلسل حکومت کے دوران بدامنی اپنے عروج پر رہی جبکہ سیاسی بدنظمی اور طرزِ حکومت کی نااہلی نے صوبے کو معاشی طور پر مفلوج کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کو خوف، لاقانونیت اور بدامنی کی دلدل میں دھکیل دیا۔ یہی وجہ ہے کہ صوبے میں رونما ہونے والی حالیہ آئینی و انتظامی تبدیلیاں اور ایمرجنسی کا نفاذ عوام کے لیے ایک نیا سنگِ میل اور حقیقت میں یوم نجات ہے۔ گزشتہ ایک دہائی سے زائد عرصے پر محیط پی ٹی آئی کے اس دور میں سیاسی عدم استحکام اور صوبائی حکمرانی کی غفلت نے انتظامی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچایا۔ ایک طرف مسلسل احتجاجی سیاست اور مرکزی اداروں کے ساتھ محاذ آرائی نے ترقیاتی عمل کو روک رکھا تھا تو دوسری طرف امن و امان کی ابتر صورتحال نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کیا۔ پی ٹی آئی حکومت کی ناقص پالیسیوں اور سنگین غفلت کے باعث امن و امان کے ادارے کمزور ہوئے، جس کا براہِ راست فائدہ بدامنی پھیلانے والے عناصر اور دہشت گردی کے سہولت کاروں نے اٹھایا۔ بھتہ خوری، خوف کی فضا اور صوبائی وسائل کے غلط استعمال کے سبب تاجر برادری اور عام شہری روزمرہ کی زندگی میں شدید ترین مشکلات کا شکار رہے۔ موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر کی جانے والی آئینی و انتظامی پیشرفت دراصل وقت کی اہم ترین پکار تھی۔ صوبے کے عوام کے لیے آج کا دن ایک حقیقی یوم نجات ہے، کیونکہ پی ٹی آئی کے تیرہ سالہ ایک طویل اور تاریک دور کا اب باقاعدہ خاتمہ ہو رہا ہے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں نہ صرف بدامنی کا سدِ باب ہوگا اور دہشت گردی کی نرسریوں کا جڑ سے صفایا ممکن ہو سکے گا، بلکہ قانون کی بالادستی کا نفاذ بھی یقینی بنایا جائے گا۔ وسائل کا درست اور شفاف استعمال صوبے میں کاروباری سرگرمیوں، معاشی بحالی اور روزگار کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگا۔ پشتون قوم نے امن کی بحالی اور ملک کی بقا کے لیے ہر دور میں بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام ناکام کرداروں اور پی ٹی آئی کی انتشار پسند سیاست کا ہمیشہ کے لیے صفایا کیا جائے تاکہ قوم سکھ اور تحفظ کا سانس لے سکے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ان اقدامات کو منطقی انجام تک پہنچائیں تاکہ صوبے کے بنیادی مسائل، جیسے کہ معیاری تعلیم، صحت کا شعبہ، امن اور معاشی خود کفالت کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے؛ کیونکہ اب نہ تحریکِ انتشار رہے گی نا دہشت گردی کی سہولت کاری چلے گی اور نہ ہی کوئی نااہل کردار صوبے کے مستقبل کا سودا کر سکے گا۔ یہ تبدیلیاں ان شاء اللہ خیبر پختونخوا کو پھر سے امن، ترقی اور پائیدار خوشحالی کا گہوارہ بنائیں گی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ ایک ماہ میں مختلف علاقوں سے 138 مجرمان اشتہاریوں اور 61 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاریوں میں 4 اشتہاری کیٹیگری اے کے سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے ۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاری پولیس کو راہزنی، چوری، ضرر و دیگر مقدمات میں مطلوب تھے۔ اس حوالے سے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن تیزی سے جاری ہے ۔ مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنانے کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے مجرمان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر تحصیل دیپالپور اور رینالہ خورد میں غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ اور شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر تحصیل دیپالپور اور رینالہ خورد میں غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ اور شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، کارروائی کے دوران حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 8 دکانداروں کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے جبکہ متعدد دکانوں سے خطرناک سلنڈرز اور ری فلنگ کا سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ اس کے علاوہ پٹرول پمپس کے فائر سیفٹی انتظامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ غیر تسلی بخش حفاظتی انتظامات اور ایمرجنسی پلان نہ ہونے پر متعدد پٹرول پمپس کے مالکان کو وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے اس موقع پر کہا کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے تمام پٹرول پمپس اور گیس ڈیلرز کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر فائر فائٹنگ کے آلات اور ایس او پیز کو یقینی بنائیں، ورنہ مزید (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

سیالکوٹ فروٹ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن، آمدورفت کا راستہ کلیئر کروا دیا گیا

سیالکوٹ۔ میاں عامر مٹھو + ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سیالکوٹ فروٹ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن، آمدورفت کا راستہ کلیئر کروا دیا گیا ہے

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایات پر انچارج پیرا فورس سیالکوٹ ناصر محمود ججہ کی نگرانی میں فروٹ منڈی سیالکوٹ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا، جس کے دوران منڈی کے راستوں میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کو ہٹوا کر آمدورفت کے لئے راستہ کلیئر کروا دیا گیا۔ کارروائی کے دوران سڑک پر فروٹ فروخت کرنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

چیئرمین ہائر ایجوکیشن پنجاب جناب نور الامین کی چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ مس شازیہ بانو سے اہم ملاقات

رینالہ خورد (آصف شہزاد جٹ) تعلیمی ترقی اور معیارِ تعلیم کے فروغ کے لیے اہم ملاقات چیئرمین ہائر

ایجوکیشن پنجاب جناب نور الامین نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ مس شازیہ بانو سے اہم ملاقات کی، جس میں ضلع اوکاڑہ میں معیارِ تعلیم کو مزید بہتر بنانے، تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے اور طلبہ و طالبات کے روشن مستقبل کے لیے مختلف تعلیمی امور پر تعمیری تبادلہ خیال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

تیز آندھی اور موسلا دھار بارش سے مکان کی چھتیں گرنے سے 2 افراد جاں بحق آسمانی بجلی گرنے سے 3 بھینسیں ہلاک

پاکپتن (نامہ نگار) تیز آندھی اور موسلا دھار بارش سے مکان کی چھتیں گرنے سے 2 افراد جاں بحق آسمانی بجلی گرنے سے 3 بھینسیں ہلاک، تفصیلات کے مطابق پہلا واقع نواحی گاؤں 58 ایس پی میں پیش آیا جہاں تیز آندھی اور موسلا دھار بارش سے مکان کی چھت گر گئی، چھت گرنے سے دو افراد جاں بحق ہوگئے، واقع کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 جائے حادثہ پہنچ گئی، اور نعشوں کو ملبے سے نکالا، نعشوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

ایم پی اے سید مدد علی شاہ نے مسلم لیگ (ق) کے عوامی رابطہ دفتر کا افتتاح کر دیا

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ایم پی اے سید مدد علی شاہ نے مسلم لیگ (ق) کے عوامی رابطہ دفتر کا افتتاح کر دیا لالہ موسیٰ: ممبر صوبائی اسمبلی سید مدد علی شاہ کلیوال سیداں نے گلی مسجد انصار، وارڈ نمبر 17 لالہ موسیٰ میں مسلم لیگ (ق) کے عوامی رابطہ دفتر کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر امیدوار برائے جنرل کونسلر محمد عباس خان نے آنے والے تمام معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد عباس خان نے کہا کہ عوامی رابطہ دفتر کھولنے کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت کرنا، علاقے کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشن سیاست کو عوامی خدمت کا ذریعہ بنانا ہے اور ہم علاقے کے لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)



ایم پی اے سید مدد علی شاہ مسلم لیگ (ق) کے عوامی رابطہ دفتر کا افتتاح کرتے ہوئے

WE WILL BE THE VOICE OF EVERY PERSON
ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب جھنگ

جھنگ: ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب کا ماہانہ اجلاس، ایگزیکٹو باڈی کے ممبران کا گروپ فوٹو

علامہ اقبال ٹیچنگ میموریل ہسپتال میں صفائی کے ناقص انتظامات، زچہ بچہ وارڈ کی صورتحال پر سوالات اٹھنے لگے

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) علامہ اقبال ٹیچنگ میموریل ہسپتال میں صفائی کے ناقص انتظامات، زچہ بچہ وارڈ کی صورتحال پر سوالات اٹھنے لگے، مریض پریشان تفصیلات کے مطابق علامہ اقبال ٹیچنگ میموریل ہسپتال میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، بالخصوص زچہ بچہ وارڈ میں صفائی کی صورتحال توجہ طلب ہے، ہسپتال کے مختلف حصوں میں گندگی، واش رومز میں صفائی کی خراب صورتحال اور شدید بدبو کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ زچہ بچہ وارڈ، جہاں خواتین اور نومولود بچوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے، وہاں صفائی کے ناقص انتظامات پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مریضوں کی صحت سے وابستہ اس اہم وارڈ میں صفائی کے مؤثر انتظامات کیوں نہیں کیے جا رہے؟ متعلقہ حکام اس صورتحال کا نوٹس کب لیں گے، عوامی حلقوں نے ہسپتال انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

تھانہ صدر سیالکوٹ پولیس کی کاروائی بیوی کو مبینہ تشدد سے قتل کرنے کے مقدمے میں نامزد ملزم شوہر گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) تھانہ پولیس نے گھریلو رنجش پر اہلیہ کو مبینہ تشدد کر کے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم شوہر لیاقت کو گرفتار کر لیا گاؤں بٹر کے رہائشی محمد خان نے درخواست میں الزام عائد کیا کہ 21 ستمبر 2026 کو ملزم لیاقت نے گھریلو رنجش کی بنا پر اپنی اہلیہ گلشن بی بی کو تشدد کا نشانہ بنایا جس کے بعد اسے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران اعلاج دم توڑ گئی واقعے کا مقدمہ نمبر 1662/2026 بجرم 302 تعزیرات پاکستان تھانہ صدر سیالکوٹ میں درج ہوا ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

جوڑوں میں خون کے بہاؤ کی ابتدائی علامات کو بروقت پہچاننا انتہائی ضروری ہے، راحیلہ اشرف

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے کہا ہے کہ جوڑوں میں خون کے بہاؤ کی ابتدائی علامات کو بروقت پہچاننا انتہائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

الکرم فرینڈز پاکستان کی مرکزی کابینہ کی تقریبِ حلف برداری آستانہ عالیہ بھیرہ شریف میں منعقد

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) پاکستان کی سب سے متحد اور منظم تنظیم الکرم فرینڈز پاکستان کی مرکزی کابینہ کی پروقار تقریبِ حلف برداری آستانہ عالیہ امیر السالکین بھیرہ شریف میں نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی، جس کی صدارت ولی عہد آستانہ عالیہ بھیرہ شریف حضرت صاحبزادہ پیر محمد نعیم الدین شاہ صاحب نے فرمائی، جبکہ نو منتخب مرکزی کابینہ سے حلف عکسِ جمالِ کرم، ابوالحسن (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

دیپالپور کے مرکزی بازار میں ترقیاتی کاموں کے دوران کھدائی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا نوٹس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) دیپالپور کے مرکزی بازار میں ترقیاتی کاموں کے دوران کھدائی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا نوٹس، ڈی سی نے عوامی تحفظ کے پیش نظر غفلت برتنے پر متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری کر دیے اور گڑھے کے گرد فوری طور پر حفاظتی اقدامات اور بیریکیڈنگ مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے فوری کاروائی کرتے ہوئے غفلت برتنے پر ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔ اس سلسلہ میں رات گئے ٹیموں کی جانب سے گڑھے کے گرد حفاظتی اقدامات مکمل کر لیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

مدرسے کے طالب علم زعیم والد مجاہد علی کو اسکے دو ساتھی طالب علم نے مل کر اغواء کے بعد قتل کر دیا

عارف والہ (کرائم رپورٹر) مدرسے کا طالب علم اغوا اور قتل، مدرسے کے طالب علم زعیم والد مجاہد علی کو اسکے دو ساتھی طالب علم نے مل کر اغواء کے بعد قتل کیا، دونوں ملزمان کی عمریں 15 سے 17 ہیں، ملزمان نے بچے کو ڈیٹا کیبل سے گلہ دبا کر قتل کر دیا، اور لاش کو بوری میں بند کر دیا، ملزم عبداللہ کا والد ذوالفقار واپڈا ملازم ہے اور وہ گریڈ اسٹیشن میں رہائش پذیر ہے، قتل کے بعد بچے کی لاش کو گریڈ اسٹیشن میں ملزم عبداللہ کے گھر کی چھت پر چھپا دیا گیا، ورثاء ؑ کا کہنا ہے کہ ہم نے پولیس کو بچے کے گم ہونے کی اطلاع بروقت کر دی تھی اور اپنے شک کا بھی اظہار کر دیا تھا پہلے 24 گھنٹوں کی اس مجرمانہ غفلت کی وجہ سے بچہ جان سے گیا، عارف والہ تھانے سٹی پولیس کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے ہمارے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

گاڑیوں کی فٹنس اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے گرین سٹیفکیٹ کے اجرا کا نظام ایک مثبت اقدام

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) گاڑیوں کی فٹنس اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے گرین سٹیفکیٹ کے اجرا کا نظام ایک مثبت اقدام ہے، تاہم وزیر آباد میں فٹنس سٹیفکیٹ کے حصول کے لیے مناسب سینٹر کی عدم دستیابی کے باعث گاڑی مالکان کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ 1000 سی سی سے 2000 سی سی تک کی گاڑیوں سمیت متعلقہ گاڑیوں کی فٹنس جانچ اور سٹیفکیٹ کے اجرا کے لیے وزیر آباد میں فوری طور پر باقاعدہ فٹنس سینٹر قائم کیا جائے۔ گاڑی مالکان کا کہنا ہے کہ گاڑیوں کی فٹنس کے لیے مؤثر نظام متعارف کروانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جس سے نہ صرف ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے بلکہ سڑکوں پر محفوظ سفر کو بھی یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ تاہم اس نظام پر عمل درآمد کے ساتھ شہریوں کو سہولیات کی فراہمی بھی ضروری ہے تاکہ سٹیفکیٹ کے حصول کے لیے انہیں دوسرے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ شہریوں نے اس امر پر بھی زور دیا ہے کہ گاڑیوں کی فٹنس کے معیار کا تعین کرتے وقت سڑکوں کی خستہ حالی اور ان کی مرمت و دیکھ بھال کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ متعلقہ حکام گاڑیوں کی مقررہ مدت، فٹنس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

گورنر راج نامنظور، ایمرجنسی نامنظور، خیبر پختونخوا کے آئینی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ریحانہ امتیاز ڈار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ گورنر راج نامنظور، ایمرجنسی نامنظور، خیبر پختونخوا کے آئینی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ خیبر پختونخوا کے غیور عوام نے دہشت گردی، بدامنی اور بے شمار مشکلات کے باوجود ہمیشہ ملک کے امن، استحکام اور جمہوریت کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ ان قربانیوں کے باوجود صوبے کے عوامی مینڈیٹ، بنیادی حقوق اور آئینی خودمختاری کو نظرانداز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

حبیب آباد سبھوال میں عشقِ مصطفی ﷺ سے سرشار عظیم الشان کانفرنس، پنجاب بھر سے علمائے کرام کی شرکت پیر سید بلال حسین شاہ مرتضائی کی قیادت میں اتباعِ رسول ﷺ کانفرنس، محبتِ رسول ﷺ اور اتحادِ امت کا پیغام

حبیب آباد (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق سبھوال میں حضرت پیر سید علی اصغر شاہ مرتضائیؒ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر عظیم الشان اتباعِ رسول ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں ہزاروں عاشقانِ رسول ﷺ نے بھرپور عقیدت و احترام کے ساتھ شرکت کی۔ کانفرنس کی قیادت پیر سید بلال حسین شاہ مرتضائی نے کی، جبکہ کانفرنس میں خصوصی خطاب حضرت علامہ مولانا پیر مفتی خلیل احمد مرتضائی نے کیا جبکہ پنجاب بھر سے تشریف لانے والے علمائے کرام نے اپنے خطابات میں محبتِ مصطفی ﷺ، اتباعِ سنتِ نبوی ﷺ اور اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی اہمیت کو اجاگر کیا مقررین نے محبتِ رسول ﷺ، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

تیز رفتار موٹر سائیکل ٹرالی سے ٹکرا گیا موٹر سائیکل سوار جاں بحق

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل ٹرالی سے ٹکرا گیا موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا حادثہ ستگھرہ اڈا کے قریب پیش آیا تفصیلات کے مطابق نواحی علاقے ستگھرہ اڈا کے قریب ایک نجی پٹرول پمپ کے سامنے تیز رفتار موٹر سائیکل ٹرالی سے ٹکرا گیا جسکے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شہباز ولد خان محمد سکنہ 14 جی ڈی رضا آباد جاں بحق ہو گیا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی ہدایات پر جڑانوالہ روڈ سے جی سی ویمن یونیورسٹی تک روڈ کی مرمت و بحالی کا کام تیزی سے جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی ہدایات پر جڑانوالہ روڈ سے جی سی ویمن یونیورسٹی تک روڈ کی مرمت و بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے جسے دی گئی ڈیڈ لائن 22، اکتوبر تک مکمل کر لیا جائے گا۔ کمشنر فیصل آباد نے بتایا کہ شہر کے اہم روڈ کی معیاری مرمت و بحالی کی جا رہی ہے جس سے شہریوں کو آمدورفت کی بہترین سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ روڈ کی مرمت و بحالی کے باعث شہریوں کو درپیش پریشانی کا شدید احساس ہے اسی مقصد کے لئے ہائی ویز کو تیز رفتاری سے تعمیراتی کام مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دھول مٹی کی روک تھام کے لئے پانی کا مسلسل چھڑکاؤ بھی کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جڑانوالہ روڈ پر میٹرو بس ہراجیکٹ کی تعمیر کے باعث متبادل راستوں کو ہموار بنانا ترجیح ہے اور جی سی یونیورسٹی سے سوساں روڈ کی پہلے ہی مرمت و بحالی کی جا چکی ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

جھنگ: ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب کا ماہانہ اجلاس، ایگزیکٹو باڈی کے ممبران کی خصوصی شرکت

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب جھنگ کا ماہانہ اجلاس صدر مہر محمد فاضل کانواں کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب کی ایگزیکٹو باڈی کے ممبران میں مہر محمد ریاض نول، حاجی امیر حسین ساجد، حافظ عبد المجید طاہر، محمد شہزاد انصاری، محمد عمیر، عرفان حیدر عابدی، محمد حسین دراج، رانا مدثر نصیر، شاہد علی وینس، شاہد عباس ملک، علی حسن ملک نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب کے تنظیمی امور، صحافیوں کے باہمی اتحاد، صحافتی ذمہ داریوں اور ادارے کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، آزادی؟ صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

این اے 125 میں نوجوانوں سے کیا گیا وعدہ پورا، 2 سپورٹس کمپلیکس تیار، سپر سی ایم کپ کا 25 اکتوبر کو رائیونڈ میں شاندار افتتاح ہوگا

چوہنگ (ڈاکٹر ندیم آصف چودھری) پارلیمانی سیکرٹری برائے یوتھ افیئرز ایم پی اے ملک انس محمود ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ہمارا مقصد کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنا، نوجوانوں کو ایکٹیویٹی دینا اور انہیں ایک نئی ہوپ دینا ہے۔ اسی مقصد کے تحت ملک افضل کھوکھر ایم این اے کی لیڈرشپ میں حلقہ این اے 125 میں کھیلوں کے منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے۔ ملک انس محمود ایڈووکیٹ نے بسم اللہ کرکٹ کلب کے افتتاحی میچ میں بطور مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ ان کے ہمراہ کوآرڈینیٹر ایم این اے، ایم پی اے ملک یاسر کھوکھر، میاں وسیم اور چوہدری بابر گجر بھی شریک ہوئے۔ ملک انس محمود ایڈووکیٹ نے کہا کہ 2024 میں نوجوانوں سے کیا گیا وعدہ الحمدللہ پورا کر دیا گیا ہے۔ حلقے میں تین سٹیٹ آف دی آرٹ سپورٹس کمپلیکس بنائے جا رہے ہیں جن میں سے دو مکمل ہو چکے ہیں۔ مراکہ سپورٹس کمپلیکس اور رائیونڈ سپورٹس کمپلیکس مکمل طور پر تیار ہیں جبکہ تیسرے پر کام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

بچیاں کسی بھی معاشرے کا روشن مستقبل ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بچیاں کسی بھی معاشرے کا روشن مستقبل ہیں ان کی تعلیم و تربیت پر توجہ دینا دراصل ایک باشعور تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھنا ہے بچیوں کی تعلیم صرف انفرادی ترقی کا ذریعہ نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کی خوشحالی کا راستہ ہے والدین کو چاہیے کہ وہ بچیوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کریں اور انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اعتماد کے ساتھ آگے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

کھلاڑیوں کا بسم اللہ کرکٹ کلب کے افتتاحی میچ میں ملک انس محمود ایڈووکیٹ کے ساتھ گروپ فوٹو

حبیب آباد سبھوال میں عشقِ مصطفی ﷺ سے سرشار عظیم الشان کانفرنس، پنجاب بھر سے علمائے کرام کی شرکت پیر سید بلال حسین شاہ مرتضائی کی قیادت میں اتباعِ رسول ﷺ کانفرنس کے مناظر

میاں محمد نواز شریف کو سازش کے تحت نکال کر ملکی ترقی و خوشحالی کو رول بیک کیا گیا، محمد عبداللہ بٹ

پاکپتن (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) پاکپتن لیبر ونگ ساہیوال ڈویژن کے کوآرڈینیٹر محمد عبداللہ بٹ نے کہا ہے کہ میاں محمد نواز شریف کو سازش کے تحت نکال کر ملکی ترقی وخوشحالی کو رول بیک کیا گیا ایک نااہل شخص کو ملک وقوم پر مسلط کر کے نہ صرف ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کیا گیا بلکہ غریب عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا گیا لوگ آج بھی میاں محمد نواز شریف کی وزارت عظمیٰ کا دور یاد کرتے ہیں میاں محمد نواز شریف پاکستان کی ترقی معیشت کی مضبوطی اور عوامی خوشحالی کے ضامن ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے 12 اکتوبر یوم سیاہ پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام میاں محمد نواز شریف سے دلی محبت کرتی ہے یہ قدرت کا انصاف ہے کہ قائد مسلم لیگ (ن) کے خلاف سازشوں کے مرتکب تمام کردار وقت نے بے نقاب کر دیئے، جنرل فیض حمید کے چہیتے تحریک انصاف، تحریک لبیک، تحریک طالبان باضابطہ طور پر تحریک فساد بن چکے ہیں، ان فتنوں نے ملک کے پاکستان کے بڑے شہروں کو اپنی فسادی سیاست کا مرکز بنایا ہوا ہے، ہر وقت ملک کو انارکی کی جانب دھکیل دینے والی منفی سیاست کرتے ہیں۔

زلزلے میں اپنوں کو کھونے والے کشمیری آج بھی اس قیامت خیز سانحے کو نہیں بھولے، چوہدری آصف شفیق آرائیں

کامونکے (تحصیل رپورٹر) شہر کامونکے کی ہر دلعزیز شخصیت چوہدری آصف شفیق آرائیں نے کہا ہے کہ زلزلے میں اپنوں کو کھونے والے کشمیری آج بھی اس قیامت خیز سانحے کو نہیں بھولے۔ زلزلے کی قیامت خیز گھڑی میں پاک فوج کے جوانوں نے متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر ریسکیو اور بحالی کے لیے دن رات کام کیا۔ آزاد کشمیر کے شہریوں کا کہنا ہے کہ خونی رشتوں کو آنکھوں کے سامنے تڑپتے دیکھنے والوں کے لیے پاک فوج کے جوان امید کی کرن بنے، پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے کے لیے دن رات کام کیا۔ 8 اکتوبر 2005 کو پاک فوج نے جو کردار ادا کیا، اسے بھلایا نہیں جا سکتا، اس نے ثابت کیا کہ کشمیر واقعی پاکستان کی شہ رگ ہے۔ ہلاکت خیز زلزلے میں 80 ہزار کے لگ بھگ افراد جاں بحق ہوئے، ہزاروں خاندان بے گھر ہوئے جبکہ متعدد آبادیاں ملبے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

شورکوٹ: گورنر راج کے نفاذ پر مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام ریلی، پاک فوج کے حق میں نعرے

شورکوٹ (نامہ نگار) علمائے مشائخ ونگ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر مولانا محمد آصف معاویہ سیال کی قیادت میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے یوم نجات اور اظہار تشکر کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی، جس میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی تحصیل چوک میں اختتام پذیر ہوئی اس سے قبل دفتر میں کیک کاٹا گیا، جبکہ ریلی کے دوران مٹھائی تقسیم کی گئی اور پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے گئے ریلی کی قیادت مولانا محمد آصف معاویہ سیال، قاری محمد عمران اور حذیفہ خان سیال نے کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا محمد آصف معاویہ سیال نے کہا کہ ان کے مطابق خیبر پختونخوا میں سابقہ انتظامی صورتِ حال کے باعث نظام متاثر ہو رہا تھا، حکومت کی جانب سے بار بار سمجھانے کے باوجود معاملات درست نہ ہو سکے انہوں نے گورنر راج کے نفاذ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج ملک کے استحکام اور سلامتی کی ضامن ہے انہوں نے اعلان کیا کہ رات کو تحصیل چوک میں آتش بازی اور چراغاں بھی کیا جائے گا۔

رینالہ پریس کونسل رجسٹرڈ کی نشاندہی پر ستھرا پنجاب کا فلیتھ ڈپو واٹر فلٹریشن پلانٹ اور نہر لوئر باری دوآب کے قریب سے شہر کے باہر منتقل کر دیا گیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) رینالہ پریس کونسل رجسٹرڈ کی نشاندہی پر ستھرا پنجاب کا فلیتھ ڈپو واٹر فلٹریشن پلانٹ اور نہر لوئر باری دوآب کے قریب سے شہر کے باہر منتقل کر دیا گیا ہے رینالہ پریس کونسل کے وفد نے کمشنر ساہیوال کی کھلی کچہری میں انسانی صحت سے متعلق اہم۔ مسئلے کی نشاندہی کی تھی تفصیلات کے مطابق ستھرا پنجاب کے قیام کے بعد شہر بھر سے تعفن زدہ کوڑا کرکٹ جمع کر کے خلاف قانون نہر لوئر باری دوآب کے سنگم اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کے ساتھ فلیتھ ڈپو پر اکٹھا کیا جا رہا تھا جسکے باعث آس پاس کی آبادیوں کے رہائشی عوام میں بیماریاں پھیلنے کے خطرات منڈلا رہے تھے اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کا صاف پانی بھی آلودہ ہونے کے شدید خطرات لاحق ہو چکے تھے انسانی صحت سے وابستہ اس اہم مسئلے کو رینالہ پریس کونسل رجسٹرڈ رینالہ خورد کے وفد نے صدر علیم اللہ چودھری کی قیادت میں گذشتہ ماہ رینالہ خورد میں کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی منعقدہ کھلی کچہری میں نشاندہی کی تھی جس پر کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کے احکامات پر فلیتھ ڈپو کو شہری ابادی اور واٹر فلٹریشن پلانٹ سے دور منتقل کر دیا گیا ہے جس پر اہل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

بہاولنگر: ڈی ایس پی منور حسین گجر کی دبنگ شخصیت، بہترین کارکردگی اور انصاف پسند طرزِ عمل کے چرچے

MUNAWAR
DSP

بہاولنگر سے (رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب) بہاولنگر: ڈی ایس پی منور حسین گجر کی دبنگ شخصیت، بہترین کارکردگی اور انصاف پسند طرزِ عمل کے چرچے بہاولنگر: ڈی ایس پی صدر سرکل بہاولنگر منور حسین گجر نے اپنی تعیناتی کے مختصر عرصے میں جرائم پر قابو پانے، پولیسنگ کو مؤثر بنانے اور عوام میں قانون کی عمل داری کا احساس اجاگر کرنے کے حوالے سے اپنی الگ پہچان بنائی ہے۔ دبنگ ببر شیر کے نام سے پہچانے جانے والے منور حسین گجر ایک ایسے فرض شناس، نڈر اور میرٹ پسند پولیس افسر ہیں جن کی شخصیت میں جرات، اصول پسندی اور انصاف پسندی نمایاں ہیں۔

شورکوٹ میں پہلی بار عالمی ہفتہ خلاء کی تقریب، چناب کالج کے طلبہ کے سائنسی ماڈلز توجہ کا مرکز بن گئے

شورکوٹ (نامہ نگار) شورکوٹ میں پہلی بار خلائی تحقیق اور سائنسی تعلیم کے فروغ کے لیے عالمی ہفت؟ خلاء ؑ کے سلسلے میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع راکٹ انقلاب تھا تقریب میں چناب کالج شورکوٹ کے طلبہ نے خلائی سائنس سے متعلق تحقیقی ماڈلز اور معلوماتی پریزنٹیشنز پیش کر کے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا تقریب کا انعقاد عالمی ہفت؟ خلاء ؑ، پاکستان کے قومی خلائی ادارے سپارکو اور خلائی تعلیم و آگاہی مہم کے اشتراک سے کیا گیا اس کا مقصد نوجوانوں میں سائنس، فلکیات اور خلائی تحقیق سے دلچسپی پیدا کرنا اور جدید سائنسی علوم کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا طلبہ نے راکٹ ٹیکنالوجی کے ارتقا اور انسانی خلائی پروازوں میں اس کی اہمیت کو اجاگر کیا اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور طلبہ کے تیار کردہ سائنسی ماڈلز اور منصوبوں کا معائنہ کیا انہوں نے طلبہ کی تحقیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی تعلیمی سرگرمیاں نوجوانوں میں سائنسی تجسس، تنقیدی سوچ اور تحقیق کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں تقریب کو شورکوٹ میں سائنسی تعلیم اور خلائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 46)

موسمِ سرما کی پہلی موسلا دھار بارش نے شہر میں جل تھل ایک کر دیا، جبکہ متعدد نشیبی علاقوں میں بارشی پانی جمع

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) موسمِ سرما کی پہلی موسلا دھار بارش نے شہر میں جل تھل ایک کر دیا، جبکہ متعدد نشیبی علاقوں میں بارشی پانی جمع ہونے سے شہریوں اور تاجروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مین بازار وزیر آباد میں بیوٹیفکیشن منصوبے کے تحت تعمیر کیے گئے نالے موتی بازار چوک سمیت متعدد مقامات پر مناسب لیول نہ ہونے کے باعث پانی کی نکاسی متاثر ہوئی اور بارشی پانی جمع ہو گیا۔ دوسری جانب پرانی غلہ منڈی میں قائم ستھرا ریڑھی بازار بھی بارشی پانی میں ڈوب کر تالاب کا منظر پیش کرنے لگا۔ متاثرہ دکانداروں کا کہنا ہے کہ ستھرا ریڑھی بازار کے قیام کو ایک سال سے زائد عرصہ گزر چکا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 45)

محکمہ زراعت توسیع ساہیوال کے زیر اہتمام کاشتکاروں کے لیے گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے حوالے سے ایک تربیتی پروگرام منعقد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) محکمہ زراعت توسیع ساہیوال کے زیر اہتمام کاشتکاروں کے لیے گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے حوالے سے ایک تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا، جس کی صدارت ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع، پنجاب چوہدری شہباز اختر نے کی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید بھی موجود تھے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اسلم نے کاشتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے موجودہ اور آئندہ فصلوں کے حوالے سے اہم زرعی معلومات فراہم کیں انہوں نے خریف کی فصلوں بالخصوص کپاس bدھان اور مکئی کی برداشت کے امور پر روشنی ڈالی جبکہ آئندہ فصلوں آلو سرسوں، کنولا اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے سول ویٹرنری ہسپتال سیالکوٹ میں جدید آپریشن تھیٹر کا افتتاح کر دیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے سول ویٹرنری ہسپتال سیالکوٹ میں جدید آپریشن تھیٹر کا افتتاح کر دیا۔ نئے آپریشن تھیٹر کے قیام سے جانوروں کے جراحی علاج میں درپیش مشکلات پر قابو پانے اور مویشی پال حضرات کو معیاری ویٹرنری سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ جدید آپریشن تھیٹر کو جانوروں کے مختلف آپریشنز کے لیے ضروری مشینوں اور جدید طبی آلات سے آراستہ کیا گیا ہے، جس سے ویٹرنری ماہرین کو جراحی کے عمل میں سہولت حاصل ہوگی اور جانوروں کے علاج معالجے کی استعداد میں اضافہ ہوگا۔ واضح رہے کہ سول ویٹرنری ہسپتال سیالکوٹ میں آپریشن تھیٹر کی عدم دستیابی کے باعث جانوروں کی جراحی کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اس اہم ضرورت کو پورا کرنے کے لیے جدید آپریشن تھیٹر کا قیام ایک نمایاں پیش رفت ہے، جس سے جانوروں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے اور مویشی پال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 47)

INAUGURATION
OPERATION THEATRE
CIVIL VETERINARY HOSPITAL, SIALKOT
SYED ASHIQ HUSSAIN KIRMANI
MINISTER FOR LIVESTOCK & AGRICULTURE
FAISAL IKRAM
MPA-PP-46
Date: 10th October, 2026

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایات پر روشنی میں اے سی سمبڑیال کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ طبی سہولیات کا جائزہ

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) اسسٹنٹ کمشنر عدنان بشیر وڑائچ نے ٹی ایچ کیو ہسپتال سمبڑیال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات انتظامی امور اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا گیا اور بعض انتظامی وسہولتی خامیوں کی نشاندہی کی گئی اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ نشاندہی کردہ خامیوں کو فوری طور پر دور کیا جائے مریضوں کی بہتر نگہداشت یقینی بنائی جائے اور طبی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اسسٹنٹ کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 55)

الیکشن کلرکس تحصیل بار ایسوسی ایشن کامونکے 2027 میں سردار گروپ کی انتخابی مہم میں تیزی آگئی

کامونکے (تحصیل رپورٹر) الیکشن کلرکس تحصیل بار ایسوسی ایشن کامونکے 2027 میں سردار گروپ کی انتخابی مہم میں تیزی آگئی، سردار گروپ کے امیدواران اور قائدین نے کلرکس برادری سے اپنے قیمتی ووٹ کی طاقت سے گروپ کو کامیاب بنانے کی اپیل کر دی۔ سردار گروپ کے امیدوار برائے صدر ماجد بھٹی، جنرل سیکرٹری ملک شمشاد، سینئر نائب صدر وقار بھلر، نائب صدر جہانزیب مغل، چیئرمین وقار یوسف بھٹی، فنانس سیکرٹری سیٹھ محمد رمضان، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری واصف علی گجر، گروپ لیڈر سفیان طور، بانی سردار گروپ ارسلان ڈوگر اور دیگر نے ایک بہت بڑے پاور شو میں کلرکس برادری کے ہجوم کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کلرکس برادری اب فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 53)

حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، ظہر محمود اجی خاں

پاکپتن (نامہ نگار) چیمبر آف کامرس کے ایگزیکٹو ممبر سابق کونسلر معروف کاروباری شخصیت اظہر محمود اجی خاں نے کہا ہے کہ ملک احتجاج متحمل نہیں ہے، حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کریں اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں کے پی کے میں گورنر راج کا فیصلہ پسندیدہ نہیں مگر کے پی کے حکومت گورنر راج کی خود ذمہ دار ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے نہ صرف پالیسیوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 54)

تھانہ صدر ڈسکہ پولیس کی بڑی کاروائی، مندرانوالہ فائرنگ کیس کا مرکزی نامعلوم ملزم 24 گھنٹوں میں گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تھانہ صدر ڈسکہ پولیس کی بڑی کاروائی، مندرانوالہ فائرنگ کیس کا مرکزی نامعلوم ملزم 24 گھنٹوں میں گرفتار، اسلحہ ناجائز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 48)

شہر میں نئے قائم ہونے والے اداروں، خصوصاً محکمہ واسا اور ستھرا پنجاب ایجنسی کے بلوں نے شہریوں کو شدید ذہنی پریشانی میں مبتلا کر دیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) شہر میں نئے قائم ہونے والے اداروں، خصوصاً محکمہ واسا اور ستھرا پنجاب ایجنسی کے بلوں نے شہریوں کو شدید ذہنی پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف مہنگائی نے پہلے ہی عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، دوسری جانب بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلوں کے تعین میں شفافیت کے بجائے عوام پر مزید مالی بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق واسا کے ٹیرف A، B اور C کے حوالے سے واضح آگاہی فراہم نہیں کی جا رہی، جس کے باعث عوام اپنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 49)

سیالکوٹ فروٹ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن آمدورفت کا راستہ کلیئر کروا دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق کی ہدایت پر انچارج پیرا فورس سیالکوٹ ناصر محمود ججہ کی نگرانی میں فروٹ منڈی سیالکوٹ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا جس کے دوران منڈی کے راستوں میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کو ہٹوا کر آمدورفت کے لئے راستہ کلیئر کروا دیا گیا کاروائی کے دوران سڑک پر فروٹ فروخت کرنے والے دکانداروں کو اپنا سامان پیچھے منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی جبکہ دکانوں کے باہر رکھا گیا اضافی سامان بھی ہٹوا دیا گیا جو راستے کی تنگی اور آمدورفت میں رکاوٹ کا باعث بن رہا تھا آپریشن کا مقصد فروٹ منڈی میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا شہریوں اور خریداروں کی آمدورفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ اور منڈی کے راستوں کو تجاوزات سے پاک بنانا ہے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایات کے مطابق شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور عوام کو بہتر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 51)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ، جھنگ انجمن تاجران اتحاد گروپ کے زیر اہتمام یوم نجات منایا گیا، کیک کاٹا گیا، واک کا اہتمام

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) خیبر پختونخوا میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ پر جھنگ میں انجمن تاجران اتحاد گروپ کی جانب سے یوم نجات منایا گیا اس موقع پر کیک کاٹا گیا جبکہ تاجر برادری کی جانب سے یکجہتی واک کا بھی اہتمام کیا گیا تقریب میں انجمن تاجران اتحاد گروپ کے ضلعی صدر حاجی ذوالقرنین حیدر جگر، چیئرمین حاجی اشتیاق احمد، وائس پریزیڈنٹ محسن خان لودھی، جنرل سیکرٹری مہر خلیل احمد، میڈیا کوآرڈینیٹر خرم رئیس، معروف کاروباری شخصیت سمیت انجمن تاجران کے عہدیداران، کارکنان اور میڈیا کے سینئر ممبران نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کو ملکی سلامتی اور امن و امان کے قیام کے لیے ایک احسن اور بروقت اقدام قرار دیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں امن، استحکام اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 52)


SAY NO TO CORRUPTION
WATER AND SANITATION AGENCY GUJRANWALA

واسا گجرات، گوجرانوالہ اور وزیر آباد کے بل

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، سیوریج کا گندا پانی گھروں کے باہر جمع ہونے والے رہائشی شدید مشکلات کا شکار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، سیوریج کا گندا پانی گھروں کے باہر جمع ہونے والے رہائشی شدید مشکلات کا شکار۔ تفصیلات کے مطابق ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی میں سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے صفائی ستھرائی سمیت دیگر ترقیاتی کام نہ ہونے سے رہائشی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہیں جبکہ نالوں کی صفائی نہ ہونے سے آئے روز سیوریج سسٹم بند ہونے سے گندا پانی گھروں کے آگے جمع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے رہائشی نمازیوں، بچوں اور خواتین کو آمدورفت میں شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ سوسائٹی میں صفائی ستھرائی، سیوریج اور بجلی کے دیگر مسائل جوں کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 50)

11 اکتوبر یوم نجات
پاکستان زندہ باد

جھنگ انجمن تاجران اتحاد گروپ کے زیر اہتمام یوم نجات منایا گیا، کیک کاٹا گیا، واک کی جا رہی ہے

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.......(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ

وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے سمری پر دستخط کر دیے ہیں۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں سلامتی کی صورتحال کے حوالے سے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئینِ پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 کے تحت دستخط کیے۔ حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا صدارتی فرمان فوری طور پر نافذ العمل ہو گیا۔ صدارتی اعلان میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات اور امن و امان کی سنگین صورتحال کے پیش نظر ایمرجنسی عوام کی جان و مال کو سنگین خطرات لاحق ہیں، سرکاری تنصیبات، بنیادی ڈھانچے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر دہشت گرد حملوں میں اضافہ ہوا ہے، صوبائی حکومت دہشت گردی اور لاقانونیت کے مؤثر تدارک کے لیے مطلوبہ عزم اور اقدامات کا مظاہرہ کرنے میں ناکام رہی۔ صدارتی اعلان میں کہا گیا کہ صوبائی حکومت موجودہ حالات میں آئین کے مطابق نہیں چلائی جاسکتی، وفاقی حکومت گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض امور اپنے اختیار میں لینے کی ہدایت دے سکے گی، گورنر خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کی جانب سے تفویض کردہ صوبائی حکومتی امور انجام دے سکیں گے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ صوبائی اسمبلی کے علاوہ صوبے کے دیگر اداروں اور حکام کے تمام یا بعض اختیارات وفاقی حکومت کی ہدایت پر گورنر استعمال کر سکیں گے، خیبر پختونخوا اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اس کے اختیار کے تحت استعمال کیے جائیں گے۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ، صوبائی وزراء، مشیران، معاونینِ خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل اپنے عہدے فوری طور پر چھوڑ دیں گے، صدارتی اعلان فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ قبل ازیں خیبر پختونخوا کی صورتحال کے حوالے سے وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر دفاع خواجہ آصف، رانا ثناء اللہ، سالک حسین اور عطاء تارڑ سمیت دیگر ارکان شریک ہوئے۔ وفاقی کابینہ کو خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال اور دہشتگردی کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر بریفنگ دی گئی، کابینہ نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور دہشتگردی کے خلاف جنگ سے صوبائی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیش نظر حالات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کابینہ نے وزیراعظم کو تجویز دی کہ وہ صدر مملکت کو مشورہ دیں کہ حالات کی سنگینی کے پیش نظر صدر مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ خیبر پختونخوا میں آئین پاکستان کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کا نفاذ کریں، اس ضمن میں وزیر اعظم ہاؤس سے ایڈوائس ایوان صدر بھجوا دی گئی جس پر صدر مملکت نے دستخط کر دیے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے سے قبل پختونخوا حکومت کو مولانا فضل الرحمان کے ذریعے ایک آخری موقع بھی دیا تاہم مذاکرات یہ آخری کوشش ناکام ہو گئی۔ قبل ازیں اجلاس میں تجویز دی گئی تھی کہ خیبر پختونخوا کے حوالے سے کسی بھی حتمی فیصلے سے پہلے مولانا فضل الرحمن کے ذریعے آخری کوشش کی جائے، اجلاس کے دوران ہی نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مولانا فضل الرحمٰن سے رابطہ کر کے مشاورت کی۔ وفاقی کابینہ نے خیبر پختونوخوا میں دہشتگردی کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا، کابینہ ارکان نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے دہشتگردی کے خاتمے کی بجائے دہشتگردی کے خلاف جنگ سے دانستہ لاتعلقی تشویشناک ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم ہاؤس کے باہر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، جبکہ شاہراہِ دستور پر پولیس کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے۔ سیکیورٹی انتظامات کے لیے بکتر بند گاڑیاں بھی پہنچا دی گئی ہیں۔

میرے سپنے کہیں ٹوٹ نہ جائیں

لاٹھی چارج
زوار
غلام عباس
0300-6454370

یا اللہ خیر.....رات کے بارہ بج چکے.....اس وقت کون ہو سکتا ہے میں نے خود سے سوال کیا۔ دروازہ کھولیے.....میں ہوں۔ ''میں'' کون؟ آدھی رات ہے۔ اپنا نام بتائیے۔ دروازہ کیسے کھول دوں میں نے زور دے کر پوچھا۔ میں ہوں...آپ کے خیالوں کی رانی...آپ کے شعروں کی جولانی..... میری آنکھیں ہیں مستانی.....میں وہی تو ہوں جسے ملنے کے لیے آپ ترستے ہیں۔ اس نے دروازے پر تیز تیز ہاتھ مارتے ہوئے کہا۔ زہے نصیب.....چند آفتاب چند ماہتاب آپ کی آمد.....خواب تو نہیں۔ آپ اپنے پرستار کے غریب خانہ پر.....میرے سپنے کہیں ٹوٹ نہ جائیں۔ میں نے دروازہ کھولتے ہوئے کہا۔ میرے بدن کو چھو کر دیکھ لو...یہ خواب نہیں اس نے موٹی موٹی آنکھوں کو کار کے اسٹیرنگ کی طرح گھماتے ہوئے جواب دیا۔ لمحہ بھر رکیے۔ میں دیسی گھی کے دیپ جلائے دیتا ہوں۔ میں نے اس کی ہرنی کی مانند خوبصورت نشیلی آنکھوں میں ڈوبتے ہوئے کہا۔ کیسے ہو؟ اس نے پوچھا۔ زندہ ہوں.....ہجر و فراق میں خود کفیل بنانے پر، بہت بہت شکریہ۔ کیسے آنا ہوا؟ سہیلیوں کے ساتھ ٹور (Tour) پر آنے کا اتفاق ہوا۔ تو آپ سے ملنے آ گئی۔ اس نے کندھے اچک کر جواب دیا۔ جان پہچان مدت سے تھی۔ ہمارا بچپن...لڑکپن ایک ساتھ بڑا خوشگوار گزرا۔ اچانک اس کے ابو کی ٹرانسفر ہو گئی..... ملاقات کا سلسلہ رک گیا۔ کچھ سال پہلے کسی کام سے چترال جا رہا تھا کہ راستہ میں ایک پہاڑی کے موڑ پر اس کے ابو کار کا ٹائر تبدیل کرتے نظر آئے۔ میرا رک جانا فطری امر تھا۔ میں نے سلام کیا تو اس کے ابو نے مجھے فوراً پہچان کر گلے لگا لیا۔ اس کے ابو بہت اچھے تھے۔ سیر سپاٹے پر بہت خوش رہتے تھے۔ اس نے بھی شرماتے ہوئے مجھ کو سلام کہا۔ رات ہونے والی تھی۔ سورج اپنی کرنیں سمیٹ رہا تھا۔ بوندا باندی شروع تھی۔ گاڑی اسٹارٹ کرتے ہی اس کے ابو نے کہا مزید سفر جاری رکھنا خطرے سے خالی نہیں میں نے کہا انکل ساتھ والے گاؤں چلتے ہیں۔ گاؤں کے لوگ بڑے مہمان نواز تھے ہمیں ایک سکول کے ہال میں ٹھہرایا گیا۔ اس کے ابو بستر پر دراز ہوتے ہی گھوڑے بیچ کر سو گئے۔ ہمیں نیند کیسے آتی۔ ہم سونے کے موڈ میں بھی نہیں تھے۔ میں نے چپکے سے اس کا بایاں ہاتھ پکڑ لیا جس پر مہندی کا رنگ پھیکا پڑ چکا تھا۔ ابو جاگ جائیں گے اس نے اپنے دائیں ہاتھ کے نوکیلے ناخن میرے دائیں ہاتھ کی پشت پر گاڑھ کر اپنا ہاتھ آزاد کروا لیا۔ اس کے ابو نے بلند آواز سے خراٹے لینے شروع کیے تو میں نے پھر اس کا بایاں ہاتھ پکڑ لیا۔ کیا چاہتے ہو اس نے دھیمے لہجے میں پوچھا۔ میں نے اس کے ہاتھ کو سہلاتے ہوئے کہا کچھ بھی نہیں.....قسمت دیکھ رہا ہوں۔ میں اس وقت پامسٹری کی کتابیں پڑھا کرتا تھا اور تھوڑا بہت لکیروں کے علم سے آشنا تھا۔ اس کا ہاتھ تھامے اپنی قسمت پہ نازاں.....اسے اوٹ پٹانگ قصے کہانیاں سناتا رہا۔ میں نے سردی محسوس کی تو اس سے اس کے لحاف میں گھسنے کی اجازت مانگی۔ وہ جھٹ بولی.....جی نہیں۔ ساری رات کرسی پر بیٹھے ہی گزر گئی۔ پو پھوٹنے سے پہلے چارپائی پر سیدھا لیٹ گیا اور اس کے ابو کو آواز دے کر اٹھایا۔ صبح ہوتے ہی ہم نے اپنی اپنی راہ لی۔ چند برسوں بعد جب وہ میرے گھر آئی تو مجھے ماضی کا ایک ایک لمحہ یاد آنے لگا..... میں تجھے ہر پل یاد کرتا ہوں.....غم، خوشی یا کوئی بھی تہوار ہو تم میری آنکھوں میں رہتی ہو۔ میں تمہارے لیے نفل بھی ادا کرتا ہوں میں نے اسے سلوٹ کرتے ہوئے کہا۔ آپ کی بیگم کہاں ہے؟ ساتھ والے کمرے میں سو رہی ہے۔ کزن کی شادی والے دن کی طرح آج ناراض نہ ہو جانا۔ میں شعر و شاعری آپ کی خاطر کرتا ہوں..صرف آپ کی خاطر۔ آپ نے کھانا کھا لیا ہے۔ وہ بات ٹال گئی۔ تجھے بھول جانا میرے بس میں نہیں.....جس طرح دل کی دھڑکنوں پر انسان کا کنٹرول نہیں ہوتا ایسے ہی یادوں پر پہرے نہیں بٹھائے جاسکتے.....تیری پیاری سی باتیں.....دل میں اتر جانے والی ادائیں.....ریشم زلفوں کو پریشان کر کے مٹک مٹک کے چلنا.....دلربا ناز نخرے میرے زیست کا اثاثہ ہیں میں نے اس کی آنکھوں میں پھیلے ہوئے کاجل کو دیکھتے ہوئے کہا۔ آدھی رات کو تمہیں اکیلے آتے ہوئے ڈر محسوس نہیں ہوا میں نے اس کی سونے کی نتھلی کو تکتے ہوئے کہا۔ آپ کے گھر میں اپنے گارڈ رحمت کے ساتھ آئی ہوں۔ اس نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ اگر اجازت ہو تو میں تمہارے بال اپنے ہاتھوں سے سنواروں، سرمہ ڈالوں..... تجھے باہر کے پرفیوم میں نہلا دوں.....تجھے عقیق، زمرد، نیلم اور پکھراج کی انگوٹھیاں پہناؤں.....فریج میں فروٹ چاٹ پڑی ہوگی۔ منہ میں ڈال دوں.....گلابی ہونٹوں پر آتشی رنگ کی لپ سٹک لگا دوں.....کاسنی رنگ کے کپڑوں میں تو آپ بہت جچتی ہیں.....آدھ کھلی کلی کی طرح..... میں نے جھوم جھوم کر کہا.....نہیں.....نہیں.....جی نہیں وہ انگڑائی لے کر بولی..... مجھے آپ کوئی کہانی سنائیں پلیز۔ کہانی..... کہانی..... ایک تھا بادشاہ، ہمارا تمہارا اللہ بادشاہ..... میں کسی بادشاہ کی کہانی سننا نہیں چاہتی۔ خدا جانے یادوں کے کس موڑ پر زندگی کی شام ہو جائے.....ایک سلگتی ہوئی خواہش ہے اگر آپ اسے عملی جامہ پہنا دیں تو آپ کی کمال مہربانی ہوگی۔ میں نے اس کی چھن چھن کرتی ہوئی پائل دیکھتے ہوئے کہا۔ کہو.....کیا چاہتے ہو۔ ''آٹو گراف'' میرے پاس بال پوائنٹ، پنسل نہیں۔ اس نے کہا۔ میں نے مار کر یا بال پوائنٹ پنسل سے آٹو گراف نہیں لینا۔ میں نے جواب دیا۔ اچھا کاپی لاؤ میں ہونٹوں کی مہر ثبت کر دیتی ہوں وہ بولی۔ جی نہیں.....پلیز آپ دستانے پہن کر یہ لوہے کی سلائی پکڑ لیں اور تیزاب والی بوتل میں ڈال کر میرے سینے پر اپنا نام اردو میں لکھ کر انگریزی میں دستخط کر دیں میں نے تیزاب والی بوتل کا ڈھکن کھولتے ہوئے کہا۔ وہ تیزاب کا نام سنتے ہی چونک گئی.....اسے اپنی سہیلی عروسہ کا واقعہ یاد آ گیا.....عروسہ کے نام نہاد عاشق جبرو نے..... عروسہ کا رشتہ نہ ملنے پر اس کے چہرہ پر تیزاب پھینک دیا تھا۔ آپ بڑے جذباتی ہیں۔ وہ رونے لگی۔ پیار جذبات ہی کا دوسرا نام ہے۔ میں نے اپنی قمیض کے بٹن کھولتے کہا۔ تم بڑے.....انتہا پسند ہو.....میں آپ سے کٹی کرتی ہوں۔ وہ دونوں کانوں پر ہاتھ رکھ کر چلانے لگی۔ دیکھو.....اگر تو نے مجھ سے کٹی کی تو.....میں زندگی سے روٹھ جاؤں گا.....زندگی سے کٹی کر کے موت سے دوستی کر لوں گا۔ کس سے دوستی اور کس سے کٹی ہو رہی ہے.....آٹو گراف کس سے لیا جا رہا ہے.....عقل کو ہاتھ مارو رات کے اڑھائی بج رہے ہیں اور.....تم ابھی تک جاگ رہے ہو۔ بانو شہزادی نے مجھے جھنجھوڑ کر کہا۔ میں نے ٹک ٹک کرتی ہوئی گھڑی کی جانب دیکھا تو واقعی دو بج کر تیس منٹ ہو چکے تھے۔

غربت کی چکی میں پستی عوام

سماویہ اعظم

روٹی کی جستجو میں گزرتی ہے زندگی
انسان اپنے خواب سے آگے نہیں بڑھا
(سماویہ اعظم)

ترقیاتی منصوبے اپنی جگہ اہم ہیں لیکن ملک تب ترقی کرتا ہے جب غریب عوام خوش حال ہوتی ہے۔ غربت انسان کے خوابوں اور خواہشوں کو دیمک کی طرح کھا جاتی ہے۔ ایک غریب آدمی کے کندھے پر صرف روزگار کی تلاش کا بوجھ نہیں ہوتا، گھر کے اخراجات، بچوں کی فیس، بیمار ماں کی دوا، بجلی کا بل اور راشن کی فکر اسے شب بھر سونے نہیں دیتی۔ وہ سارا دن محنت مزدوری کرتا ہے، پسینا بہاتا ہے مگر شام کو جب گھر واپس آتا ہے تو جیب میں موجود رقم دیکھ کر پریشان ہو جاتا ہے اور پھر غربت ایک معاشی مسئلے سے بڑھ کر انسانی المیہ بن جاتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں غریب ہونا کسی جرم سے کم نہیں۔ جس شخص کے پاس پیسا نہیں اس کو ذرا بھی اہمیت نہیں دی جاتی۔ اس کے لباس سے اس کی حیثیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ ہم لوگوں نے کامیابی کو دولت کے ساتھ اس قدر جوڑ دیا ہے کہ محنت کرنے والا غریب آدمی بھی خود کو ناکام سمجھنے لگتا ہے حالاں کہ حقیقت یہ ہے کہ بہت سے لوگ اپنی پوری زندگی محنت کرتے ہیں مگر ان کی آمدنی اتنی نہیں ہوتی کہ وہ بنیادی ضروریات بھی آسانی سے پوری کرسکیں۔ عام گھرانوں کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ آمدنی محدود اور مہنگائی مسلسل بڑھ رہی ہے۔

بیدل حیدری نے کیا خوب کہا ہے:

بھوک چہروں پہ لیے چاند سے پیارے بچے
بیچتے پھرتے ہیں گلیوں میں غبارے بچے

غربت کا سب سے زیادہ اثر بچوں پر پڑتا ہے۔ کم عمر بچے ورکشاپ، ہوٹلوں میں کام کرتے ہیں کیوں کہ وہ حالات کے ستائے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں کتاب کے بجائے گھر کی ذمہ داریوں کا بوجھ ہوتا ہے۔

تعلیم غربت سے نکلنے کا سب سے مضبوط راستہ ہے مگر افسوس کہ غریب کے لیے یہی راستہ سب سے کٹھن ہوتا ہے۔ تعلیمی اخراجات، کتابوں اور یونی فارم کے اخراجات، آمدورفت کے مسائل اور گھر کے معاشی حالات ان بچوں کو تعلیم سے دور کر دیتے ہیں۔ ایک باپ جس کی روزانہ کی آمدنی گھر کے کھانے کے لیے بھی ناکافی ہو وہ اپنے بچے کی فیس، کتابیں اور دیگر اخراجات کہاں سے پورے کرے؟ ہم ان لوگوں کے لیے کچھ نہیں کرتے البتہ یہ مشورہ ضرور دیتے ہیں کہ محنت کرو، آگے بڑھو اور حالات بدلو۔ بلاشبہ محنت ضروری ہے لیکن یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ کیا ہر محنت کرنے والے کے لیے آگے بڑھنے کے دروازے کھلے ہیں؟ ایک مزدور صبح سے شام تک اینٹیں اٹھاتا ہے، ایک رکشہ ڈرائیور سارا دن سڑکوں پر دھکے کھاتا ہے، ایک گھریلو ملازمہ کئی گھروں میں کام کرتی ہے۔ یہ سب لوگ انتھک محنت کرتے ہیں۔ اگر صرف محنت ہی کامیابی کی ضمانت ہوتی تو شاید غربت کبھی باقی نہ رہتی۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں مزدور کی اجرت محدود ہے ایک طرف روزگار کے مواقع کم ہیں اور دوسری طرف مہنگائی کے مسائل نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ جب آمدنی اور اخراجات میں توازن ختم ہو جائے تو انسان قرض کا سہارا لیتا ہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہی قرض ایک اور بوجھ بن جاتا ہے۔ کئی لوگ اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے ادھار لیتے ہیں اور پھر مہینوں اس ادھار کو اتارنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ اس صورت حال میں حکومت کی ذمہ داری سب سے زیادہ ہے۔ غربت ختم کرنے کے لیے صرف وقتی امداد کافی نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں اور مزدور کو اس کی محنت کے مطابق اجرت ملے۔ تعلیم اور صحت کو عام آدمی کی پہنچ سے باہر نہیں ہونا چاہیے۔ جب ایک غریب خاندان اپنے بچے کو اسکول بھیجنے اور بیمار فرد کا علاج کرانے کے لیے اپنی ضروریات قربان کرنے پر مجبور ہو تو یہ صرف اس خاندان کی ناکامی نہیں نظام کی کمزوری بھی ہے۔ کسی ضرورت مند کو راشن دینے کے ساتھ اسے ہنر سکھانے، روزگار دلانے یا کاروبار شروع کرنے میں مدد کی جائے تو اس کی زندگی کا رخ بدل سکتا ہے۔ غربت کے خاتمے کی بات کرتے ہوئے ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ غریب صرف مدد کا مستحق نہیں، عزت کا بھی مستحق ہے۔ وہ شخص جو سڑک صاف کرتا ہے، ہمارے گھروں میں کام کرتا ہے ہماری اجتماعی زندگی کا اہم حصہ ہے۔ اس کی محنت کے بغیر ہمارا معاشرہ ادھورا ہے لہٰذا سب کا احترام کریں۔ غربت کو اعداد و شمار کے طور پر نہ دیکھیں۔ غربت کے پیچھے کئی خواب ہوتے ہیں مگر انہیں پورا کرنے کے وسائل نہیں ہوتے۔ اگر ہم ترقی یافتہ معاشرہ بننا چاہتے ہیں تو ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دینا ہوگا۔ غربت کی چکی میں پسنے والے لوگ کسی رعایت کے طلب گار نہیں۔ وہ صرف ایسا نظام چاہتے ہیں جہاں محنت کا صلہ ملے تعلیم کا دروازہ سب کے لیے کھلا ہو اور دو وقت کی روٹی کسی انسان کے لیے آزمائش نہ بنے۔ غربت انسان کو ایسے راستوں پر دھکیل دیتی ہے جن کا انتخاب وہ اپنی مرضی سے نہیں کرتا۔ ہمارے معاشرے میں بعض خواتین معاشی مجبوری، بے روزگاری اور گھریلو حالات کے باعث طوائف بننے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ اگر ایک عورت اپنے بچوں کا پیٹ پالنے، گھر کا خرچ چلانے یا قرض اتارنے کے لیے اپنی عزت اور خواہشات قربان کرنے پر مجبور ہو جائے تو یہ صرف اس کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ناکامی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ خواتین کے لیے باعزت روزگار، تعلیم اور ہنر کے مواقع پیدا کیے جائیں تاکہ کوئی عورت غربت کے ہاتھوں اپنی مرضی کے خلاف ایسا راستہ اختیار کرنے پر مجبور نہ ہو۔

بقول احمد سلمان:

خدا کے نام پہ دیتے نہ تھے سو تنگ آ کر
قمیض پھاڑ لی تھوڑی سی اک بھکارن نے

انقلاب کا نیا سویرا

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ایک ایسا دور بھی گزرا ہے جب انسان معمولی بخار کو بھی موت کا پیغام سمجھتا تھا۔ ایک معمولی انفیکشن پوری بستی کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا تھا، وبائیں شہر کے شہر اجاڑ دیتیں اور لاعلاج بیماری انسان کو بے بسی کی ایسی تصویر بنا دیتی جس کے سامنے علم، دولت اور طاقت سب بے معنی دکھائی دیتے۔

تب انسان نے یہ سوال اٹھایا کہ کیا بے بسی کی موت مرنا مقدر ہے اور بیماری کو تقدیر سمجھ کر مرنے کا انتظار کرنا درست ہے یا بیماری کا علاج بھی ممکن ہے۔ اسی سوچ کے ساتھ اس نے تحقیق کی، تجربے کیے اور قدرت کے سربستہ رازوں کو سمجھنے کی کوشش شروع کی۔ یہی جستجو طب کی ترقی کا باعث بنی۔ ویکسین دریافت ہوئیں، اینٹی بایوٹکس وجود میں آئیں، پیچیدہ آپریشن ممکن ہوئے اور تشخیص کے ایسے ذرائع سامنے آئے جنھوں نے انسانی زندگی کو پہلے سے کہیں زیادہ محفوظ بنا دیا۔

لیکن انسانی سفر ابھی ختم نہیں ہوا۔ سائنس آج ایک ایسے مقام پر کھڑی ہے جہاں مصنوعی ذہانت، جینیاتی تحقیق، بگ ڈیٹا اور جدید کمپیوٹنگ مل کر طب کی دنیا میں ایک نئے انقلاب کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ یہ انقلاب صرف نئی مشینوں یا جدید آلات کا نام نہیں بلکہ بیماری کو سمجھنے، اس کی پیش گوئی کرنے اور علاج کے طریقہ کار کو از سر نو متعین کرنے کا عمل ہے۔

عالمی اداروں کی تحقیقی رپورٹس کے مطابق مصنوعی ذہانت مختلف شعبوں میں بیماریوں کی قبل از وقت تشخیص اور اس کے حل پر کام کر رہی ہے۔ اگر اس کے نتائج مثبت ثابت ہوتے ہیں تو یہ تحقیق مستقبل میں بیماریوں کی پیچیدگیوں کو سمجھنے، ان سے بچاؤ اور علاج کے طریقوں کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

انسانی جسم بظاہر ایک مکمل اکائی ہے، مگر حقیقت میں یہ اربوں خلیوں، پیچیدہ کیمیائی تعاملات اور جینیاتی معلومات کا ایک حیرت انگیز نظام ہے۔ بیماری اچانک وجود میں نہیں آتی؛ اکثر اس کے آثار جسم کے اندر اس وقت سے پیدا ہونا شروع ہو جاتے ہیں جب انسان بظاہر بالکل صحت مند دکھائی دے رہا ہوتا ہے۔ ماضی میں ان خاموش تبدیلیوں کو بروقت سمجھنا انتہائی مشکل تھا۔ آج مصنوعی ذہانت بڑے پیمانے پر موجود طبی اور جینیاتی معلومات کا تجزیہ کرکے ان معمولی تبدیلیوں میں ایسے پیٹرن تلاش کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے جو انسانی آنکھ یا روایتی طریقہ تشخیص سے آسانی سے نظر نہیں آتے۔

یہاں سے طب کے ایک نئے تصور کا آغاز ہوتا ہے کہ بیماری کا علاج اس کے ظاہر ہونے کے بعد نہیں بلکہ اس کے نمودار ہونے سے پہلے ممکن ہے۔

ذرا تصور کیجیے کہ کسی شخص میں کسی خطرناک بیماری کے آثار موجود ہیں مگر اسے اس کا علم نہیں۔ مصنوعی ذہانت اس کے طبی ریکارڈ، ٹیسٹ رپورٹس، جینیاتی معلومات اور دیگر متعلقہ ڈیٹا کا تجزیہ کرکے ڈاکٹر کو یہ اشارہ دے سکتی ہے کہ مریض مستقبل میں کسی مخصوص بیماری کے زیادہ خطرے سے دوچار ہو سکتا ہے۔ ایسی صورت میں احتیاط، طرزِ زندگی میں تبدیلی اور بروقت طبی مداخلت کسی بڑے سانحے کو ٹال سکتی ہے۔ دل کے امراض، کینسر اور شوگر جیسے امراض کی قبل از وقت تشخیص نے اس کی اہمیت کو بہت بڑھا دیا ہے۔

ادویات کی تیاری کے میدان میں بھی یہ ٹیکنالوجی ایک نئے دور کی نوید بن رہی ہے۔ نئی دوا کی دریافت ایک طویل، مہنگا اور خطرناک عمل رہا ہے۔ برسوں کی تحقیق، تجربات اور بھاری اخراجات کے بعد بھی یہ ممکن ہے کہ دوا انسانی جسم پر مطلوبہ اثر نہ کرے۔ مصنوعی ذہانت اس عمل کو تیز اور نسبتاً مؤثر بنانے میں مدد دے سکتی ہے۔ مختلف مالیکیولز، خلیوں اور ممکنہ کیمیائی تعاملات کا کمپیوٹر کے ذریعے ابتدائی تجزیہ کرکے ایسی ادویات کو پہلے ہی خارج کیا جاسکتا ہے جن کے ناکام ہونے کا امکان زیادہ ہو۔

یہ نہ صرف وقت اور سرمایہ بچانے کا ذریعہ ہے بلکہ مستقبل کی طب کو ایک اور اہم سمت بھی دے رہا ہے، جسے Personalized Medicine کہا جاتا ہے۔ یعنی ہر مریض کے لیے اس کی جسمانی اور جینیاتی ساخت کے مطابق علاج ممکن ہے۔ آنے والے وقت میں ڈاکٹر صرف یہ نہ دیکھے کہ مریض کو کون سی بیماری ہے، بلکہ یہ بھی دیکھے کہ اس مخصوص مریض کا جسم کسی دوا کے ساتھ کس طرح کا ردعمل ظاہر کرے گا۔ یوں علاج زیادہ مؤثر اور غیر ضروری مضر اثرات نسبتاً کم ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ ہر دوائی ایک ہی بیماری کے لیے تمام مریضوں پر یکساں اثر نہیں کرتی۔ اس کی وجہ انسانوں میں انفرادی جینیاتی اختلاف ہے۔

تاہم اس بات کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلّم ہے کہ سائنس کی ہر نئی منزل اپنے ساتھ کچھ سوالات بھی لاتی ہے۔ مصنوعی ذہانت کے طبی استعمال کا سب سے اہم سوال مریض کے ڈیٹا کی رازداری ہے۔ کسی شخص کی جینیاتی معلومات محض ایک طبی رپورٹ نہیں بلکہ اس کی حیاتیاتی شناخت کا حصہ ہے۔ اگر ایسی معلومات غلط ہاتھوں میں چلی جائیں تو ملازمت، انشورنس، صحت اور نجی زندگی کے حوالے سے سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے مصنوعی ذہانت کے ساتھ مضبوط قوانین، ڈیٹا پروٹیکشن اور اخلاقی ضوابط ناگزیر ہیں۔

ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ مصنوعی ذہانت ہمیشہ درست نہیں ہوتی۔ اگر اسے ناقص یا نامکمل ڈیٹا فراہم کیا جائے تو نتائج غلط بھی ہو سکتے ہیں۔ مشین جذبات، انسانی تجربے اور مریض کے انفرادی حالات کو اس طرح نہیں سمجھ سکتی جیسے ایک ماہر ڈاکٹر سمجھ سکتا ہے۔ اس لیے ہمیں مصنوعی ذہانت کو ڈاکٹر کا متبادل بنانے کے بجائے ڈاکٹر کا ذہین معاون سمجھنا ہوگا۔

اصل امتحان یہ بھی ہے کہ اس انقلاب کے ثمرات کس کو ملتے ہیں؟ اگر جدید ترین تشخیص اور علاج صرف امیر ممالک یا صاحبِ ثروت افراد کی دسترس میں رہے تو یہ سائنسی ترقی انسانیت کے درمیان موجود خلیج کو مزید وسیع کر سکتی ہے۔ صحت کسی مخصوص طبقے کا استحقاق نہیں بلکہ بنیادی انسانی ضرورت ہے۔ عالمی اداروں اور ترقی یافتہ ممالک کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ترقی پذیر دنیا بھی اس علمی اور طبی انقلاب سے محروم نہ رہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاملہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں کینسر، ہیپاٹائٹس، ٹی بی، ڈینگی، دل کے امراض، ذیابیطس اور دیگر بیماریوں کا بوجھ پہلے ہی بہت زیادہ ہے۔ دوسری طرف ہمارے پاس نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد، آئی ٹی کے شعبے میں بڑھتی ہوئی صلاحیت اور طبی میدان میں باصلاحیت افراد موجود ہیں۔ اگر ان قوتوں کو ایک مشترکہ قومی حکمت عملی کے تحت یکجا کر دیا جائے تو پاکستان محض اس ٹیکنالوجی کا صارف نہیں بلکہ اس کا تخلیق کار بھی بن سکتا ہے۔ ہمیں میڈیکل یونیورسٹیوں، انجینئرنگ اداروں، آئی ٹی ماہرین اور فارماسیوٹیکل صنعت کے درمیان تعاون بڑھانا ہوگا۔ مقامی طبی ڈیٹا کے محفوظ ذخیرے قائم کرنے، نوجوانوں کو بائیو انفارمیٹکس اور ڈیٹا سائنس کی تعلیم دینے اور مصنوعی ذہانت پر مبنی مقامی طبی حل تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت کو تحقیق کے لیے فنڈز بڑھانے کے ساتھ ساتھ نجی شعبے اور جامعات کے درمیان اشتراک کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ ہماری سب سے بڑی غلطی یہ ہوگی کہ ہم اس انقلاب کو بھی صرف سیمیناروں، تقریروں اور افتتاحی تختیوں تک محدود کر دیں۔ دنیا آگے بڑھ رہی ہے؛ اب محض یہ کہنا کافی نہیں کہ ہمارے نوجوان بہت باصلاحیت ہیں۔ انہیں مواقع، وسائل، جدید لیبارٹریاں اور تحقیق کا ماحول بھی دینا ہوگا۔

اور شاید سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمیں سائنس اور انسانیت کے درمیان توازن قائم رکھنا ہوگا۔ مصنوعی ذہانت رفتار دے سکتی ہے، معلومات فراہم کر سکتی ہے اور پیچیدہ حسابات چند لمحوں میں حل کر سکتی ہے، مگر مریض کے آنسو پونچھنے کے لیے پھر بھی انسان ہی درکار ہوگا۔ ٹیکنالوجی علاج کو بہتر بنا سکتی ہے، مگر شفا کے سفر میں ہمدردی، اعتماد اور انسانی لمس کی اہمیت کبھی ختم نہیں ہوگی۔ آنے والا زمانہ شاید ایسا ہو جہاں بیماری کی تشخیص اس وقت ہو جائے جب اس کی علامات ظاہر بھی نہ ہوئی ہوں، جہاں دوا کی تیاری میں برسوں کے بجائے کہیں کم وقت لگے اور جہاں علاج ہر انسان کی مخصوص جسمانی ضرورت کے مطابق ترتیب دیا جائے۔ یہ صرف طبی سائنس کی کامیابی نہیں ہوگی بلکہ انسانی عقل و شعور کی ایک عظیم فتح ہوگی۔ انقلاب کا نیا سویرا طلوع ہو رہا ہے۔ سوال صرف یہ ہے کہ ہم اس سویرا کے استقبال کے لیے تیار ہیں یا نہیں؟ اگر ہم نے تعلیم، تحقیق، صحت اور ٹیکنالوجی کو قومی ترجیحات میں حقیقی مقام دے دیا تو مصنوعی ذہانت ہمارے لیے محض ایک جدید اصطلاح نہیں رہے گی بلکہ لاکھوں زندگیوں کو بہتر بنانے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

پاک فوج متعدد شعبوں میں کویتی افواج کی معاونت کرے گی

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان-کویت "پروٹوکول معاہدہ"2026 نے پا?ستان میں وسیع پیمانے پر جوش وخروش، فخر اور دعاؤں کے جذبات بیدار کیے ہیں، جو مسلح افواج پر عوام کے مضبوط اعتماد کا عکاس ہے۔ یہ معاہدہ پاکستان اور کویت کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط کرتا ہے، جبکہ پاکستان آرمی کی مدد حاصل کرنے کا کویت کا فیصلہ فوج کی پیشہ ورانہ ساکھ اور جنگی صلاحیتوں کا اعتراف ہے اور ایک قابل اعتماد بین الاقوامی سیکیورٹی پارٹنر کے طور پر پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ کویت کی جانب سے اپنی فوج کو جدید بنانے کے عمل کے تحت یہ تعاون تربیت، صلاحیتوں میں اضافے، بارڈر مینجمنٹ اور دیگر باہمی اتفاق شدہ شعبوں کا احاطہ کرے گا۔ تربیت میں انفنٹری کے طریقہ کار، آرٹلری، آرمرڈ وارفیئر، ایوی ایشن، اسپیشل آپریشنز، انٹیلی جنس، نگرانی اور دیکھ بھال (استخبارات) شامل ہوں گے، جبکہ صلاحیتوں کی ساخت لاجسٹکس، خریداری، دیکھ بھال، مرمت اور کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کو بہتر بنائے گی۔ پاکستان سرحد پر تسلسل اور اسمگلنگ کو روکنے اور کویت کی علاقائی سالمیت کی حفاظت کے لیے نگرانی، گشت کے طریقوں اور انٹیلی جنس شیئرنگ سمیت سرحدی سیکیورٹی کا تجربہ بھی شیئر کرے گا۔ سیکیورٹی ضروریات کے بدلنے کے ساتھ ساتھ اس شراکت داری میں مزید شعبوں کو شامل کیا جا سکتا ہے، جس سے دفاع، استحکام، قدرتی آفات میں امداد، اندرونی بحرانوں کے حل، امن قائم رکھنے اور امن وسیکیورٹی کے عزم میں پاکستان آرمی کے شاندار ریکارڈ سے قومی فخر کو مزید تقویت ملتی ہے۔

یہ معاہدہ اعلیٰ سطحی سیاسی وعسکری روابط، تعاون، باہمی احترام اور اہم دوروں کے سلسلے کے ذریعے طے پایا۔ کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ کی قیادت میں ایک وفد نے، جس میں چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد دراج سعد الشریان بھی شامل تھے، پاکستان کی وزارت دفاع کا دورہ کیا اور جی ایچ کیو جانے سے قبل وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں نے سیاسی اور عسکری اتفاق رائے قائم کیا، تعاون کے اسٹریٹجک مقاصد کو واضح کیا، اس شراکت داری کو دونوں حکومتوں کی خارجہ پالیسی کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کیا اور کویتی وفد کو پاکستان آرمی کی قیادت سے براہ راست رابطہ قائم کرنے اور اس کی تنظ ?م، تربیتی طریقوں، آپریشنل صلاحیتوں، سہولیات، ساز وسامان اور تیاریوں سے آگاہی حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ کویتی وفد کی چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ ملاقات نے معاہدے کو حتمی شکل دینے اور نافذ کرنے کے لیے اسٹریٹجک سمت اور اعلیٰ سطحی توثیق فراہم کی۔ دونوں عسکری رہنماؤں نے علاقائی سیکیورٹی، مشترکہ خطرات اور باہمی چیلنجز سے نمٹنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کویت کے لیے اعلیٰ معیار کی مخصوص تربیتی اور صلاحیت ساز امداد کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ کویتی عسکری قیادت نے پاکستان کی مہمان نوازی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور ایک دیرپا، باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری کی خواہش پر زور دیا، جس میں دونوں فریقین نے دوطرفہ دفاعی روابط کو مضبوط بنانے اور علاقائی امن و استحکام کو مزید فروغ دینے کا عزم ظاہر کیا۔

طرفین کے درمیان ہونے والی ملاقاتیں ان کے مشترکہ نقطہ نظر اور دوطرفہ تعلقات کو نئی اور بے مثال بلندیوں تک لے جانے کے ان کے اجتماعی عزم کی ایک مضبوط اور واضح توثیق پر منتج ہوئیں۔ دونوں فریقین نے دو برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا، ایک ایسا عزم جو دوستی اور باہمی معاونت کی ایک طویل تاریخ پر مبنی ہے جو ہمیشہ سے پاکستان اور کویت کے تعلقات کی علامت رہی ہے۔ یہ توثیق صرف ایک سفارتی رسم نہیں تھی بلکہ ان گہرے اور دائمی رشتوں کا دلی اظہار تھی جو دونوں اقوام کو ایک ساتھ جوڑتے ہیں، ایسے رشتے جن کی بنیاد مشترکہ ایمان، یکساں ثقافتی اقدار اور علاقائی امن واستحکام کے باہمی مفاد پر قائم ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو ایک اسٹریٹجک اور باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری میں بدلنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا، ایک ایسی تبدیلی جواب اچھی طرح سے جاری ہے اور جسے پروٹوکول معاہدے کی شقوں کے ذریعے عملی شکل دی جا رہی ہے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کو ایک طویل المدتی اور پائیدار تعلق کے طور پر دیکھا گیا ہے جو معاہدے کی مخصوص شقوں سے بالاتر ہو کر مشترکہ فوجی مشقوں، فوجی اہلکاروں کے باہمی تبادلے اور علاقائی سیکیورٹی کے امور پر قریبی ہم آہنگی سمیت تعاون کی وسیع سرگرمیوں کا احاطہ کرے گا۔ بین الاقوامی تعلقات کے تناظر میں لفظ "اسٹریٹجک" کا استعمال انتہائی معنی خیز ہے، کیونکہ یہ ایک ایسی شراکت داری کی نشاندہی کرتا ہے جو محض لین دین پر مبنی نہیں ہے بلکہ وسیع تر جیوپولیٹیکل منظرنامے کی مشترکہ تفہیم اور امن وسلامتی کو فروغ دینے کے لیے ایک جیسے عزم پر مبنی ہے۔ اس حقیقت کا اتنا ہی اہم ہونا کہ اس شراکت داری کو "باہمی طور پر فائدہ مند" قرار دیا گیا ہے، اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دونوں ممالک کو اپنے اس تعاون سے ٹھوس اور پائیدار فوائد حاصل ہوں گے، خواہ وہ بڑھتی ہوئی عسکری صلاحیتوں کی شکل میں ہوں، زیادہ اسٹریٹجک اثر ورسوخ کی صورت میں ہوں یا پھر مضبوط معاشی وسفارتی تعلقات کی صورت میں۔ یہ متوازن اور مساوی طرزِ عمل ایک پائیدار اور مضبوط شراکت داری کی بنیاد ہے جو وقت کی آزمائش اور بدلتے ہوئے جیو پولیٹیکل حالات کے اثرات کا مقابلہ کرسکتی ہے۔

پاکستانی قوم کے لیے یہ انتہائی خوش آئند خبر ہے جو اپنی فوج کو اتنا مضبوط دیکھ کر مسرور ہے کہ وہ اب دوسرے ممالک کی معاونت کر رہی ہے، یہ ایک ایسا احساس ہے جو ملک بھر میں ہونے والی بے شمار گفتگوؤں اور مبارکباد کے پیغامات میں گونج رہا ہے۔ اس خبر نے پاکستانیوں کے دلوں کو بے پناہ خوشی اور اطمینان سے بھر دیا ہے، کیونکہ یہ ان کے اس دیرینہ عقیدے کی تصدیق کرتی ہے کہ ان کی فوج ایک عالمی سطح کا ادارہ ہے جو بین الاقوامی سطح پر اپنا مقام برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ قوم کی اس خوشی کی جڑیں ان قربانیوں کے لیے گہرے ممنونیت کے احساس میں پیوست ہیں جو پاکستان کے سپاہیوں نے سالہا سال کے دوران دی ہیں، ایسی قربانیاں جنھوں نے ملک کی سلامتی و خوشحالی کو یقینی بنایا اور اسے ایک بہترین عسکری طاقت کے طور پر شہرت دلائی۔ لوگ مختلف طریقوں سے اپنی خوشی اور فخر کا اظہار کر رہے ہیں، پرچم لہرانے اور مٹھائیاں بانٹنے سے لے کر سوشل میڈیا پر حمایت کے پیغامات شیئر کرنے اور فوج کی قیادت کی بصیرت و دور اندیشی کی تعریف کرنے تک۔ اس وسیع تر عوامی حمایت کی موجودگی پاکستانی عوام اور ان کی فوج کے درمیان قائم اس مضبوط رشتے کا ایک زبردست ثبوت ہے، ایک ایسا رشتہ جو باہمی احترام، اعتماد اور قوم کی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی ہے۔ لوگ پاک فوج سے محبت کرتے ہیں اور اس پر فخر محسوس کرتے ہیں اور یہ محبت و فخر محض تجریدی جذبات نہیں ہیں بلکہ عملی طریقوں سے ظاہر ہوتے ہیں، جیسے کہ بھرتی کی مہمات میں پرجوش شمولیت، ملٹری ویلفیئر فنڈز میں دل کھول کر عطیات دینا اور بحران کے اوقات میں ملٹری آپریشنز کی غیر متزلزل حمایت۔ فوج پاکستان کے قومی تانے بانے میں گہرائی سے پیوست ہے اور اس کی کامیابیوں کو پوری قوم کی کامیابیوں کے طور پر منایا جاتا ہے، جبکہ اس کے چیلنجز کا مقابلہ ہمدردی اور یکجہتی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ معاہدے کی خبر سے پیدا ہونے والا قومی فخر اور اتحاد کا یہ زبردست احساس اس مثبت اور متحد کرنے والے کردار کی یاد دہانی ہے جو مسلح افواج پاکستانی معاشرے میں ادا کرتی ہیں اور یہ اس قوم کے لیے طاقت اور ترغیب کا سرچشمہ ہے کیونکہ وہ زیادہ خوشحالی اور بین الاقوامی پذیرائی کے مستقبل کی طرف دیکھ رہی ہے۔ عوام کو پورا اعتماد ہے کہ پاک فوج پروٹوکول معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو اسی لگن اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ پورا کرے گی جو ہمیشہ سے اس کا طرہ امتیاز رہی ہے اور وہ اس شراکت داری کے ان مثبت نتائج کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں جو پاکستان اور کویت دونوں کے لیے سامنے آئیں گے۔

زندگی کے گہرے راستے اور امید کی روشنی

انجینئر بخت سید یوسفزئی

زندگی ہمیشہ ایک ہی راستے پر نہیں چلتی۔ کبھی انسان کے سامنے آسانیاں ہوتی ہیں، کبھی ایسے راستے آ جاتے ہیں جہاں ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا پڑتا ہے۔ بعض اوقات حالات بظاہر خوبصورت دکھائی دیتے ہیں لیکن ان کے اندر غیر یقینی اور خوف چھپا ہوتا ہے۔ یہی زندگی کی اصل حقیقت ہے کہ ہر خوبصورت منظر کے پیچھے ایک امتحان اور ہر مشکل کے بعد آسانی کا امکان موجود رہتا ہے۔

انسان جب اپنی زندگی میں کسی نئے مرحلے میں داخل ہوتا ہے تو اس کے دل میں خوشی کے ساتھ ساتھ کئی خدشات بھی جنم لیتے ہیں۔ نئی جگہ، نیا ماحول، نیا فیصلہ یا نئی ذمہ داری انسان کو ایک طرف امید دیتا ہے تو دوسری طرف انجانے مستقبل کا خوف بھی پیدا کرتا ہے۔ لیکن یہی خوف انسان کو محتاط، سنجیدہ اور اپنے رب کے قریب کرنے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔

زندگی کے سفر میں مالی معاملات بھی انسان کے لیے بڑی آزمائش ہوتے ہیں۔ دولت انسان کے لیے سہولت ضرور ہے، لیکن اس کے ساتھ ذمہ داری بھی جڑی ہوئی ہے۔ کبھی انسان کو نقصان کا خوف ستاتا ہے، کبھی دوسروں پر اعتماد کرنے کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے اور کبھی اپنی محنت کے ضائع ہونے کا اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ ایسے وقت میں گھبراہٹ کے بجائے سمجھ داری اور اللہ پر بھروسہ ضروری ہے۔

ہر انسان کی زندگی میں ایسے مواقع آتے ہیں جب اسے محسوس ہوتا ہے کہ شاید کسی نے اس کے حق کو نقصان پہنچایا ہے یا اس کی محنت کی قدر نہیں کی۔ ایسے حالات میں غصہ فوری ردعمل ضرور ہے، لیکن ہمیشہ بہترین حل نہیں ہوتا۔ بعض اوقات خاموشی، تحمل اور مناسب وقت کا انتظار انسان کو ایسے فیصلوں سے بچا لیتا ہے جن پر بعد میں پچھتاوا ہو۔

برداشت کا مطلب یہ نہیں کہ انسان اپنے حق سے دستبردار ہو جائے۔ اصل برداشت یہ ہے کہ انسان جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے درست وقت پر درست قدم اٹھائے۔ جو شخص ہر معاملے میں فوری ردعمل دیتا ہے، وہ اکثر اپنے ہی لیے مشکلات پیدا کر لیتا ہے، جبکہ صبر کرنے والا انسان حالات کو سمجھنے اور بہتر فیصلہ کرنے کا موقع حاصل کر لیتا ہے۔

زندگی میں کچھ لوگ ہماری توقعات کے مطابق نہیں نکلتے۔ کبھی ہم کسی پر مکمل اعتماد کرتے ہیں اور بعد میں مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس تجربے کا مطلب یہ نہیں کہ دنیا میں ہر شخص ناقابلِ اعتماد ہے۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ اعتماد کے ساتھ حکمت، احتیاط اور حدود کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔

انسان کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ ہر نقصان زندگی کا اختتام نہیں ہوتا۔ بعض نقصانات ہمیں ایسے سبق دے جاتے ہیں جو برسوں کی کامیابی بھی نہیں دے سکتی۔ جو چیز ہمیں وقتی طور پر توڑتی ہوئی محسوس ہوتی ہے، وہی مستقبل میں ہماری شخصیت کو زیادہ مضبوط، سمجھ دار اور محتاط بنا سکتی ہے۔

کبھی کبھی زندگی کا راستہ بہت خوبصورت نظر آتا ہے مگر اس کی گہرائی انسان کو خوفزدہ کر دیتی ہے۔ یہی کیفیت حقیقی زندگی میں بھی ہوتی ہے۔ کوئی نیا موقع بظاہر بہترین ہوتا ہے، لیکن اس کے ساتھ نئی ذمہ داریاں اور خطرات بھی ہوتے ہیں۔ ایسے موقع پر نہ تو ہر چیز سے ڈر کر پیچھے ہٹنا چاہیے اور نہ ہی بغیر سوچے آگے بڑھنا چاہیے۔

خوف انسانی فطرت کا حصہ ہے۔ بہادر وہ نہیں جو کبھی خوف محسوس نہ کرے، بلکہ بہادر وہ ہے جو خوف کے باوجود صحیح قدم اٹھائے۔ زندگی میں کامیابی اکثر انہی لوگوں کو ملتی ہے جو مشکل حالات میں بھی اپنے حوصلے کو قائم رکھتے ہیں اور خوف کو اپنے فیصلوں پر مکمل اختیار نہیں دیتے۔

اللہ تعالیٰ پر توکل انسان کے دل کو ایک عجیب سکون عطا کرتا ہے۔ توکل کا مطلب یہ نہیں کہ انسان اسباب اختیار کرنا چھوڑ دے۔ بلکہ حقیقی توکل یہ ہے کہ انسان اپنی پوری کوشش کرے، مناسب تدبیر اختیار کرے اور پھر نتیجہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔

انسان جب اپنی تمام کوششوں کے باوجود کسی معاملے کو اپنے قابو سے باہر پاتا ہے تو اسے یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا میں ہر چیز اس کے اختیار میں نہیں۔ کچھ فیصلے وقت کرتا ہے، کچھ حالات کرتے ہیں اور کچھ معاملات اللہ تعالیٰ کی حکمت کے مطابق آگے بڑھتے ہیں۔ یہی احساس انسان کو بے جا پریشانی سے بچاتا ہے۔

مشکل وقت میں سب سے زیادہ ضرورت امید کی ہوتی ہے۔ مایوسی انسان کی طاقت چھین لیتی ہے، جبکہ امید اسے دوبارہ کھڑا ہونے کا حوصلہ دیتی ہے۔ کتنی ہی مشکلات ایسی ہوتی ہیں جن کے بارے میں انسان سمجھتا ہے کہ اب کوئی راستہ نہیں، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ وہی صورتحال ایک نئے راستے کا آغاز بن جاتی ہے۔

زندگی میں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک دروازہ بند ہوتا ہے تو انسان صرف اسی دروازے کو دیکھتا رہتا ہے۔ اسے محسوس ہوتا ہے کہ سب کچھ ختم ہو گیا، حالانکہ ممکن ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے کہیں اور بہتر راستہ رکھا ہو۔ انسان کی نظر محدود ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہر چیز کو اپنے احاطے میں لیے ہوئے ہے۔

اس لیے کسی وقتی نقصان کو اپنی پوری زندگی کا فیصلہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ ایک مشکل واقعہ انسان کی پوری کہانی نہیں ہوتا۔ زندگی بہت وسیع ہے اور حالات مسلسل تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ آج کا غم کل کی خوشی کا سبب بھی بن سکتا ہے اور آج کی ناکامی مستقبل کی کامیابی کی بنیاد بھی بن سکتی ہے۔

انسان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اردگرد کے لوگوں، اپنے فیصلوں اور اپنے حالات سے سبق حاصل کرے۔ ہر تجربہ ہمیں کچھ نہ کچھ سکھاتا ہے۔ کوئی ہمیں صبر سکھاتا ہے، کوئی احتیاط، کوئی خاموشی اور کوئی یہ سمجھاتا ہے کہ اصل سہارا دنیاوی وسائل نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

رشتوں میں بھی یہی اصول اہم ہے۔ میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے صرف شریکِ حیات نہیں بلکہ مشکل وقت کے ساتھی بھی ہوتے ہیں۔ جب دونوں ایک دوسرے کی بات سنیں، ایک دوسرے کے خوف کو سمجھیں اور مشکل حالات میں ایک دوسرے کا حوصلہ بنیں تو بہت سی پریشانیاں آسان ہو جاتی ہیں۔

خاندان انسان کی سب سے بڑی طاقت بن سکتا ہے، بشرطیکہ اس میں اعتماد، محبت اور باہمی احترام موجود ہو۔ مشکلات کے وقت الزام تراشی کے بجائے ایک دوسرے کا ہاتھ تھامنا زیادہ ضروری ہے۔ ایک مضبوط خاندان انسان کو دنیا کی بہت سی پریشانیوں کا مقابلہ کرنے کی طاقت دیتا ہے۔

زندگی کے سفر میں انسان کو کبھی اپنے قدموں کے نیچے زمین مضبوط محسوس ہوتی ہے اور کبھی ایسا لگتا ہے کہ راستہ بہت گہرا اور مشکل ہے۔ ایسے لمحوں میں گھبراہٹ کے بجائے قدم بہ قدم آگے بڑھنا چاہیے۔ ہر مشکل کو ایک ہی وقت میں حل کرنے کے بجائے اسے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا انسان کے لیے آسانی پیدا کرتا ہے۔

مشکل راستے سے بحفاظت نکل آنا اپنے اندر ایک بہت بڑا سبق رکھتا ہے۔ انسان کو معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز سے وہ ڈر رہا تھا، وہ ہمیشہ اتنی طاقتور نہیں تھی جتنی اس نے اپنے ذہن میں تصور کر لی تھی۔ کئی مرتبہ ہمارا خوف حقیقت سے زیادہ بڑا ہوتا ہے، اور جیسے ہی ہم آگے بڑھتے ہیں، راستہ خود واضح ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

زندگی میں خوبصورتی اور خوف کا ساتھ ساتھ ہونا بھی ایک حقیقت ہے۔ خوشی کے دنوں میں بھی انسان کو احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے اور مشکل دنوں میں بھی امید نہیں چھوڑنی چاہیے۔ توازن ہی وہ چیز ہے جو انسان کو جذبات کی انتہاؤں سے بچاتی ہے۔

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر آزمائش اپنے اندر کوئی نہ کوئی حکمت رکھتی ہے۔ کبھی آزمائش انسان کو کسی بڑے نقصان سے بچانے کے لیے آتی ہے، کبھی اسے مضبوط بنانے کے لیے اور کبھی اسے اس راستے پر لے جانے کے لیے جہاں اس کے لیے زیادہ خیر موجود ہو۔

اس لیے زندگی میں آنے والی مشکلات سے گھبرانے کے بجائے ان کا سامنا حوصلے، صبر اور دعا کے ساتھ کرنا چاہیے۔ اگر حالات ہمارے مطابق نہیں تو ہمیں اپنے رویے کو بہتر بنانا چاہیے۔ اگر راستہ مشکل ہے تو قدم مضبوط کرنے چاہئیں اور اگر مستقبل غیر واضح ہے تو اللہ تعالیٰ پر یقین مزید مضبوط کرنا چاہیے۔

زندگی کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ نہ خوشی ہمیشہ رہتی ہے اور نہ غم ہمیشہ قائم رہتا ہے۔ حالات بدلتے ہیں، راستے بدلتے ہیں اور وقت انسان کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک لے جاتا ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ انسان مشکل میں صبر، آسانی میں شکر اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ قائم رکھے۔

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر کھر ڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تبسم بیگم دختر چوہدری عبدالحق چک نمبر 9 1 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں چوہدری عبدالحق والد، غلام فاطمہ والدہ، سردار خاں خاوند پہلے فوت شدگان، عمر فاروق پسر، بریرہ بی بی دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر کھر ڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ لیاقت علی ولد محمد خالق چک نمبر93 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد خالق والد، کنیز بیگم والدہ، معظم علی انشال پسر پہلے فوت شدگان، رفعت یاسمین بیوہ، محمد احمد بلال، محمد جنید علی محمد اویس، محمد عبداللہ، محمد قاسم، محمد وقاص پسران، زمر فاطمہ دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

اطلاع عام

بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد افضل ولد نعمت علی ذات گجر سکنہ ستلج سٹی بہاولنگر شناختی کارڈ نمبر: نمبر 31104-8432869-1 نے مسمی ایاز فرید ولد فرید انجم سکنہ جہانگیر کوٹ تحصیل و ضلع بہاولنگر شناختی کارڈ نمبر 311012838940-9 سے پلاٹ نمبر 9/A برقبہ 07M-0F واقع موضع رب نواز پورہ ستلج سٹی بہاولنگر کا معاہدہ بیع کیا ہے۔ تاکہ وہ پراپرٹی مذکورہ بالا کو اپنے نام ٹرانسفر کروا سکے اس ضمن میں اگر کسی فرد، سرکاری و غیر سرکاری ادارے، بنک یا مالیاتی ادارہ وغیرہ کو اس معاہدہ یا ملکیت اراضی پر کسی قسم کا اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر ہمارے درج ذیل نمائندہ کو بمعہ ثبوت تحریری طور پر مطلع کریں میعاد گزرنے کے بعد کسی قسم کا عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: محمد افضل ولد نعمت علی ذات گجر سکنہ ستلج سٹی بہاولنگر موبائل نمبر 0300-7531888

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی حفیظ الرحمٰن ولد عبدالرحمٰن ذات جوئیہ موضع کوٹھیانوالہ تحصیل و ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ صائمہ طارق دختر متوفی نے اپنے علاوہ سرفراز بیگم بیوہ متوفی، ثناء حفیظ دختر متوفی، حبیب الرحمٰن، عزیز الرحمٰن بلقیس اختر، عشرت پروین، برادر و ہمشیرگان متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی اور محمد اقبال، کنیز فاطمہ، شمیم اختر برادر و ہمشیرگان متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب راشد حسین صاحب سول جج درجہ اول ہارون آباد

عنوان مقدمہ ظہیر احمد بنام سمیرا یاسمین زوجہ محمد ساجد قوم ارائیں سکنہ چک نمبر 25/3R تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

دعویٰ تنسیخ معاہدہ مختص

ہرگاہ مدعا علیہا کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعی نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 14/10/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدا

Cr..Bshir Bhatti

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول/ گارڈین جج/ فیملی کورٹ/ مجسٹریٹ درجہ اول پھالیہ

عنوان: محمد فیاض بنام محمد ریاض وغیرہ

دعویٰ: تقسیم جداگانہ

اشتہار بنام: محمد ریاض۔ محمد نواز پسران۔ صفیہ بی بی۔ رقیہ بی بی دختران محمد فاضل اقوام جٹ گوندل ساکنائے دھدرا تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 2026-10-21 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب افضال احمد ہنجرا صاحب سول و فیملی جج کورٹ تحصیل رینالہ خورد

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان و نفقہ عنوان شائلہ صدیق وغیرہ بنام محمد وقاص وغیرہ اشتہار بنام محمد وقاص رشید ولد محمد رشید، محمد رشید ولد کمال دین اقوام ارائیں گلی چشتیہ مسجد والی خلیل آباد کالونی دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26-10-15 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حاکم بی بی دختر نور محمد چک نمبر105 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں نور محمد والد، دولت بی بی والدہ، صادق علی خاوند، ریاست علی، لیاقت علی (لاولد) شوکت علی (لاولد) پسران پہلے فوت شدگان، ریاض احمد پسر بعد میں فوت شد، سیداں بی بی بہو، نسیم بی بی دختر، ارشاد احمد پسر، زکیہ ریاست پوتی زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر کھر ڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اکبر علی ولد جلال دین چک نمبر90 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں جلال دین والد، غلام بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، مجیداں بی بی بیوہ، اویس اکبر پسر، عابدہ پروین، عاصمہ تبسم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی محمد اجمل ولد عبدالغفور ذات آرائیں موضع روجھانوالی تحصیل و ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد خرم شہزاد پسر متوفی نے اپنے علاوہ ساجدہ پروین بیوہ متوفی، محمد شہرام اجمل، پسر متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی محمد طیب ولد محمد شریف ذات سکھیرا موضع سردار شاہ تحصیل و ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد رمضان پسر متوفی نے اپنے علاوہ سلمیٰ بی بی بیوہ متوفی، محمد وریام، محمد ناظم، محمد اعظم، محمد قاسم، محمد عمران، محمد عرفان شاہد، ساجدہ طیب پسران و دختران متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب محترمہ نبیلہ یاسین فیملی و سول جج کاموکی ضلع گوجرانوالہ

اشتہار برائے عوام الناس

دخواست براستہ حصول اجازت بابت فروخت کرنے حصہ جائیداد تقرری گارڈین

مدعیہ۔ نصرت بی بی بیوہ محمد ریاض قوم بھٹی ساکن گلی نمبر 9 فیصل کالونی تتلے عالی تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ عوام لناس

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 22/10/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

بعدالت جناب سعدیہ اسلم صاحبہ سول/ گارڈین جج درجہ اول فیملی کورٹ پھالیہ تحصیل پھالیہ

عنوان: سدرہ ارشد وغیرہ بنام قمر عباس

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ

اشتہار بنام: قمر عباس ولد محمد عنایت قوم واڑچ ساکن چک جانو کلاں تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا ممکن نہ ہے لہذا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 2026-10-12 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ آپ کے کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب سید میثم رضا زیدی صاحب سول جج جھنگ راضی خان وغیرہ بنام مہر نواز وغیرہ دعویٰ علیحدگی قبضہ بذریعہ تقسیم جائیداد اشتہار بنام مہر نواز، اختر زمان متوفی پسران ناصر خان قوم پٹھان محلہ اتمان آباد پٹھان کالونی تحصیل و ضلع جھنگ، تحمیہ بی بی زوجہ اختر زمان، سائرہ زمان دختر اختر زمان، الفت زمان، ذیشان خان، عباس خان پسران اختر زمان جملہ اقوام ہائے پٹھان سکنہ محلہ اتمان آباد پٹھان کالونی وارڈ نمبر 7 پرانا چنیوٹ روڈ جھنگ، عادل خان پوتا ناصر خان، فرتیبہ بی بی پوتی ناصر خان جملہ اقوام ہائے پٹھان سکنائے یوسی جھنگ باہیر محلہ دھرک تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک، حشمت خان ولد عبدالجبار خان شاہین زوجہ حشمت خان جملہ اقوام پٹھان سکنہ محلہ اتمان اباد پٹھان کالونی وارڈ نمبر سات پرانا چنیوٹ روڈ تحصیل و ضلع جھنگ موجودہ پتہ رائل ایونیو پارک روڈ مکان نمبر دو سٹریٹ نمبر تین اسلام آباد مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررتاریخ 12-10-2026 اصالتاً وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Shahid Shakil

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر کھر ڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ غلام فاطمہ دختر عبداللہ چک نمبر91 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں عبداللہ والد، حشمت بی بی والدہ، چوہدری عبدالحق خاوند، طاہرہ بیگم، اختر بیگم، تبسم بیگم دختران، محمد مشتاق خاں، عبدالغنی، سردار خاں داماد، شہزاد احمد نواسا پہلے فوت شدگان، خالد محمود پسر بعد میں فوت شد، فیض رسول، عمر فاروق، اشفاق احمد شہباز احمد اشتیاق احمد نواسگان، بریرہ بی بی، رفعت طاہرہ، فرحت امجد، ثروت حمید، صباحت سلطانیہ نواسیاں زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اشرف ولد مغلا چک نمبر71 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں مغلا والد، حلیمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، شمشاد بی بی بیوہ، محمد ارشد پسر، اریبہ اشرف دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب نوید عباس صاحب سول جج/ فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح

عنوان: صائمہ محمد دین بنام ساجد جاوید

ساجد جاوید ولد انور علی جاوید سکنہ ڈاک خانہ خاص چک نمبر 109 رب روڈ تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جا تا ہے کہ مورخہ 2026-10-13 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSd

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 54 گنگا سنگھ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد رضوان ولد مشتاق احمد ساکن بستی پیپل والی موضع نانک چند ڈاکخانہ بہاولنگر تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی حقیقی ہمشیرہ سدرہ بی بی کی تاریخ پیدائش 2002-04-16 ہے۔ اس کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ کروا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار، عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/ لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال رمضان بی بی بیوہ عبدالمجید کا انتقال وراثت چک نمبر 2 فور ایل تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں منیر احمد۔ محمد سلیم۔ محمد نعیم پسران ثمینہ بی بی۔ روبینہ محبوب دختران سکینہ بی بی بیوہ نصیر احمد۔ محمد بلال پسر نصیر احمد وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب سعدیہ اسلم صاحبہ سول/ گارڈین جج درجہ اول فیملی کورٹ پھالیہ تحصیل پھالیہ

عنوان: زینب فاطمہ وغیرہ بنام ارشاد منظور

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ

اشتہار بنام: ارشاد منظور ولد منظور احمد قوم سیال ساکن مانگٹ تحصیل و ضلع منڈی بہاؤالدین

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا ممکن نہ ہے لہذا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 2026-10-14 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ آپ کے کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ استقرار الحق بغرض تقسیم جائیداد معہ حکم امتناعی دوامی: عبدالقدوس بنام ذیشان رفیق وغیرہ: اشتہار بنام ذیشان رفیق۔ قیصر ندیم پسران محمد رفیق اقوام راجپوت ساکنان محلہ چوک بارگاہ شہیداء چونڈہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 30-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اراضی ریکارڈ سنٹر کھر ڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شہزاد احمد ولد محمد مشتاق خاں چک نمبر 9 1 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد مشتاق خاں والد، طاہرہ بیگم والدہ، سروری بی بی سوتیلی والدہ پہلے فوت شدگان، اشفاق احمد، شہباز احمد، اشتیاق احمد برداران، رفعت طاہرہ، فرحت امجد، ثروت حمید، صباحت سلطانیہ ہمشیرگان، محمد نواز سوتیلہ برادر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب مستنصر لطیف صاحب سول جج درجہ اول ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ خرچہ نان و نفقہ

بعنوان مقدمہ: رضیہ بی بی وغیرہ بنام اکرام الحق

اخبار اشتہار بنام: اکرام الحق ولد ظفر الحق رابطہ نمبر 0097335168116، ظفر الحق ولد خوشی محمد ساکنان چک نمبر 17/11-L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال 0313-7662521

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 13-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ صاحب سول جج/ فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار الحق وغیرہ

عنوان: محمد عمران بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ

1۔ سیکرٹری یونین کونسل نمبر 06 اعجاز ٹاؤن غلام محمد آباد تحصیل و ضلع فیصل آباد 2۔ نادرا بذریعہ انس چیئر مین سٹیٹ لائف بلڈنگ بلو ایریا اسلام آباد 3۔ رجسٹرار/ ڈپٹی رجسٹرار جنرل/ انچارج نادرا رجسٹریشن سینٹر فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-13 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSd

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 54 گنگا سنگھ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد زاہد ولد محمد حسین ساکن کاٹ پیپل والی موضع نانک چند ڈاکخانہ بہاولنگر تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی حقیقی ہمشیرہ رضیہ بی بی کی تاریخ پیدائش 1984-01-01 ہے۔ اس کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ کروا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار، عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/ لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال منیر احمد ولد عبدالحمید کا انتقال وراثت چک نمبر 2 فور ایل تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں نادیہ بی بی بیوہ۔ علی رضا پسر انم منیر۔ کرن عامر۔ صبا منیر دختران متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال محمد بوٹا ولد مہامد کا انتقال وراثت چک نمبر 41 جیڈی تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں سکینہ بی بی بیوہ۔ جعفر علی۔ غلام صابر۔ وارث علی۔ محمد اسلم پسران اللہ رکھی دختر متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب نعیم جاوید صاحب تحصیلدار پسرور

تصدیق وراثتی انتقال واقع موضع بلکن تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ عنوان بالا کے تحت انتقال وراثت متوفی ظہور احمد ولد طفیل احمد روبرو بغرض تصدیق پیش کیا گیا۔ طفیل احمد والد۔ عالم بی بی والدہ (پہلے فوت شد)۔ حال وارثان میں سلطان بی بی بیوہ۔ رانا فاروق احمد پسر۔ شگفتہ پروین۔ رخسانہ ظہور دختران ظہور احمد متوفی موضع کے وارثان ظاہر ہیں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Shan

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ سلمیٰ بی بی زوجہ محمد سرور قوم اوڈھ ساکن اوڈانور پور نہر قصور نے اپنے بیٹے کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے بیٹے ریحان سرور کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنے بیٹے ریحان سرور کی پیدائش مورخہ 26-05-2005 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 31 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 10 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی بابر رمضان ولد محمد رمضان ذات بھٹی سکنہ فتح پور قصور نے اپنے والد کی موت کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے والد محمد رمضان کی موت کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنے والد محمد رمضان ولد محمد دین کی موت مورخہ 12-12-2019 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 31 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 10 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

اطلاع برائے عوام الناس

﴾عاق نامہ﴿

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں نے اپنے حقیقی پسران مسمیان 1۔ محمد آصف، 2۔ عابد علی، 3۔ عاطف علی، 4۔ راشد علی 5۔ اعجاز احمد پسران محمد خالد ساکنان سیدڑہ کلاں تحصیل و ضلع سیالکوٹ کو بوجہ انتہائی نافرمان ہونے، گستاخ ہونے، بدزبان ہونے، غیر قانونی و غیر اخلاقی کاموں میں ملوث ہونے، گھر میں آئے روز لڑائی جھگڑا کرنا، بُرے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا اور بُرے کاموں میں دلچسپی رکھنے، سرعام تمام لوگوں کے سامنے من مظہر کو گالم گلوچ کرنے اور من مظہر کو مارنا پیٹنا اور جان سے ماردینے کی دھمکیاں دینا اور میرے دو پسران عابد علی و عاطف علی جو کہ نشئی ہیں اور پرتشدد قسم کے اشخاص ہے۔ انہی وجوہات کی بناء پر من مظہر اپنے حقیقی پسران مذکوران کو اپنی زندگی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ آج کے بعد ان کے ساتھ میرا کوئی تعلق واسطہ نہ رہا ہے۔ اگر پسران مذکوران آج کے بعد کسی فوجداری مقدمہ یا کسی بھی غلط کام میں ملوث پائے گئے یا کسی کے ساتھ کوئی لین دین کیا تو وہ اس کے خود ذمہ دار ہوں گے اور جو کوئی بھی پسران مذکوران سے لین دین کریگا تو وہ بھی اس کا خود ذمہ دار ہوگا۔ تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارہ جات نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: محمد خالد ولد عبدالحمید ذات بھٹی ساکن ڈاکخانہ احمل پور سیدڑہ کلاں تحصیل و ضلع سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-7558280-3

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب ADLR صاحب/ تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی ممتاز علی ولد فتح محمد ذات راجپوت وٹو ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع پیراں میتلا تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ حسنہ بی بی۔ استخار عالم، وقار عالم، ابرار عالم، آسیہ روبینہ، منور رخسانہ بی بی، ریحانہ بیگم پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہے۔ جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب راشد حسین صاحب سول جج درجہ اول و گارڈین کورٹ ہارون آباد

عنوان مقدمہ شرافت علی وغیرہ بنام 1۔ بابر علی ولد منظور احمد 2۔ شائلہ رانی زوجہ بابر علی قوم ارائیں سکنہ چک نمبر 33/3R تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

درخواست تقرری گارڈین

ہرگاہ مسئول علیہم کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلان نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 12/10/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت

Cr..Bshir Bhatti

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح مدعیہ نمبر 1 و دلاپانے خرچہ نان و نفقہ: صبا جاوید وغیرہ بنام محمد عدیل: اشتہار بنام محمد عدیل ولد شہباز احمد قوم بٹ ساکن محلہ امید پورہ پسرور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 21-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ استقرار الحق: مسماۃ مریا بی بی بیوہ بنام عوام الناس وغیرہ: اشتہار بنام 3۔ رفاقت علی ولد نواب دین ساکن چابڑ کے تحصیل و ضلع نارووال۔ 4۔ سیکرٹری UC تلونڈی بھنڈراں تحصیل و ضلع نارووال۔ 5۔ سیکرٹری U/C ہلووال تحصیل و ضلع نارووال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 15-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

از دفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ذوالفقار علی ولد عمر دین سکنہ چک نمبر 108 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ سائل کے بیٹے کا درست نام ارسلان عمر ولد ذوالفقار علی ہے جبکہ رجسٹر تاریخ و پیدائش یونین کونسل نمبر 34 چک نمبر 106 گ ب کے ریکارڈ میں سائل کے بیٹے کے دادا والے کالم میں دادا کا نام چوہدری عمر دین درج ہے جو کہ غلط ہے۔ جبکہ بمطابق شناختی کارڈ درست نام عمر دین ہے درستگی کی جائے۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کر دی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/ جج فیملی کورٹ قصور

مسماۃ مہوش بنام شاہد علی

دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان

اشتہار بنام مشتاق احمد ولد محمد ماہی محمد نواز ولد علی احمد فیروز خان قمر ولد علی احمد فضل حسین ولد احمد دین محمد ارشد ولد محمد اعظم ساکن کتوار تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 12-10-2026 حاضر عدالت اویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ خالد محمود ولد چوہدری عبدالحق چک نمبر 91 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں چوہدری عبدالحق والد، غلام فاطمہ والدہ پہلے فوت شدگان، نرگس بیگم بیوہ، فیصل محمود، عاقل محمود، احمد محمود پسران، نائلہ خانم، مدیحہ خالد دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

فعال اور منظم صحافتی پلیٹ فارم بنانے کے لیے باہمی مشاورت، اتحاد اور ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے ادارے کی ترقی اور صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے مل جل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 42

کا ڈھیر بن گئیں۔ جبکہ نیو بالاکوٹ سٹی کا منصوبہ بھی 21 برس بعد مکمل نہ ہوسکا۔ قدرتی آفت کے زخم وقت کیساتھ مدھم ضرور پڑ گئے، تاہم متاثرہ علاقوں میں نامکمل منصوبے آج بھی تباہی کی یاد تازہ کر رہے ہیں۔ زلزلے میں 5 لاکھ سے زائد گھر تباہ ہوئے، سیکڑوں کلو میٹر سڑکیں، پل اور ذرائع مواصلات تباہ ہوئے۔

بقیہ سحر 43

رینالہ خورد نے کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کے ساتھ اظہار تشکر کیا ہے#

بقیہ سحر 44

گندم کی کاشت کے بارے میں کاشتکاروں کی رہنمائی کی انہوں نے کہا کہ کاشتکار اپنی آمدن اور منافع میں اضافے کے لیے فصلوں کی متنوع کاشت کو فروغ دیں اور صرف ایک فصل پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی زمین اور دستیاب وسائل کے مطابق مختلف فصلیں کاشت کریں انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع ساہیوال میں اس وقت آلو سرسوں اور کنولا کی کاشت جاری ہے۔

بقیہ سحر 45

ہے، لیکن تاحال اس کی مناسب دیکھ بھال اور نکاسی؟ آپ کے انتظامات پر توجہ نہیں دی گئی۔ دکانداروں کے مطابق سیاست دانوں، مقامی رہنماؤں اور متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے دعوؤں کے باوجود بازار کی صورتحال میں بہتری دکھائی نہیں دے رہی۔ دکانداروں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مین بازار کے تعمیر شدہ نالے کے لیول اور نکاسی؟ آپ کے نظام کا فوری جائزہ لیا جائے، جبکہ ستھرا رکھی بازار سے بارشی پانی کی نکاسی اور مستقل صفائی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ سحر 46

علوم کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا اس موقع پر طلبہ کو جدید سائنسی رجحانات سے آگاہی حاصل کرنے اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کا موقع ملا۔

بقیہ سحر 47

حضرات کی مشکلات کم کرنے میں مدد ملے گی۔ جدید سہولت کی فراہمی سے سول ویٹرنری ہسپتال کی خدمات میں بہتری آئے گی، جبکہ لائیو اسٹاک کے شعبے سے وابستہ افراد کو اپنے قیمتی مویشیوں کے علاج کے لیے بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ سحر 48

برآمد تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صدر ڈسکہ انسپکٹر عدنان احمد چیمہ اور ان کی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ تفتیش کی مدد سے مندرانوالہ میں گھر پر فائرنگ کر کے بزرگ خاتون زرینہ بی بی کو زخمی کرنے کے واقعے میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے ملزم عرفان ولد فضل عباس، قوم جٹ ساہی، سکنہ مندرانوالہ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے فائرنگ میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کر لیا۔ تفصیلات کچھ یوں ہیں گزشتہ رات تقریباً 2 بج کر 51 منٹ پر موضع مندرانوالہ میں نامعلوم ملزم نے گھر کے بیرونی دروازے پر فائرنگ کی تھی، جس کے نتیجے میں بزرگ خاتون زرینہ بی بی زخمی ہوگئی تھیں۔ واقعے کا مقدمہ نمبر 947/26 تھانہ صدر ڈسکہ میں دفعہ 324 تعزیرات پاکستان کے تحت درج کیا گیا تھا۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع، بعنوان: ریما بنام سید وقاص علی شاہ

اشتہار بنام: سید وقاص علی شاہ ولد سید وسیم علی شاہ ساکن لالہ زار کالونی عباسی سٹریٹ بارہ دری روڈ شاہدرہ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 24-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب امتیاز احمد نور صاحب سینئر سول جج جہلم

دعوی دلا پانے خرچہ نان ونفقہ عنوان مقدمہ ثمن شہزادی بنام ظفر اقبال اخبار اشتہار بنام ظفر اقبال ولد محمد اقبال ساکن کٹانہ تحصیل دینہ ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 21-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب محمد شعبان گجر صاحب تحصیلدار اسسٹنٹ کلیکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم

چوہدری نوید احمد بنام محمد رزاق

اشتہار بنام محمد رزاق محمد اشفاق پسران محمد حسین محمد نواز اللہ دتہ پسران نبی بخش منور حیات پسر راحیلہ مجید دختر اقوام جٹ وڑائچ ساکن لالا موسی منڈیر تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

بعدالت جناب محمد خالد صاحب جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعوی استقرار حق

زینب بی بی بنام چیف آفیسر

اشتہار بنام چیف آفیسر تحصیل کھاریاں بزریعہ سیکرٹری یونین کونسل ملکہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 11-10-2026 حاضر عدالت اویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب شاہد نواز کچھی صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن سرگودھا

درخواست برآمدگی دعوی

محمد اسلم بنام مظہر اقبال وغیرہ

اشتہار بنام: مظہر اقبال ولد فتح محمد، فیصل عباس، عمر عباس، محمد بلال پسران مظہر اقبال کھوکھر سکنائے چک نمبر 173 شمالی تحصیل سلانوالی ضلع سرگودھا، حال چک نمبر 188 شمالی تحصیل وضلع سرگودھا، صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر سرگودھا

مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 19-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بقیہ سحر 49

بلوں میں شامل نرخوں اور اضافی چارجز سے لاعلم ہیں۔ بعض شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اندرونِ شہر ایک فٹ سے کم پا محدود سائز کے نالوں اور نکاسی آب کے نظام کے باوجود انہیں ٹیرف B کے تحت بل جاری کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ سحر 50

توں ہیں جبکہ سوسائٹی انتظامیہ رہائشیوں کو سہولیات کی فراہم کرنے کی بجائے ان سے فنڈ اکٹھے کرنے میں مصروف ہیں متعدد بار سوسائٹی انتظامیہ کو شکایات کے باوجود گندگی و دیگر مسائل حل نہ ہو رہے ہیں۔ سوسائٹی کے رہائشیوں نے کمشنر گوجرانوالہ محمد علی، سیکرٹری کوآپریٹو سوسائٹی، ڈپٹی کمشنر محمد اویس مشتاق، اسسٹنٹ کمشنر صفدر شبیر سے مطالبہ کیا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے رہائشیوں کے مسائل کو فی الفور حل کروانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کریں۔

بقیہ سحر 51

شہری سہولیات کی فراہمی کے لئے کارروائیاں جاری رہیں گی دکانداروں اور فروٹ فروشوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ حدود میں کاروبار کریں اور عوامی راستوں پر سامان رکھ کر آمدورفت میں رکاوٹ پیدا نہ کریں

بقیہ سحر 52

قومی سلامتی کے لیے کیے جانے والے ہر مثبت اقدام کی بھرپور حمایت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ سحر 53

اور اپنے ووٹ کی طاقت سے اپنی حقیقی قیادت کا انتخاب کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سردار گروپ صرف دعووں اور نعروں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتا بلکہ کلرکس برادری کی عملی خدمت ہمارا منشور ہے۔

بقیہ سحر 54

میں تسلسل پیدا ہوگا بلکہ سستی پیداوار برآمدات اور سرمایہ کاری میں بھی خاطر خواں اضافہ ممکن ہو سکے، سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے جہاں سرمایہ کار پریشان ہوتے ہیں وہاں پاکپتن اور ان جیسے چھوٹے شہر بھی کاروباری سرگرمیوں کیلئے پریشان ہوتے ہیں۔

بقیہ سحر 55

ہسپتال میں صفائی ستھرائی اور انتظامی امور میں بہتری کو یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرنے اور مریضوں کی فلاح و بہبود کے لیے ضروری اقدامات جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

ازدفتر ایڈمنسٹریٹر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد افضل ولد محمد رفیق سکنہ مکان نمبر 905 سٹریٹ نمبر 3 محلہ عیدگاہ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کی بیٹے محمد احمد فرید کے برتھ سرٹیفکیٹ میں والد محمد افضل کا شناختی کارڈ نمبر 3640231269645 اور والدہ عابدہ بی بی کا شناختی کارڈ نمبر 3640261594832 درج نہیں ہے محمد احمد فرید کے پیدائش سرٹیفکیٹ پر والد اور والدہ کا شناختی کارڈ موسپل کمیٹی پاکپتن میں درج کرنا قانونی امر ہے، اگر کسی کو اعتراض ہوا اندر اخبار اشتہار 7 روز رابطہ کریں، بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

C/o..RM

بعدالت جناب اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالا

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین، بعنوان: رمشاء بنام محمد حمزہ

اشتہار بنام: محمد حمزہ ولد محمد عابد ساکن 5 نمبر عائشہ کوٹ ندیم ڈاکخانہ کوٹ سلیم تحصیل وضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 14-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا محمد تنویر انور صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع عنوان مقدمہ زہرا کوثر بنام محمد علی احمد اخبار اشتہار بنام محمد علی احمد ولد نذیر احمد ساکن ڈاکخانہ منگلا کالونی صاحب چک تحصیل وضلع میر پور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 22-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ریونیو آفیسر اسسٹنٹ کلیکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم آراضی

محمد افضل بنام مشتاق احمد

اشتہار بنام مشتاق احمد ولد محمد ماہی محمد نواز ولد علی احمد فیروز خان قمر ولد علی احمد فضل حسین ولد احمد دین محمد ارشد ولد محمد اعظم ساکن کتوار تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 12-10-2026 حاضر عدالت اویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ نازیہ بی بی زوجہ محمد صابر علی ذات رحمانی سکنہ نور پور ڈوگراں قصور نے اپنے بچوں کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے بچوں طیبہ، سدرہ، محمد عثمان، محمد ریحان، عبدالرحمٰن کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنے بچوں طیبہ کی پیدائش مورخہ 19-03-2010 سدرہ تاریخ پیدائش 23-04-2015 محمد عثمان تاریخ پیدائش 07-05-2018 محمد ریحان تاریخ پیدائش 12-06-2020 عبدالرحمٰن تاریخ پیدائش 10-03-2022 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 31 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 10 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کردیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بقیہ سحر 1

وزیراعظم نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، کے پی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور دہشت گردوں کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواج پاکستان چن چن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کررہی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پولیس اور سی ٹی ڈی کو ہتھیاروں سے لیس کرنا خیبرپختونخوا حکومت کی ذمے داری ہے، دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا وفاق کے ساتھ صوبے کا بھی فرض ہے، کے پی حکومت خاموش ہے اور صورتحال ہر روز خراب ہوتی جارہی ہے۔ شہبازشریف نے کہا کہ کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، ٹیم ورک کے ذریعے اقتصادی اشاریے بہتری کی طرف جارہے ہیں۔

بقیہ سحر 2

دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فوج کی تعیناتی انتظامیہ کی معاونت کیلئے ہوگی، فوج شہریوں کی جان کے تحفظ کیلیے تعینات کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق شہریوں کے جان و مال، سرکاری تنصیبات کی سیکیورٹی فوج کے ذمے ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فوج کی تعیناتی 11 اکتوبر 2026 کے ایمرجنسی کی مدت تک ہوگی، گورنر خیبرپختونخوا جی ایچ کیو سے مشاورت سے نفری کا تعین کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملٹری آپریشنز ڈائریکٹوریٹ کے ساتھ مل کر دستوں کی تعداد طے کی جائے گی، پاک فوج کی تعیناتی سے متعلق حکم نامہ آئندہ گزٹ آف پاکستان پارٹ ٹو میں شائع کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 3

آئین میں واضح ہے یہاں امن اومان کی صورتحال کا معاملہ ہوتو وفاق مداخلت کرسکتا ہے، وزیراعظم کے مشورے پرصدر نے ایمرجنسی کا نفاذ کا اعلان کیا ہے، صوبائی حکومت کو غیر فعال کردیا گیا ہے، گورنر کو آئین کے تحت اپنے اختیارات استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے، گیارہ رکنی ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، بارہ اضلاع میں ایک سیکرٹریٹ قائم کیا ہے، وہاں سے ڈائریکٹ وفاق کو رپورٹ کیا جائے گا، آرٹیکل 245 کے تحت فوج تعینات کردی گئی ہے۔

بقیہ سحر 4

قائم کرنے کا حکم بھی دے دیا اس حوالے سے وفاقی حکومت نے حکم نامہ نمبر 1/2026 جاری کردیا جو کہ 11 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ آئینی اعلان کی روشنی میں جاری کیا گیا ہے۔ خیبرپختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد وفاقی حکومت نے اہم اقدام کیا ہے، وفاقی حکم نامے کے تحت گورنر خیبرپختونخوا وفاقی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت کے امور انجام دیں گے، گورنر اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشاورتی کونسل کی معاونت حاصل کریں گے۔

بقیہ سحر 5

اس اہم ذمہ داری سے قبل وفاقی وزارت توانائی کے پاور ڈویژن میں بطور وفاقی سیکرٹری فرائض انجام دے رہے تھے۔ ان کا تعلق خیبرپختونخوا کے ضلع مردان سے ہے اور وہ انتظامی امور کا وسیع اور طویل تجربہ رکھتے ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے اس اعلیٰ سطحی تعیناتی کا نوٹیفکیشن 11 اکتوبر 2026 کو جاری کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 22 کے افسر ہیں۔

بقیہ سحر 6

پی میں ایمرجنسی کا نفاذ کریں۔ اعلامیہ کے مطابق صدر کو مشورہ دیں کہ خیبرپختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232، 234 کے تحت ایمرجنسی نافذ کریں، آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی لگا دی جائے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ اس ضمن میں وزیرِ اعظم ہاس سے ایڈوائس ایوان صدر بھجوا دی گئی ہے۔ بعد ازاں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کر دیے۔ ذرائع کے مطابق صدرِ مملکت نے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے۔ ایوان صدر کے اعلامیے کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں غیر معمولی شدت سے عوام کے جان و مال کو سنگین خطرات ہیں، صدر پاکستان نے خیبر پختونخوا میں آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اعلامیے کے مطابق خیبر پختون خوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، امن و امان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا۔

بقیہ سحر 7

ذرائع کے مطابق نوازشریف لندن میں اپنی رہائش گاہ ایون فیلڈ ہاؤس میں قیام کریں گے، اپنے دورے کے دوران سابق وزیراعظم اپنا طبی معائنہ بھی کروائیں گے۔

بقیہ سحر 8

شہزاد بخاری کے مطابق ملزم نعمان نے خود کو سپریم کورٹ کا اکاؤنٹنٹ ظاہر کیا تھا۔ شہزاد بخاری کے مطابق ملزم نہ تو کوئی ایجنٹ تھا اور نہ ہی اسٹڈی کنسلٹنٹ جبکہ فراڈ میں ایک خاتون کے ملوث ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق دونوں ملزمان کے نام سٹاپ لسٹ میں شامل کردیے گئے ہیں، جبکہ ملزم نعمان سے متعلق ڈیٹا بھی حاصل کرلیا گیا ہے۔ شہزاد بخاری نے بتایا کہ ملزم نعمان کی گرفتاری کے لیے ایف آئی اے کی ٹیمیں روانہ کردی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 9

بارود منتقل کرنے کا منصوبہ ناکام بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ضلع پشین کے علاقہ سرانان میں سکیورٹی فورسز نے گودام پر چھاپہ مار کر اسلحہ و گولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑ لی، گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد علاقے میں دہشت گرد عناصر کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر تاحال سرچ آپریشن جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ سحر 10

کیا۔ ذرائع کے مطابق سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان صبح 6 بجے وزیراعظم ہاؤس آئے، وزیراعظم سے مولانا فضل الرحمان کی ملاقات ہوئی، اس موقع پر اسحاق ڈار بھی موجود تھے۔ نجی ٹی وی کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی قیادت اور اپوزیشن سے ہوئی ملاقاتوں سے متعلق وزیراعظم کو آگاہ کیا۔

بقیہ سحر 11

ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ ایک انتہائی تشویشناک اور سنگین سیاسی غلطی اور غیر جمہوری اقدام ہے، عوام اپنے حقوق کے خلاف ایسے اقدامات کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کا مینڈیٹ ان کا آئینی اور قانونی حق ہے، مینڈیٹ کو نظر انداز کرکے اور صوبائی خودمختاری کمزور کر کے امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق و صوبے کے درمیان تصادم پیدا کرکے استحکام نہیں لایا جا سکتا، دہشت گردی کے خاتمے پر کوئی اختلاف نہیں، دہشت گردی کا مقابلہ قومی یکجہتی اور مشترک حکمت عملی سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کو کمزور کر کے وفاق مضبوط نہیں ہوسکتا، مسائل کا حل طاقت، تصادم، غیر معمولی اقدامات میں نہیں سیاسی بصیرت اور بامعنی مذاکرات میں ہے۔

بقیہ سحر 12

ہوگئے، جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے، 11 اکتوبر 2026 شاہ خالد ائیرپورٹ پر حملہ، متعدد ایئر لائنز نے ریاض کیلئے اپنی پروازیں منسوخ کردیں جبکہ سعودی عرب نے حملے کو جنگی جرم قرار دیتے ہوئے حملے کا جواب دینے کا عزم ظاہر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد افراد زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ غیرملکی میڈیا نے ریاض کے ایک ہسپتال ذریعے کے حوالے سے بتایا کہ زخمیوں میں سے پانچ کی حالت تشویش ناک ہے اور انھیں انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں رکھا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق زخمیوں میں سے اکثریت سعودی شہریوں کی ہے جبکہ بعض زخمیوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے طبی مراکز منتقل کیا گیا۔

بقیہ سحر 13

حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کی اور کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ حوثی حملہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ اہل پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے ہر قدم پر ساتھ ہیں۔

بقیہ سحر 14

حکومت انتخابی مرحلہ شروع ہونے سے پہلے ملک کی معاشی ترقی کی سمت تبدیل کرنے کیلیے موثر اقدامات کرے، کیونکہ آئندہ انتخابات میں عوام کو محض یہ بتانا کافی نہیں ہوگا کہ حکومت کو ورثے میں معاشی بحران ملا تھا اور اسے معیشت کو مستحکم کیا۔

بقیہ سحر 15

نے سوشل میڈیا پر دعویٰ کیا کہ وزیراعلی سہیل آفریدی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سے وزیراعلی سہیل آفریدی سے ملاقاتوں پر پابندی ہوگئی ہے۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں کسی کو بھی جانے کی اجازت نہیں ، وزیراعلیٰ ہاؤس کا اسٹاف بھی محدود کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب سینئر بیوروکریٹ، ڈاکٹر فخر عالم چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا تعینات کر دیے گئے۔ پی ٹی آئی کے دیگر رہنماؤں نے بھی دعویٰ کیا کہ سہیل آفریدی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی کابینہ کی منظوری اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے سمری پر دستخط کیے جانے کے بعد خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کردیا گیا۔

بقیہ سحر 16

سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کابینہ اجلاس کے دوران مولانا فضل الرحمٰن کو فون کیا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں تجویز دی گئی کہ کسی بھی حتمی فیصلے سے قبل مولانا فضل الرحمٰن کے ذریعے اپوزیشن سے رابطوں کی آخری کوشش کی جائے۔ ذرائع کے مطابق ٹیلی فونک گفتگو کے دوران خیبر پختونخوا حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف وفاقی حکومت کا ساتھ دے۔

بقیہ سحر 17

عمائدین نے قبائلی اضلاع کے فنڈز صوبائی حکومت کے بجائے فاٹا کو براہ راست فراہم کرنے کی تجویز بھی پیش کی ہے۔ ذرائع کے مطابق قبائلی عمائدین نے کہا کہ فاٹا کے لیے براہ راست فنڈ مختص کرنے سے قبائلی اضلاع میں ترقی ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ فاٹا کونسل کی سربراہی ایڈیشنل چیف سیکرٹری کریں گے، آئی جی بھی کونسل میں شریک ہوں گے اور قبائلی عمائدین کو بھی فاٹا کونسل میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 18

ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں، حوصلے اور خوابوں کی مالک ہیں، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا تاریخی سیاسی سفر اس حقیقت کی روشن مثال ہے کہ خواتین کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں تو وہ نہ صرف اپنی زندگی بدل سکتی ہیں بلکہ قوموں کی تاریخ کا دھارا بھی تبدیل کرسکتی ہیں۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ بچیوں کو بااختیار بنانا ایک مضبوط، خوشحال اور منصفانہ معاشرے کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 19

سمیت دیگر کابینہ ارکان اجلاس میں شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سابق فاٹا اور متصل علاقوں میں بھی ایمرجنسی کے نفاذ کا فیصلہ کیا گیا ہے

بقیہ سحر 20

خان بگٹی نے وزیراعلی کی کھلی کچہری کے دوران ہتھیار ڈالے اور اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھایا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ نور خان بگٹی پہاڑوں میں روپوش تھے اور قومی دھارے میں واپس آگئے ہیں۔ نور خان بگٹی نے اپنے خاندان سمیت مجموعی طور پر 60 افراد کے ہمراہ ہتھیار ڈالے۔ اعلامیے کے مطابق نور خان بگٹی متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔

بقیہ سحر 21

مطابق پاکستان کے نامزد سیکرٹری خارجہ اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے اپنے عہدے کا چارج چھوڑ دیا ہے بتایا گیا ہے کہ عاصم افتخار احمد آج (پیر) کے روز ملک کے 34 ویں سیکرٹری خارجہ کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ عاصم افتخار آج نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات بھی کریں گے

بقیہ سحر 22

پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا، جبکہ صوبے کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے مولانا فضل الرحمان کے ذریعے ایک آخری کوشش کرنے کی تجویز بھی سامنے آئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران کابینہ ارکان نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت کے کردار پر سوالات اٹھائے۔ ارکان کا مؤقف تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت کی جانب سے وفاقی حکومت کا ساتھ نہ دینا تشویش کا باعث ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں تجویز دی گئی کہ خیبر پختونخوا کے حوالے سے کوئی بھی حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے مولانا فضل الرحمان کے ذریعے ایک آخری کوشش کی جائے۔ ذرائع کے مطابق اسی سلسلے میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران مولانا فضل الرحمان سے ٹیلی فون پر رابطہ بھی کیا۔

بقیہ سحر 23

اور عوامی بے چینی میں اضافہ ہوگا، ضم شدہ قبائلی اضلاع کے عوام کے آئینی حقوق، امن اور ترقی کا تحفظ ناگزیر ہے، ان علاقوں کے عوام کو قومی دھارے میں شامل کرنے کا بنیادی مقصد ان کے حقوق کا تحفظ اور احساس محرومی کا خاتمہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے کسی بھی اقدام کی مخالفت کی جائے گی جو ان مقاصد کے منافی ہو اور عوام میں مزید بے چینی پیدا کرے

بقیہ سحر 24

جہاں وہ 12 سے 18 اکتوبر تک پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے، دورے کے دوران وزیرخزانہ کی عالمی مالیاتی اداروں، بین الاقوامی سرمایہ کاروں، عالمی بینکوں، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں اور مختلف ممالک کے حکام کیساتھ 60 سے زائد اعلیٰ سطحی ملاقاتیں شیڈول ہیں

بقیہ سحر 25

حکم دے دیا۔ نامزد اضلاع میں امن و امان، شہریوں کے تحفظ، بہتر طرز حکمرانی، ترقی کیلئے اے ڈی ایس کے فوری قیام کا حکم دیا گیا ہے، ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ ایریا پیریسٹا ڈیولپمنٹ کونسل کی نگرانی میں کام کرے گا۔ حکمنامے کے مطابق نامزد اضلاع میں ڈی آئی خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر اور کرم شامل ہیں۔ اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر اور جنوبی وزیرستان لوئر بھی نامزد اضلاع میں شامل ہیں۔ اے آر ڈی سی نامزد اضلاع کی معزز شخصیات پر مشتمل ہوگی جس کی سربراہی چیئرمین کریں گے

بقیہ سحر 26

کی۔ 10 اکتوبر 2026 کو منعقدہ فیسٹیول میں ممتاز ادیبوں، دانشوروں اور فنکاروں نے شرکت کی۔ پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے لاہور کے شاندار تاریخی، ثقافتی اور ادبی ورثے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پاکستان کی ثقافتی، ادبی اور فکری شناخت کا اولین اور اہم ترین مرکز ہے۔

بقیہ سحر 27

کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں سپیکر قومی اسمبلی نے معصوم شہریوں کی شہادت پر رنج وغم، سعودی عرب کی قیادت اور برادر عوام کے ساتھ دلی تعزیت اور یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔ سپیکر نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان اور عوام دکھ کی اس گھڑی میں برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ سحر 28

کرنے والوں نے تیسری مرتبہ گورنر راج نافذ کیا جو جمہوری اقدار کے منافی ہے، بلوچستان میں ایمرجنسی کیوں نافذ نہیں کی جارہی ہے؟ مولانا فضل الرحمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کی تجویز پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایمرجنسی نافذ کرنی ہے تو پھر وفاق میں نافذ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت اس فیصلے کو مسترد کرتی ہے اور پارٹی کی سطح پر اس کے خلاف مکمل حکمت عملی مرتب کی جائے گی، اسحاق ڈار نے رات ساڑھے دس بجے انہیں فون کیا اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کے حوالے سے بات کی۔

بقیہ سحر 29

جاری کردیا ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل (1)232 اور (1)234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کردی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا صدارتی فرمان فوری طور پر نافذ العمل ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق خیبر پختونخوا میں شدت پسندوں کے حملوں سے عوام کے جان و مال کو سنگین خطرات لاحق ہیں جبکہ حالیہ عرصے میں شدت پسندوں کے حملوں میں اضافہ ہوا ہے جبکہ صوبائی حکومت دہشت گردی اور لاقانونیت کے خطرات سے موثر طور پر نمٹنے میں ناکام رہی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ گورنر خیبر پختونخوا کی رپورٹ میں بھی صوبے میں آئینی نظام کی ناکامی کی نشاندہی کی گئی ہے اور صوبے کی موجودہ صورتحال صوبائی حکومت کے کنٹرول سے باہر ہو چکی ہے جو نہ صرف خیبر پختونخوا بلکہ پاکستان کی مجموعی سلامتی کے لیے بھی خطرہ ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے جبکہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے۔

بقیہ سحر 30

میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے یونیسکو کے ایگزیکٹو بورڈ کے 225 ویں اجلاس میں پاکستان کا قومی بیان پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کثیر الجہتی نظام بین الاقوامی تعاون اور مکالمے و باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 31

کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچادی گئی، ریڈ زون میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کردیا گیا اور حساس عمارتوں پر رینجرز بھی تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو فیلڈ میں رہنے اور کسی بھی جگہ بینرز یا ہجوم نظر آنے پر فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دفعہ 144 کیخلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 32

اگر کسی صوبے میں سکیورٹی کے خدشات ہوں تو وفاق کے پاس ایمرجنسی لگانے کا اختیار ہے اور ساتھ ہی آرٹیکل (1)234 کے ذریعے صوبے کا نظم ونسق گورنر کو سونپ دیا گیا ہے۔ اشتر اوصاف نے کہا کہ 2009 میں پنجاب میں گورنر راج لگا تھا اور سلمان تاثیر صوبے کے چیف ایگزیکٹو بن گئے تھے۔ ان کے بقول اس وقت صرف آرٹیکل (1)234 کا اطلاق کیا گیا تھا، ان کے بقول اس وقت پنجاب میں ایک طرح سے آئینی بحران تھا اور سکیورٹی کا کوئی ایشو نہیں تھا۔

بقیہ سحر 33

ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان سکینہ نیازی کی درخواست پر سماعت کریں گی۔ عدالت نے عظمیٰ خان اور نورین نیازی کو ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی بارے رپورٹ طلب کررکھی ہے

بقیہ سحر 34

گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان حکومت کی دہشت گرد عناصر کی سرپرستی اور معاونت علاقائی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے کے دوران نائب صوبیدار ہدایت امان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور انہیں وطن کے دفاع میں جان کا نذرانہ پیش کرنے پر بھرپور خراج عقیدت پیش کیا

بقیہ سحر 35

کش کی اور پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بھی بیٹھا لیکن سہیل آفریدی بضد تھے کہ کسی صورت دہشت گردی کے خلاف وفاق کا ساتھ نہیں دینا۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے ڈرامے سے پیچھے نہیں ہٹی اور اپنے لوگوں کی جان ومال کی حفاظت میں ناکام رہی۔

بقیہ سحر 36

قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے حملے فوری بند کیے جائیں۔ شہبازشریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات اور دیرینہ وابستگی مزید مستحکم ہے۔ دریں اثناء پاکستانی دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان ریاض میں شاہ خالد ایئرپورٹ پر حوثیوں کے تازہ ترین دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشت گردی کی ایک گھناؤنی کارروائی ہے۔ وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق یہ حملہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے،

بقیہ سحر 37

کی کوشش اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ اقتدار میں موجود قوتوں کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ خیبرپختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی حمایت نہیں کرتے کیونکہ یہ اقدامات موجودہ مسائل کو حل کرنے کا راستہ نہیں ہیں

بقیہ سحر 38

کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان اور مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کو مکمل یکجہتی اور ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ارض حرمین شریفین کی سلامتی، خودمختاری، استحکام اور دفاع کے لیے پاکستان کے علماء و مشائخ اور عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔-

بقیہ سحر 39

دوران حالات خراب ہووے تو امتحانات کے شیڈول میں ردوبدل کی جائے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ (آج) 12 اکتوبر بروز پیر کو میٹرک فزکس کا پرچہ معمول کے مطابق ہوگا۔

بقیہ سحر 40

غیر معیاری کھانے سے پریشان ہوگئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں پولیس کی اضافی تعیناتی کی گئی ہے جس کیلئے پنجاب بھر سے پولیس اہلکاروں کو طلب کیا گیا ہے تاہم پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے اور ناقص رہائش کے باعث پریشان نظر آتے ہیں۔ روات میں ٹھہرائے گئے 700 سے زائد پولیس اہلکاروں کی ویڈیوز سامنے آئی ہیں، ویڈیوز میں پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے، ناقص رہائش، گندے واش رومز اور پانی کی قلت کی شکایت کررہے ہیں۔ یاد رہے اس قبل بھی ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں پولیس اہلکاروں نے کھانے میں کیڑے نکلنے کی شکایت کی تھی۔

بقیہ سحر 41

۔ کینٹ ایریا کو مکمل طور پر سیل کردیا گیا ہے اور کینٹ جانے والے راستے کنٹینرز لگا کر بند کیے جا رہے ہیں۔ پولیس کی بھاری نفری اسمبلی چوک اور کینٹ ایریا کے داخلی راستوں پر تعینات کردی گئی ہے، جبکہ فردوس، تہکال، پچگی روڈ اور دیگر مقامات پر بھی رکاوٹیں کھڑی کردی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 42

اختیارات کو نظرانداز کرنا ناقابل قبول ہے، تمام سیاسی جماعتیں خیبر پختونخوا کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھائیں، یہ صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ سحر 43

کے عوام کے نام ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے۔

بقیہ سحر 44

اسپیکر نے مراسلے میں ہدایت کی کہ قانونی جواز اور ضابطے کی تکمیل کے بغیر ارکان اسمبلی کی سیکورٹی واپس نہ لی جائے اور جن ارکان کی سیکورٹی واپس لی گئی ہے، اسے فوری طور پر بحال کیا جائے۔ مراسلے کے مطابق ارکان اسمبلی کی سیکورٹی اسمبلی مراعات ایکٹ 2026 کے تحت قانونی تقاضوں سے مشروط ہے۔ بابر سلیم سواتی نے کہا کہ موجودہ سیکورٹی صورتحال میں ارکان اسمبلی کی سیکورٹی واپس لینے سے سنگین خطرات لاحق ہوسکتے ہیں، منتخب عوامی نمائندوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانونی تقاضوں کی پاسداری یقینی بنائی جائے۔ اسپیکر نے خبردار کیا کہ کسی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں متعلقہ قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ سحر 45

کی بیٹی لائبہ لٹ رہی ہے لیکن اس لوٹ مار کو روکنے والا کوئی نہیں، اقتدار و اختیار کے ارتکاز کی دہائیوں سے جاری جنگ و جدل سے فرصت اگر ملے تو کوئی ان بے بس فریادیوں کو انصاف دلانے کا نظام وضع کرے۔

بقیہ سحر 46

بہادر سپوت نائب صوبیدار ہدایت امان کی عظیم قربانی پر انہیں بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 12 دہشت گردوں کو جہنم رسید کیا اور سرحد پار سے ہونے والی دراندازی کو ناکام بنا کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ محسن نقوی نے وطن عزیز کے دفاع میں مصروف بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو سکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بے مثال جرات پر فخر ہے۔ انہوں نے عزم کا اعادہ کیا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف اس جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن کے دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔

بقیہ سحر 47

ذریعے غیرقانونی طور پر یورپ پہنچانے کی کوشش سے متعلق معلومات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق، ابوبکر نامی مبینہ ایجنٹ، رہائشی گجرات نے اس سفر کے لیے مجموعی طور پر 40 لاکھ روپے میں معاملہ طے کیا تھا، مسافروں کی جانب سے 5 لاکھ روپے کی ادائیگی کیے جانے کا انکشاف ہوا، ادائیگی سے متعلق اسکرین شاٹ بھی حاصل کیا گیا ہے، جس کا مزید جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ سحر 48

انہوں نے غیر ملکی میڈیا کو بتایا کہ زخمی میرے سامنے تھے اور ہر کوئی بھاگ رہا تھا۔ برطانوی میڈیا نے ایک عینی شاہد کے حوالے سے بتایا کہ ایک درجن سے زائد ایمبولینسیں ہوائی اڈے کی جانب تیزی سے جاتی دیکھی گئیں۔

بقیہ سحر 49

الزام عائد کیا کہ وفاق کی جانب سے ضم اضلاع کی ترقی کے لیے دیے گئے خطیر فنڈز ترقیاتی کاموں پر خرچ کرنے کے بجائے سیاسی انتشار اور دھرنوں کی نذر کر دیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ ایمرجنسی کا نفاذ ابتدائی طور پر 6 ماہ کے لیے کیا گیا ہے

بقیہ سحر 50

میں آتا ہے، جگر گردہ پیدا کریں اور اعلان کریں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم اپنے آئینی و قانونی ڈیمانڈز سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے، آئین قانون کے مطابق ہمارا لانگ مارچ ڈیمانڈز کے پورا ہونے تک جاری رہے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایمرجنسی یا گورنر راج کے اعلان کے بعد لوگ ترکی کی مثال دینا بھول جائیں گے۔ اس کے علاوہ سہیل خان آفریدی نے تمام متعلقہ سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ آئین پاکستان 1973 کے تحت شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کو پرامن اجتماع، آزادی اظہار اور نقل وحرکت کے آئینی حقوق کے استعمال میں کسی غیر قانونی یا غیر آئینی رکاوٹ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ تمام سرکاری افسران اپنے فرائض آئین، قانون اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔

بقیہ سحر 51

سٹیشن کے قریب خیبر میل کی آخری بوگی پٹڑی سے اتر گئی، تاہم حادثے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ حکام کے مطابق ٹرین پشاور کی جانب روانہ ہوگئی، پٹڑی سے اترنے والی آخری بوگی تاحال ٹریک پر موجود ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے کے باعث ریلوے ٹریک تاحال بند، بحالی کا عمل جاری ہے۔

بقیہ سحر 52

گریڈ رہنے کا امکان ہے، شہر میں ہوا 8 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہے، موسمی صورتحال کے پیش نظر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر میں مزید بارش ہونے کے امکانات ہیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت مختلف مقامات پر کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہوئی جس سے موسم میں خنکی بڑھ گئی، پنجاب میں بارشوں، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے پیش نظر الرٹ جاری کردیا گیا جبکہ مری، گلیات اور دیگر پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔-

بقیہ سحر 53

میں دہشتگرد عناصر کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔

بقیہ سحر 54

کے ذمہ دار پی ٹی آئی حکومت اور ان کو لانے والے ہیں۔ ایمل ولی نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت گزشتہ ڈھائی سال میں ہر لحاظ سے بدترین طور سے ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کو ایک مسلسل ہیجانی کیفیت میں مبتلا رکھ کر کرپشن کا ایک بازار گرم رکھا ہوا ہے، یہ حکومت دہشت گردی سے نمٹنے میں کبھی سنجیدہ نہیں رہی۔ اے این پی رہنما نے کہا کہ ہم تحریک انصاف اور اس کو لانے والوں، دونوں کے احتساب کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ سحر 55

متعارف کرائیں گے، بلوچستان میں صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ بلوچستان حکومت کی اصلاحات کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں تسلیم کیا جارہا ہے۔

بقیہ سحر 56

خوشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک فتنہ پارٹی ہے، جس سے عوامی مفاد کو خطرہ لاحق ہے۔ زرک مندوخیل نے کہا کہ ہماری عدالتیں آزاد ہیں، بانی پی ٹی آئی کو اپنا مقدمہ عدالتوں میں لڑنا چاہیے۔

بقیہ سحر 57

واپس لے لی، ان کے خلاف میں تحریک استحقاق جمع کراں گا اور اگر مجھے کسی کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی خیبر پختونخواہ ہوں گے، بحیثیت ایم این اے مجھے سکیورٹی فراہم کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ سحر 58

پہنچا دی گئی ہے۔ اڈیالہ جیل کے سامنے واٹر کینن بھی پہنچا دی گئی ہے اور جیل کے اطراف اینٹی رائٹ فورس تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ پر 8 مقامات پر نئے ناکے قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی جائے گی، جبکہ اڈیالہ روڈ سے گزرنے والے افراد کے شناختی کارڈ بھی چیک کیے جائیں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ اور گردونواح کے شہری پریشانی سے بچنے کے لیے اپنے شناختی کارڈ ساتھ رکھیں۔ راولپنڈی انتظامیہ نے پہلے ہی 8 نومبر تک دفعہ 144 نافذ کررکھی ہے۔

بقیہ سحر 59

ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ میری اور پورے اراکین پارلیمنٹ کی سیکیورٹی خیبرپختونخوا پولیس نے واپس لے لی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یا کسی پارلیمنٹیرین کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی خیبرپختونخوا ہوں گے۔

بقیہ سحر 60

والی پولیس وینز بھی کھڑی رہیں۔ حساس مقامات اور اہم سرکاری عمارتوں کے اطراف سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پر پولیس اہلکار تعینات رہے تاکہ کسی بھی ممکنہ احتجاج یا ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ پولیس کی جانب سے مختلف علاقوں میں گشت بھی جاری رہا۔ سکیورٹی اہلکاروں کو چوکس رہنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ممکنہ احتجاج کے پیش نظر اہم مقامات پر پولیس کی اضافی نفری تعینات رکھی گئی۔ پولیس کے اعلیٰ افسران کی جانب سے سکیورٹی انتظامات کی نگرانی جاری رہی۔

بقیہ سحر 61

آج (پیر) کے روز ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم تاج محمد کی درخواست پر سماعت کریں گی۔ عدالت نے ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب کو تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے رکھا ہے۔

بقیہ سحر 62

مطابق افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت کی ناقص پالیسی اور دہشت گردوں کے لئے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا۔

بقیہ سحر 63

ہوگی، سولر سمیت نصب شدہ آلات رہن رکھ کر بھی مالی معاونت حاصل کی جاسکے گی، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر بھی ہاؤسنگ فنانس مل سکے گا، پنجاب کے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ یا دیگر صوبوں کے مساوی سرٹیفکیٹ قابل قبول ہوگا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ ملکیت، قبضے اور حق ملکیت کی تصدیق کرے گا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ پر اضافی تاریخی یا علیحدہ ملکیتی دستاویزات ضروری نہیں، بینکوں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کو نئے ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 64

کے تبادلے میں نائب صوبیدار ہدایت امان نے جام شہادت نوش کیا۔ شہید نائب صوبیدار ہدایت امان کی عمر 40 سال اور تعلق ضلع غذر سے تھا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ واقعہ افغان سرزمین دہشت گرد تنظیموں کے استعمال سے روکنے میں ناکامی کے پاکستان کے موقف کی تصدیق کرتا ہے، افغان طالبان رجیم سرحد پار دہشت گردی کی روک تھام کے بجائے اس کی سہولت کاری اور سرپرستی کررہی ہے

بقیہ سحر 65

اہل حدیث پاکستان کے وفد نے مدینہ منورہ میں امام مسجد نبوی ﷺ سے خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی جانب سے خصوصی سلام اور پیغام پہنچایا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی علمی، دینی و دعوتی خدمات اور ان کے والد علامہ احسان الٰہی ظہیر کی علمی و دعوتی جدوجہد کا بھی تذکرہ ہوا۔ امام مسجد نبوی ﷺ نے جمعیت اہل حدیث پاکستان کی دینی و دعوتی خدمات کو سراہتے ہوئے سعودی عرب کے ساتھ اظہارِ یکجہتی پر جماعت اور پاکستانی عوام کے لیے تشکر کے جذبات کا اظہار کیا اور ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کے لیے نیک تمناؤں اور دعاں کا پیغام دیا۔

بقیہ سحر 66

ہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 378 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹ میں تعطیل کے روز طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 30 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ سحر 67

ہیلتھ حکام کے مطابق بین الاقوامی سفر سے قبل پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے مسافروں کے لیے منزل، ٹرانزٹ اور سفر کے پروگرام کے مطابق متعلقہ ویکسین لگوانا لازمی قرار دیا گیا ہے.

بقیہ سحر 68

قبضے سے پتنگیں اور ڈور برآمد کر لیا۔ اسلامپورہ، انارکلی اور بھاٹی گیٹ سے پتنگ بازی میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، شاہدرہ سے 4 جبکہ شاہدرہ ٹاؤن سے 13 پتنگ باز گرفتار کئے گئے۔ رنگ محل سے 2 جبکہ موچی گیٹ سے 1 ملزم کو پتنگ بازی کرتے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق شفیق آباد، شاد باغ اور بادامی باغ سے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے تھانوں میں بند کردیا گیا۔

بقیہ سحر 69

اور بحیرہ احمر کو نیا میدان جنگ بنادیا گیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے زور دیا کہ سفارتی اور مذاکراتی ذرائع استعمال کرتے ہوئے سعودی عرب اور یمن کے تنازعے کا حل نکالنا چاہیے، امریکہ عملاً شکست سے دوچار ہے۔

بقیہ سحر 70

اور معیاری بیج کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی، غذائی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی اور درآمدات پر انحصار کم کرنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ گندم کی بہتر پیداوار کسانوں کی آمدن میں اضافے، دیہی معیشت کے استحکام اور زرعی شعبے سے وابستہ افراد کے معاشی حالات بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن معیاری بیج کی فراہمی کے ذریعے کسانوں کی معاونت اور ملکی غذائی ضروریات کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ سحر 71

بھیجا گیا۔ ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کی اور آگ پر جلد قابو پالیا۔ ترجمان کے مطابق آتشزدگی کے نتیجے میں کسی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آگ رہائشی فلیٹ میں لگی تھی ابتدائی طور پر آگ لگنے کی وجہ شارٹ سرکٹ بتائی گئی۔

بقیہ سحر 72

پاسپورٹ پر خود کو عابد علی ظاہر کیا، امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافر کی شناخت مشکوک پائی گئی۔ مزید تفتیش پر امریکی پاسپورٹ پر لگی 22 مئی 2026 کی آمد کی مہر جعلی نکلی۔ امیگریشن ریکارڈ کے مطابق اصل پاسپورٹ ہولڈر 23 مارچ 2026 کو پاکستان سے بیرون ملک روانہ ہو چکا تھا۔ مسافر اپنی اصل شناخت ظاہر نہ کر سکا جس پر امیگریشن حکام نے مزید تصدیق کے بعد آف لوڈ کردیا۔ مسافر کو مزید قانونی کاروائی کے لیے مسافر ایف آئی اے، اے ایچ ٹی سی لاہور کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ سحر 73

جمہوری ہے۔ صباء دیوان، ثاقب سلیم بٹ، یاسر گجر ایڈووکیٹ، عرفان عباسی، مرزا صادق اور دیگر نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ کے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ آج وفاق میں بیٹھی دو جماعتوں نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ انہیں نہ آئین اور نہ ہی عوامی مینڈیٹ کا احترام ہے

بقیہ سحر 74

کینیڈا بزنس کمیونٹی کے صدر میاں شاہد حسین کریں گے۔ ذیشان رضوی کے دفتر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میاں شاہد حسین نے کہا کہ کور کمیٹی کے قیام کا مقصد پاکستانی تاجروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا، ان کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کینیڈا میں کاروبار کرنے والے پاکستانی تاجروں کی رہنمائی، قانونی معاونت اور نئے کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کے لیے کام کرے گی۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے تاجر اپنے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچاسکیں گے۔

بقیہ سحر 75

پر آکر دوپہر 1 بجکر 37 منٹ پر روانہ ہوئی۔ ملت ایکسپریس چنیوٹ اسٹیشن پر دوپہر 1 بجکر 54 منٹ پر آکر دوپہر 1 بجکر 56 منٹ پر روانہ ہوئی۔ ملت ایکسپریس چک جھمرہ اسٹیشن پر دوپہر 2 بجکر 43 منٹ پر آکر دوپہر 2 بجکر 44 منٹ پر روانہ ہوئی۔ ملت ایکسپریس فیصل آباد ریلوے اسٹیشن سے سہ پہر 3 بجکر 50 منٹ پر روانہ ہوئی۔ ملت ایکسپریس گوجرہ اسٹیشن پر دوپہر 4 بجکر 29 منٹ پر آکر سہ پہر 4 بجکر 31 منٹ پر روانہ ہوئی۔ ملت ایکسپریس ٹوبہ ٹیک سنگھ اسٹیشن پر سہ پہر 4 بجکر 53 منٹ پر آکر سہ پہر 4 بجکر 55 منٹ پر روانہ ہوا کرے گی۔

بقیہ سحر 76

اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ پنجاب بار کے پلیٹ فارم سے وکلاء اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور انہیں سہولیات کی فراہمی کے لئے بھی متعدد منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔ چودھری قیصر نذیر ساہی اور ارشد ہنجرا نے کہا کہ وکلاء کے حقوق، عزت و وقار اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے ناروا رویے کے خلاف تسلسل سے شکایات موصول ہورہی ہیں

بقیہ سحر 77

۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق گاڑی میں آگ بظاہر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی۔ اطلاع ملنے پر موٹروے پولیس کے اہلکار فوری طور پر موقع پر پہنچے اور امدادی کارروائی شروع کردی۔ موٹروے پولیس نے آگ بجھانے والے آلات اور خصوصی فائر فائٹنگ کمبل کی مدد سے شعلوں پر قابو پایا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق آتشزدگی کے نتیجے میں گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، تاہم بروقت کارروائی کے باعث گاڑی میں سوار دونوں افراد محفوظ رہے۔

بقیہ سحر 78

ساتھ کبڈی، والی بال، گھوڑا ڈانس، نیزہ بازی (ٹینٹ پیگنگ) اور بائیک ریلی سمیت مختلف ثقافتی و کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد بھی کیا جائے گا ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کے کھیلوں کے فروغ کے پروگرام کے تحت اس ایونٹ کا انعقاد کیا جارہا ہے ضلعی انتظامیہ ریلی کے انتظامات مکمل کررہی ہے، جبکہ شہریوں اور سیاحوں کے لیے کیمپنگ کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی ریلی کے مقام پر فوڈ کورٹس بھی قائم کی جائیں گی تاکہ شائقین کو کھانے پینے کی سہولت میسر ہو جھنگ کا صحرا قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور اس ایونٹ کے ذریعے اس خوبصورتی کو عوام کے سامنے لانے کا موقع ملے گا لاہور کے قریب واقع اس صحرائی مقام پر شائقین کو ایک منفرد تفریحی تجربہ فراہم کیا جائے گا۔

9ویں میکڈونلڈز نیشنل انٹرسکول سوئمنگ چیمپئن شپ، صوبائی وزیر کھیل کی شرکت

وزیر کھیل پنجاب نے جیتنے والے سوئمرز میں میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) 19ویں میکڈونلڈز نیشنل انٹرسکول چیمپئن شپ صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ وزیر کھیل پنجاب نے جیتنے والے سوئمرز میں میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔ ایونٹ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے سوئمرز کو مبارکباد دیتا ہوں، پنجاب میں سوئمنگ کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کی سی ایم پنجاب سوئمنگ اکیڈمیز میں بچوں کو فری تربیت فراہم کی جارہی ہے، نوجوان سوئمرز ہمارا مستقبل ہیں، ان کی حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے، سکولز کی سطح پر ایسے مقابلوں سے نیا ٹیلنٹ سامنے آتا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کے ویژن کے مطابق سپورٹس کا فروغ اولین ترجیح ہے۔

ایشین زون تھری ہینڈبال ٹرافی میں پاکستان ویمن ہینڈبال ٹیم ایشین زون تھری ٹرافی ازبکستان میں شرکت کریگی

ایونٹ 13 سے 17 اکتوبر 2026 تک ازبکستان کے شہر تاشقند میں کھیلا جائے گا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین زون تھری ہینڈبال ٹرافی میں پاکستان ویمن ہینڈ بال ٹیم ایشین زون تھری ٹرافی ازبکستان میں شرکت کرئے گی۔ ایونٹ 13 سے 17 اکتوبر 2026 تک ازبکستان کے شہر تاشقند میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان سمیت پانچ ممالک کی ٹیمیں ٹرافی میں حصہ لیں گی۔ ٹیموں میں میزبان ازبکستان، پاکستان، کرغزستان، تاجکستان اور ترکمانستان شامل ہیں۔ پاکستان ویمن ہینڈ بال ٹیم اپنا پہلا میچ 13 اکتوبر کو ترکمانستان کے خلاف کھیلے گی۔ 14 اکتوبر کو پاکستان کا میزبان ازبکستان سے مقابلہ ہوگا۔ قومی ٹیم 15 اکتوبر کو تاجکستان اور 17 اکتوبر کو کرغزستان کے خلاف میدان میں اترے گی۔ پاکستان ٹیم کا تربیتی کیمپ فیصل آباد میں جاری ہے، قومی ٹیم 12 اکتوبر کو تاشقند کے لیے روانہ ہوگی۔ پاکستان ہینڈ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل ثقلین کوثر نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بنگلا دیشی فاسٹ بولر حسن محمود کی ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک، دو بڑے اعزاز اپنے نام کر لیے

حسن محمود نے ٹیسٹ کرکٹ میں گیندوں کے اعتبار سے تیز ترین 50 وکٹیں لینے والے بنگلا دیشی بولر کا اعزاز بھی حاصل کیا

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش کے فاسٹ بولر حسن محمود نے تاریخ رقم کرتے ہوئے ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے ملک کے پہلے فاسٹ بولر کا اعزاز حاصل کرلیا، انہوں نے ابوظہبی میں افغانستان کے خلاف واحد ٹیسٹ کے تیسرے روز یہ کارنامہ انجام دیا۔ تفصیلات کے مطابق 26 سالہ دائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر حسن محمود نے افغانستان کی پہلی اننگز کے 83 ویں اوور میں عصمت عالم کو بولڈ کیا، اگلی گیند پر نئے آنے والے بیٹر قیس احمد کو وکٹ کیپر لٹن داس کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کروایا۔ اوور کی پانچویں گیند پر حسن محمود نے ضیا الرحمٰن کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کرنے کی اپیل کی، تاہم امپائر نے ناٹ آؤٹ قرار دیا۔ بنگلا دیش نے ڈی آر ایس کا سہارا لیا تو ہاک آئی ٹیکنالوجی سے ظاہر ہوا کہ گیند آف اسٹمپ سے ٹکرا رہی تھی، جس کے بعد امپائر کو اپنا فیصلہ تبدیل کرنا پڑا اور حسن محمود کی ہیٹ ٹرک مکمل ہوگئی۔ حسن محمود بنگلا دیش کی جانب سے ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے مجموعی طور پر تیسرے بولر ہیں۔ ان سے قبل اسپنرز آلوک کپالی نے 2003 میں پشاور میں پاکستان کے خلاف اور سوہاغ غازی نے 2013 میں چٹاگانگ میں نیوزی لینڈ کے خلاف یہ اعزاز حاصل کیا تھا۔ حسن محمود نے افغانستان کے خلاف پہلی اننگز میں 55 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ بنگلا دیش نے افغانستان کو 240 رنز پر آؤٹ کر کے پہلی اننگز میں 106 رنز کی برتری حاصل کر لی۔ حسن محمود نے ٹیسٹ کرکٹ میں گیندوں کے اعتبار سے تیز ترین 50 وکٹیں لینے والے بنگلا دیشی بولر کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ انہوں نے 2424 گیندوں پر 50 وکٹیں مکمل کیں، جبکہ اس سے قبل یہ ریکارڈ شہادت حسین کے پاس تھا، جنہوں نے 2991 گیندوں پر یہ سنگ میل عبور کیا تھا۔ میچوں کی تعداد کے اعتبار سے بھی حسن محمود بنگلا دیش کے ان چار فاسٹ بولرز میں سب سے تیزی سے 50 ٹیسٹ وکٹیں مکمل کرنے والے بولر بن گئے ہیں۔

سندھ حکومت کا خصوصی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے 50 ہزار روپے انعام کا اعلان

ڈسٹرکٹ ویسٹ انٹر کلب اینڈ پیرا تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں 100 سے زائد خصوصی بچوں کی شرکت

کراچی (سپورٹس ڈیسک) سندھ حکومت نے خصوصی بچوں کو کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھانے، ان کی صلاحیتیں اجاگر کرنے اور انہیں یکساں مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے نمایاں کارکردگی دکھانے والے خصوصی کھلاڑیوں کے لیے 50 ہزار روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ کھیل وامور نوجوانان سندھ کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ویسٹ انٹر کلب اینڈ پیرا تائیکوانڈو چیمپئن شپ 2026 منعقد ہوئی، جس میں سیکریٹری کھیل وامور نوجوانان سندھ منور علی مہیسر نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ مقابلوں میں 100 سے زائد خصوصی بچوں نے حصہ لیا، جبکہ رکن سندھ اسمبلی آصف موسیٰ، ڈائریکٹر کھیل اسد اسحاق، ڈی ایس او ویسٹ محمد عثمان اور دیگر شخصیات بھی تقریب میں موجود تھیں۔ اس موقع پر منور علی مہیسر نے کہا کہ خصوصی بچوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں مناسب مواقع، حوصلہ افزائی اور سرپرستی فراہم کرکے کھیلوں کے میدان میں نمایاں مقام دلایا جاسکتا ہے۔ وزیر کھیل و امور نوجوانان سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایات پر صوبائی حکومت خصوصی کھلاڑیوں کی سرپرستی، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے اقدامات کررہی ہے۔ چیمپئن شپ میں پاکستان کی بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹ سائرہ نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سیکریٹری کھیل نے سائرہ سمیت دیگر نمایاں کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کے لیے 50 ہزار روپے انعام دینے کا اعلان کیا۔ مقابلوں کی کلب کیٹیگری میں یونیورسل ٹائیگرز اکیڈمی، پیرا اسپیشل کیٹیگری میں کے وی ٹی سی جبکہ اسکول کیٹیگری میں الائیڈ اسکول نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، اسناد اور تمغے تقسیم کیے گئے۔

انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز، بنگلہ دیش نے پاکستان کو 32 رنز سے شکست دیدی

بنگلہ دیش انڈر 19 نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں پر 136 رنز بنائے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز، بنگلہ دیش نے پاکستان کو 32 رنز سے شکست دے دی۔ بنگلہ دیش انڈر 19 نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں پر 136 رنز بنائے۔ بنگلہ دیش کی سعدیہ اسلام 44 اور شیرینہ خاتون 32 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم 137 رنز کے تعاقب میں 9 وکٹوں پر 104 رنز بنا سکی۔ پاکستان کی روائل فرحان 36 اور اقصیٰ حبیب 23 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں۔ بنگلہ دیش کی فرجانہ یاسمین میدھا نے 3 اور نشیتا اختر نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم اپنا آخری گروپ میچ کل سری لنکا کے ساتھ اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گی۔

انڈر 19 کپ کے سلسلے میں سی ایس ایس گراؤنڈ، سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملتان ریجن کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) انڈر 19 کپ کے سلسلے میں سی ایس ایس گراؤنڈ، سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملتان ریجن کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی۔ لاہور وائٹس کے باؤلرز نے حریف ٹیم کی بیٹنگ لائن کو ابتدا ہی میں مشکلات سے دوچار کردیا، جبکہ بیٹرز نے مطلوبہ ہدف پر اعتماد انداز میں حاصل کرکے ٹیم کو ایک شاندار کامیابی دلائی۔ ملتان ریجن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے تمام وکٹوں کے نقصان پر 86 رنز بنائے۔ مزمل حسنین 23 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹر رہے۔ لاہور ریجن وائٹس کی جانب سے حسنین عباس اور تاج محمد نے انتہائی مؤثر باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار، چار وکٹیں حاصل کیں، جبکہ عباس خان نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ حسنین عباس نے میچ کے ابتدائی مرحلے میں تباہ کن باؤلنگ کرتے ہوئے ملتان ریجن کی پہلی چار وکٹیں حاصل کیں اور حریف ٹیم کو سنبھلنے کا موقع نہ دیا۔ ان کی عمدہ باؤلنگ نے ملتان ریجن کی بیٹنگ لائن کو شدید دباؤ میں رکھا، جبکہ تاج محمد نے بھی بہترین باؤلنگ کرتے ہوئے چار وکٹیں حاصل کرکے حریف ٹیم کو کم مجموعے تک محدود رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ جواب میں لاہور ریجن وائٹس نے 87 رنز کا ہدف 20.1 اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر با آسانی حاصل کرلیا۔ عالیان سلمان نے 34 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیلی، جبکہ احمد خواجہ نے 33 رنز بنا کر ٹیم کی فتح میں نمایاں کردار ادا کیا۔ دونوں بیٹرز کی عمدہ کارکردگی نے لاہور وائٹس کی کامیابی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ میچ میں غیر معمولی باؤلنگ کارکردگی دکھانے پر حسنین عباس اور تاج محمد کو مشترکہ طور پر مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے لاہور ریجن وائٹس کی شاندار کامیابی پر کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کی محنت، نظم وضبط اور میدان میں عمدہ کارکردگی خوش آئند ہے۔ انہوں نے بالخصوص حسنین عباس اور تاج محمد کی بہترین باؤلنگ اور عالیان سلمان و احمد خواجہ کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کو سراہا۔ خواجہ ندیم احمد نے اس امید کا اظہار کیا کہ لاہور ریجن وائٹس کے کھلاڑی آئندہ میچز میں بھی اسی جذبے، یکجہتی اور پیشہ ورانہ انداز کے ساتھ کھیلتے ہوئے اپنی کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھیں گے۔ انہوں نے ٹیم کے لیے قومی انڈر 19 کپ کے اگلے میچز میں بھی کامیابی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔--

نئے تعمیر شدہ جناح اسٹیڈیم کے فٹبال گراؤنڈز میں پہلی شی لیگ کا آغاز

ان لیگس میں شی لیگ میں انڈر 23 جبکہ شی لیگ جونیئرز میں انڈر 14 کھلاڑیاں حصہ لے رہی ہیں

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) نئے تعمیر شدہ جناح اسٹیڈیم کے فٹبال گراؤنڈز میں رنگا رنگ ماحول اور شائقین کی پُرجوش تالیوں کے درمیان پہلی شی لیگ کا آغاز ہوگیا جس سے ملک میں لڑکیوں اور خواتین کے فٹبال کے ڈومیسٹک مقابلوں کی بحالی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ پانچ رکنی فارمیٹ میں دو عمر کیٹیگریز کے تحت کھیلی جانے والی ان لیگس میں شی لیگ میں انڈر 23 جبکہ شی لیگ جونیئرز میں انڈر 14 کھلاڑیاں حصہ لے رہی ہیں۔ ان مقابلوں کا مقصد ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی نشاندہی اور اسے نکھارنا ہے، خصوصاً آئندہ سال ہونے والے فیفا انڈر 15 گرلز ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول جیسے بین الاقوامی یوتھ مقابلوں کے لیے کھلاڑیوں کی تیاری میں مدد دینا۔ اسلام آباد مرحلے کے افتتاحی مقابلے میں سنسنی خیز کھیل دیکھنے میں آیا، جہاں جونیئرز کیٹیگری میں ڈفیلڈ ایف سی نے وائبرنٹ ایف سی کو 4 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دی، جبکہ سینئرز کے دوسرے میچ میں فٹبال فیکٹری نے ہنزہ سٹی کو 3 کے مقابلے میں 4 گول سے ہرایا۔ دیگر دو مقابلوں میں یکطرفہ کھیل دیکھنے میں آیا۔ سینئرز کیٹیگری میں اسلام آباد سٹی نے اسٹرائیکرز کو 3 کے مقابلے میں 10 گول سے شکست دی جبکہ جونیئرز میں اسٹرائیکرز نے بلیو جیز کو 1 کے مقابلے میں 8 گول سے ہرادیا۔

کبھی کسی مذہب کی توہین کرنے والی بات نہیں کہی، عرفان پٹھان

سابق کھلاڑی عرفان پٹھان کا سوشل میڈیا پر اپنے نام سے جھوٹی خبریں پھیلائے جانے پر افسوس کا اظہار

حیدرآباد (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ کے سابق کھلاڑی عرفان پٹھان نے سوشل میڈیا پر اپنے نام سے جھوٹی خبریں پھیلائے جانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ انہوں نے کبھی کسی مذہب کی توہین کرنے والی بات نہیں کہی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان پٹھان نے مداحوں سے اپیل کی کہ ان سے منسوب بیانات پر یقین نہ کریں اور ایسی خبروں کو دوسروں تک پہنچانے سے پہلے ان کی سچائی کی تصدیق کرلیں۔ عرفان نے انسٹاگرام پر کہا کہ بعض افراد محض ویوز حاصل کرنے کے لئے ان کا نام استعمال کرتے ہوئے بے بنیاد خبریں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی ثبوت کے ان کے نام سے فرضی خبریں نشر کی جارہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر کوئی خبر براہ راست ان کی جانب سے جاری نہیں کی گئی ہے تو اس پر یقین نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے نہ کبھی اپنے مذہب کے خلاف اور نہ ہی کسی دوسرے مذہب کے بارے میں غلط بات کہی ہے عرفان نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسے الزامات پر یقین کرنے یا انہیں دوسروں کے ساتھ شیئر کرنے سے پہلے حقائق کی تصدیق ضرور کی جائے۔

سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے کھلی دہشتگردی اور عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ ہیں، طاہر اشرفی

بے گناہ شہریوں، مسافروں، ہوائی اڈوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، ارضِ حرمین شریفین کی سلامتی، خودمختاری، استحکام اور دفاع کے لیے پاکستان کے علماء ومشائخ اور عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے حکومت پاکستان کی جانب سے ان حملوں کی مذمت اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے عزم کی تائید کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان علماء کونسل، انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل اور ان کی حلیف دینی جماعتوں نے مملکت سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے سمیت شہری آبادی اور اہم تنصیبات پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں کھلی دہشت گردی، بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی اور علاقائی و عالمی امن و سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ بے گناہ شہریوں، مسافروں، ہوائی اڈوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور شہری تنصیبات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

POLICE PRISON VAN

لاہور: کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد ممکنہ احتجاج کے پیش نظر پنجاب اسمبلی کے سامنے پولیس اور قیدیوں کی وین کھڑی ہے

لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف سے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر ملاقات کر رہے ہیں

ایف آئی اے کی بروقت کارروائی، عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کا انکشاف

مسافروں کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی کراچی کے حوالے کر دیا گیا

ایف آئی اے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن کراچی کی بروقت کارروائی میں عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کے نئے مبینہ روٹ کا انکشاف ہوا ہے جس میں 2 مسافر آف لوڈ بھی کر دیے گئے .ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے لیے کارروائی کرتے ہوئے دو عمرہ مسافروں، اعظم علی اور محمد سفیان کو تفصیلی پوچھ گچھ کے بعد آف لوڈ کر دیا، مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی کے حوالے کر دیا ہے، دورانِ پوچھ گچھ مسافروں نے انکشاف کیا کہ مبینہ ایجنٹ عمرہ کے سفر کو استعمال کرتے ہوئے سعودی عرب سے مصر، پھر لیبیا اور وہاں سے کشتی کے ذریعے اٹلی پہنچانے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ اس مبینہ راستے کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

وزیر داخلہ کا پاک افغان سرحد پر دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع کرم کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین اور واقعے میں شہید نائب صوبیدار ہدایت امان کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے فائرنگ کے تبادلے کے دوران وطن پر جان نچھاور کرنے والے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

میٹرو بس اور بی آر ٹی سروس معطل، پشاور کینٹ سیل، مختلف راستوں پر رکاوٹیں کھڑی کر دی گئیں

اسلام آباد کے مخصوص علاقے میں میٹرو بس سروس کی بندش ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل میں لائی گئی ہے، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد سیکشن کے مخصوص حصے میں میٹرو بس سروس جزوی طور پر معطل کر دی گئی، کشمیر ہائی وے سے پاک سیکرٹریٹ تک میٹرو بس سروس معطل رہی تاہم صدر اسٹیشن راولپنڈی سے فیض احمد فیض اسٹیشن تک سروس بدستور بحال رہی۔ حکام کے مطابق اسلام آباد کے مخصوص علاقے میں میٹرو بس سروس کی بندش ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل میں لائی گئی ہے۔ شہر میں بی آر ٹی سروس غیر معینہ مدت کے لیے معطل کر دی گئی، جس کے باعث شہریوں کو سفری مشکلات کا سامنا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

خیبر پختون خوا میں میٹرک سالانہ امتحان II (آج) معمول کے مطابق ہوگا

پشاور (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ میٹی نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا میں میٹرک سالانہ امتحان II (آج) پیر کو معمول کے مطابق ہوگا۔ چیئرمین بوارف کمیٹی کے مطابق اگر اس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

اسد قیصر کی خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نافذ کی مذمت

صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے ! ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے، سابق سپیکر

ملک کے اہم معاملات میں عوام کے بنیادی حقوق اور اختیارات کو نظرانداز کرنا ناقابلِ قبول ہے

امن جرگے کی متفقہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے، جس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق تھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نافذ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے ! ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ایکس اکاؤنٹ پر لکھا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے اقدامات کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، ہم نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی ہے، وفاقی حکومت کی پالیسیوں پر سنجیدہ سوالات ہیں، جن کے باعث موجودہ حالات پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ امن جرگے کی متفقہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے، جس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اہم معاملات میں عوام کے بنیادی حقوق او(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، اسلام آباد میں پنجاب سے بلائے گئے پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے سے پریشان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں پنجاب بھر سے بلائے گئے پولیس اہلکار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ لائبہ کی لاش درحقیقت ناکام، بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے، سعد رفیق

یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے' سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) کا بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ لائبہ کی خودکشی نے ہر ماں اور ہر باپ کا دل چھلنی کر ڈالا ہے، درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ ہونہار مگر بے بس بیٹی لائبہ کی لاش درحقیقت معاشرے کے کمزور طبقات کی بے بسی اور مجرموں کو کڑی سزا سے بچانے والے ناکام اور بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے، مروجہ قوانین اور سزا کے پیچیدہ عمل کے باعث معصوم لائبہ کی موت کا ذمہ دار مجرم چند برس بعد پھر آزاد ہوگا، خون ناحق کا بدلہ خون ہی ہو سکتا ہے، ہر موڑ پر قوم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ، زخمی مدد کیلئے پکار رہے تھے، ہر کوئی بھاگ رہا تھا، عینی شاہد

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) ریاض ایئرپورٹ پر موجود ایک عینی شاہد نے بتایا ہے کہ انھوں نے گیٹ نمبر چار کو نشانہ بنتے دیکھا۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

خیبر پختونخوا کا نظام ری سیٹ کر دیا گیا، گورنر راج اور ایمرجنسی وقت کی ناگزیر ضرورت تھی، اختیار ولی خان

صوبے کے عوام کو پی ٹی آئی کے دورِ اقتدار سے چھٹکارے پر یومِ نجات مبارک ہو، کوآرڈینیٹر وزیراعظم

گورنر خیبر پختونخوا کی سربراہی میں 8 سے 10 ارکان پر مشتمل ایک مختصر کابینہ امورِ حکومت سنبھالے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے نظام کو مکمل طور پر ری سیٹ کر دیا گیا ہے، صوبے کے عوام کو پی ٹی آئی کے دورِ اقتدار سے چھٹکارے پر یومِ نجات مبارک ہو، گورنر راج اور آئین کے تحت ایمرجنسی کا نفاذ صوبے کے امن وامان اور بقا کے لیے ناگزیر ہو چکا تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے کہا کہ گزشتہ دورِ حکومت میں خیبر پختونخوا کو غیر اعلانیہ طور پر کالعدم تنظیموں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا تھا اور دہشت گردی کے خلاف قومی لائحہ عمل (نیشنل ایکشن پلان) پر کوئی پیش رفت نہیں کی گئی۔ انہوں نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

ENTRANCE
اندر جانے کا راستہ

لاہور: چھٹی کے روز گریٹر اقبال پارک کی سیر کیلئے آنے والے شہریوں کا داخلی راستے پر رش لگا ہوا ہے

لوگ ترکیہ کی مثال بھول جائیں گے، ایمرجنسی یا گورنر راج کے حوالے سے سہیل آفریدی کا بیان سامنے آگیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کی بدلتی سیاسی صورتحال وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے موقف اختیار کیا ہے کہ لوگ ترکیہ کی مثال بھول جائیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ہماری ڈیمانڈز ماننے کے علاوہ اور کوئی آپشن ہی نہیں، ایمرجنسی یا گورنر راج کا اعلان کیے بغیر ایسی حرکتیں کرنا بغاوت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

گوجر خان میں کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل کو حادثہ، آخری بوگی پٹڑی سے اتر گئی، کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا

گوجر خان (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریلوے حکام کے مطابق گوجر خان ریلوے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی، افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنا دی گئی

گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور گولہ بارود برآمد ہوئے

پشین (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ایف سی بلوچستان اور سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ کے تحت مشترکہ کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سرانان میں سیکیورٹی فورسز نے گودام پر چھاپہ مار کر اسلحہ و گولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑی لی، گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور گولہ بارود برآمد ہوئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سرانان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

خیبر پختونخوا کے عوام مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے، گورنر فیصل کریم کنڈی

عوام مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے، سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے، بیان

گورنر خیبر پختونخوا نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی قسم کی قانون شکنی، اشتعال انگیزی اور دنگا فساد سے اجتناب کریں

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام صدارتی پروکلیمیشن کا خیر مقدم کرتے ہیں اور امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں۔ صوبے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

جماعت اسلامی

کراچی: امیر جماعت اسلامی منعم ظفر خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کا ارکان اسمبلی کی سکیورٹی واپس لینے پر اظہار تشویش، آئی جی کو مراسلہ ارسال کر دیا

پشاور (بیورو رپورٹ) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے ارکان اسمبلی کی سکیورٹی واپس لینے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی خیبر پختونخوا کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

ایمرجنسی یا گورنر راج لگانے کی مخالفت کرتے ہیں، ایمل ولی

پشاور (بیورو رپورٹ) اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج لگانے کی مخالفت کرتے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حالات کو یہاں پہنچانے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

دہشتگردی کے خلاف جنگ کو قبائلی یا قومی لڑائی نہ سمجھا جائے، سرفراز بگٹی

ماضی میں اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد نے اپنے ہی لوگوں کو نظرانداز کیا، گفتگو

ڈیرہ بگٹی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قبائلی تنازعات قبائلی روایات کے مطابق حل کریں گے، دہشتگردی کے خلاف جنگ کو قبائلی یا قومی لڑائی نہ سمجھا جائے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئندہ سال ان علاقوں کو ترقیاتی منصوبوں میں ترجیح دیں گے جہاں ماضی میں کام نہیں ہوا، ماضی میں اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد نے اپنے ہی لوگوں کو نظرانداز کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیحات میں تمام علاقے اور لوگ برابر ہیں، میرٹ پر کنٹریکٹ اساتذہ کی بھرتیوں سے صوبے کے 99 فیصد سکول فعال ہیں، کنٹریکٹ پر بھرتی اساتذہ اور ملازمین کیلئے پنشن سکیم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

nni
NAEEM ASLAM CHICKEN
SALE CENTER

لاہور: پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ٹولنٹن مارکیٹ کو سیل کئے جانے کے باعث دکانیں بند پڑی ہیں

مختلف شہروں میں رات گئے کہیں ہلکی کہیں تیز بارش

بارش، آندھی اور طوفان کا خدشہ، پنجاب میں الرٹ جاری کر دیا

گڑھی شاہو، ایبٹ روڈ، مال روڈ، ایم اے او کالج، چوبرجی، فیروز پور روڈ، گلبرگ اور ماڈل ٹاؤن و دیگر علاقوں میں بوندا باندی

شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوائیں بھی چلنے لگیں، جس سے شہریوں نے خوشگوار موسم کا مزہ لینے کیلئے ناشتہ پوائنٹس کا رخ کر لیا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں ہلکی بارش اور ٹھنڈی ہواؤں سے موسم خوشگوار ہوگیا، شہر میں مزید بارش برسنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں گڑھی شاہو، ایبٹ روڈ، مال روڈ، ایم اے او کالج، چوبرجی، فیروز پور روڈ، گلبرگ اور ماڈل ٹاؤن سمیت متعدد علاقوں میں ہلکی بارش اور بوندا باندی کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوائیں بھی چلنے لگیں، جس سے شہریوں نے خوشگوار موسم کا مزہ لینے کیلئے ناشتہ پوائنٹس کا رخ کر لیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سینٹی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

شاہراہ فیصل دادا بھائی پلازہ کے فلیٹ میں آتشزدگی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو دادا بھائی پلازہ میں آتشزدگی کی اطلاع موصول ہوئی تھی

کراچی (بیورو رپورٹ) شہر قائد میں شاہراہ فیصل پر عائشہ باوانی کالج کے قریب واقع دادا بھائی پلازہ کی فلیٹ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آتشزدگی کی اطلاع پر ریسکیو 1122 کی فائر اینڈ ریسکیو ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی۔ ترجمان ریسکیو 1122 سندھ کے مطابق سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو دادا بھائی پلازہ میں آتشزدگی کی اطلاع موصول ہوئی تھی، جس پر فائر اینڈ ریسکیو ٹیم کو فوری طور پر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

جعلی شناخت کے ساتھ امریکی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے مسافر گرفتار کر لیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیگریشن حکام نے لاہور ایئرپورٹ پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جعلی شناخت کے ساتھ امریکی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے مسافر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق مسافر پی آئی اے کی پرواز نمبر PK-797 کے ذریعے ٹورنٹو روانہ ہو رہا تھا۔ مسافر نے امریکی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

خیبر پختونخوا میں دو برس میں دہشتگردی میں 195 فیصد اضافہ کا انکشاف

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں خیبر پختونخوا پولیس اور حساس اداروں کی دو اہم خصوصی سکیورٹی رپورٹس پیش

دہشت گرد نیٹ ورکس، سہولت کاری اور غیر قانونی سرگرمیوں کے باہمی روابط بھی سکیورٹی کیلئے سنگین چیلنج قرار دیے گئے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں حالیہ دو برس کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 195 فیصد اضافے کا انکشاف ہوا ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں خیبر پختونخوا پولیس اور حساس اداروں کی دو اہم خصوصی سکیورٹی رپورٹس پیش کی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دو برس کے دوران خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، دہشت گردی میں مسلسل اضافہ صوبے کی سکیورٹی صورتحال کیلئے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن گیا۔ حساس اداروں کی رپورٹ کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر کوئٹہ میں ریلی، مٹھائی تقسیم

ہماری عدالتیں آزاد ہیں، بانی پی ٹی آئی کو اپنا مقدمہ عدالتوں میں لڑنا چاہیے، زرک مندوخیل

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ میں رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل نے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

میری سکیورٹی کے پی پولیس نے واپس لے لی، ان کیخلاف تحریک استحقاق جمع کراؤں گا، رکن قومی اسمبلی آصف خان

پشاور (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی آصف خان نے کہا ہے کہ میری سکیورٹی کے پی پولیس نے واپس لے لی۔ سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں کہا کہ میری سکیورٹی خیبر پختونخواہ پولیس نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا معاملہ، اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سیکیورٹی ریڈ الرٹ

اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کر دی گئی ہے، ذرائع

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سیکیورٹی ریڈ الرٹ کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کر دی گئی ہے، جیل کے گیٹ نمبر 5 کے قریب کنٹینرز کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

پولیس نے تمام اراکین پارلیمنٹ کی سکیورٹی واپس لے لی ہے، اگر مجھے یا کسی پارلیمنٹرین کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی ہوں گے، شفیع جان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ صوبائی پولیس نے ان سمیت دیگر اراکین پارلیمنٹ کی سکیورٹی واپس لے لی ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

گورنر راج کے بعد ممکنہ احتجاج، صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ

پنجاب اسمبلی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات، قیدیوں کو منتقل کرنیوالی پولیس وینز بھی کھڑی رہیں

پولیس کے اعلیٰ افسران کی جانب سے سیکیورٹی انتظامات کی نگرانی جاری رہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ پنجاب اسمبلی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی جبکہ قیدیوں کو منتقل کرنے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

جعلی رجسٹریاں کیس، جھنگ کے رجسٹری محرر کی درخواست ضمانت سماعت (آج)

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں 6 جعلی رجسٹریوں کے کیس میں جھنگ کے رجسٹری محرر کی درخواست ضمانت سماعت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

کرم پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام

12 خوارج اور افغان طالبان ہلاک، نائب صوبیدار شہید

افغان طالبان رجیم اپنی بین الاقوامی انسدادِ دہشت گردی کی ذمے داریاں پوری کرنے میں ناکام رہی ہے، آئی ایس پی آر

بیرونی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، بہادر سپاہیوں کی قربانیاں ملکی سرحدوں کے دفاع کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کرم میں پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 12 خوارج اور افغان طالبان کو ہلاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کرم میں پاک افغان سرحد پر پاکستان میں داخلے کی کوشش کرنے والے گروہ کی نقل وحرکت کا پتہ چلا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دراندازی کی کوشش میں خوارج کی معاونت کے لیے افغان طالبان کی پوسٹوں سے بھی فائرنگ کی گئی، فائرنگ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

on the right
TRACK
It does not
matter how
SLOWLY

بزنس کمیونٹی کے اجلاس کے موقع پر میاں شاہد حسین کا کور کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں

نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کرینگے، دستخط شدہ رسید بھی فراہم کرینگے

50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا

لاہور (کامرس رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں۔ نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کریں گے اور ان کی دستخط شدہ رسید بھی فراہم کریں گے، 50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا۔ اسٹیٹ بنک کے مطابق بینک ہاؤسنگ فنانس کے لیے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات لیں گے، جائیداد کی دستاویزات وصول کرنے پر صارف کو دستخط شدہ رسید دینا لازمی قرار دیا گیا ہے، رسید میں موصول ہونے والی تمام ملکیتی دستاویزات کی فہرست درج ہوگی، گھر، اپارٹمنٹ یا پلاٹ قرض دینے والے ادارے کے حق میں رہن رکھنا ہوگا، 50 لاکھ روپے تک کے ہاوسنگ فنانس پر لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق قابلِ تجدید توانائی کے قرض کے لیے ضمانت کے بغیر فنانسنگ کی اجازت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

عوامی مینڈیٹ پر شب خون مار کر گورنر راج کا اقدام جمہوریت کے چہرے پر طمانچہ ہے' پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا یہ کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے گورنر راج لگا کر جمہوریت کا جنازہ نکال دیا، یہ اقدام غیر آئینی اور غیر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

فیروز والا میں ستھرا پنجاب کے افسران ملازمین میں نئے یونیفارم تقسیم کر رہے ہیں

قراقرم ایکسپریس کے مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا

لالہ موسی سے براستہ فیصل آباد کراچی جانے والی ملت ایکسپریس کے شیڈول ٹائم میں تبدیلی کر دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس کے مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق قراقرم کراچی کیلئے براستہ ساہیوال روانہ ہوئی۔ کراچی ایکسپریس کراچی کیلئے سوا گھنٹے تاخیر سے روانہ ہوئی۔ قراقرم کے مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا۔ لاہور، سرگودھا کے درمیان چلنے والی میانوالی ایکسپریس براستہ وزیر آباد، لالہ موسی روانہ ہوئی۔ لالہ موسی سے براستہ فیصل آباد کراچی جانے والی ملت ایکسپریس کے شیڈول ٹائم میں تبدیلی کر دی گئی۔ ملت ایکسپریس چناب نگر اسٹیشن پر دوپہر 1 بجکر 35 منٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 75)

کینیڈا میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کی کور کمیٹی کا قیام، بزنس کمیونٹی کی قیادت میاں شاہد حسین کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کینیڈا میں مقیم پاکستانی تاجروں کو درپیش مسائل کے حل اور کاروباری روابط کو فروغ دینے کے لیے کینیڈا بزنس کمیونٹی کی کور کمیٹی قائم کر دی گئی جس کی قیادت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

صدر جمعیت اہلحدیث علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت

مشکل حالات میں یکجہتی کا مظاہرہ دونوں برادر ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کا عکاس ہے، امام مسجد نبوی سے خصوصی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے ریاض ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے کی مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے شہداء کے لیے دعائے مغفرت، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور متاثرہ خاندانوں کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ انہوں نے سعودی عرب کی سلامتی و استحکام اور خطے میں امن و امان کے قیام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے تعلقات اخوت، محبت اور باہمی اعتماد پر قائم ہیں اور مشکل حالات میں یکجہتی کا مظاہرہ دونوں برادر ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کا عکاس ہے۔ امام مسجد نبوی ﷺ فضیل الشیخ ڈاکٹر عبدالمحسن بن محمد القاسم حفظہ اللہ نے حوثی باغیوں کے خلاف سعودی عرب کی حمایت پر جمعیت اہلحدیث پاکستان اور پاکستانی عوام کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے، شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی خصوصی دعوت پر سعودی عرب کے شاہی مہمان کی حیثیت سے موجود جمعیت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

سیالکوٹ موٹروے پر چلتی کار میں آگ لگ گئی، موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی سے گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور، سیالکوٹ موٹروے پر چلتی کار میں آگ لگ گئی، موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی سے گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے پر ایک کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، تاہم موٹروے پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت باہر نکال لیا۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 77)

جمہوریت کی مضبوطی، انصاف کی فراہمی کے نظام میں وکلاء کا کلیدی کردار ہے' پنجاب بار کونسل

پولیس کے ناروا رویے کیخلاف شکایات کے تسلسل پر شدید تشویش ہے' وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد ہنجرا نے کہا ہے کہ جمہوریت کی مضبوطی اور انصاف کی فراہمی کے نظام میں وکلاء کا کلیدی کردار ہے، وکلاء معاشرے کا سب سے پڑھا لکھا طبقہ ہے، ان کے حقوق کا تحفظ اور فلاح و بہبود پنجاب بار کونسل کی اہم ذمہ داری ہے جس کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ وکلا کو پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 76)

کراچی، عمرہ زائرین اور بین الاقوامی مسافروں کی ویکسی نیشن شروع

پولیو، گردن توڑ بخار اور ریلو فیور سمیت قابل اطلاق ویکسین لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا

غیر ملکی شہریوں کو متعلقہ ہدایات کے تحت قابل اطلاق ویکسی نیشن کی شرط سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) عمرہ زائرین کو ویکسی نیشن کے بغیر سفر کرنے کی عارضی رعایت کی مدت ہفتے کو ختم ہوگئی جس کے بعد کراچی ایئرپورٹ پر عمرہ زائرین سمیت دیگر بین الاقوامی مسافروں کو پولیو، گردن توڑ بخار اور دیگر قابل اطلاق ویکسین لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا. جناح ٹرمینل ایئرپورٹ (اسٹار گیٹ) پر عمرہ زائرین سمیت دیگر بین الاقوامی مسافروں کو پولیو، گردن توڑ بخار اور ریلو فیور سمیت قابل اطلاق ویکسین لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے. اس مقصد کیلئے بارڈر ہیلتھ سروسز کے زیر انتظام انٹرنیشنل ٹریولر ویکسی نیشن سینٹر فعال کر دیا گیا ہے، جہاں مسافروں کو 24 گھنٹے ویکسی نیشن کی سہولت فراہم کی جائیگی۔ واضح رہے کہ عمرہ زائرین کیلئے گردن توڑ اور پولیو جبکہ افریقہ و شمالی امریکا کے لیے یلو فیور ویکسین لگوانے کی لازمی شرط پر عملدرآمد کی مدت میں 10 اکتوبر کے درمیان دو مرتبہ توسیع کی جا چکی ہے. بارڈر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

برائلر گوشت کی قیمت میں اضافے کا رجحان، مزید 15 روپے اضافے سے فی کلو قیمت 548 روپے تک پہنچ گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) برائلر گوشت کی قیمت میں اضافے کا رجحان جاری ہے۔ شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 15 روپے اضافے سے 548 روپے، زند (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

پتنگ بازی کیخلاف کریک ڈاؤن، 28 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈور برآمد

لاہور (سٹاف رپورٹر)۔ ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر پتنگ بازوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق سٹی پولیس نے 24 گھنٹوں میں پتنگ بازی کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن میں 28 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

سعودی عرب پر حملوں نے مسلمانوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا' لیاقت بلوچ

حرمین الشریفین کی حفاظت تمام اہل ایمان کا مشترکہ فرض ہے' نائب امیر جماعت اسلامی

سفارتی اور مذاکراتی ذرائع استعمال کرتے ہوئے سعودی عرب اور یمن کے تنازعے کا حل نکالنا چاہیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملوں نے پوری دنیا کے مسلمانوں کو بڑی تشویش میں مبتلا کر دیا ہے، حرمین الشریفین کی حفاظت تمام اہل ایمان کا مشترکہ فرض ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ مکہ دفاعی اتحاد بہت اہم ہے، جبکہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ دفاعی معاہدے پر عملدرآمد کے لیے احتیاط کا دامن پکڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطی کی جنگ ایک نئی اور خطرناک صورتحال میں داخل ہوگئی ہے، جبکہ یمن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

جھنگ کے خوبصورت صحرا میں تین روزہ ڈیزرٹ جیپ ریلی 16، 17 اور 18 اکتوبر کو منعقد ہوگی

ڈیزرٹ ریلی نہ صرف موٹر اسپورٹس کے فروغ بلکہ مقامی معیشت، سیاحت اور ثقافتی سرگرمیوں کے لیے بھی اہم ثابت ہوگا، ڈی سی جھنگ بابر صاحب دین

ریلی کے دوران جیپ ریس کے ساتھ کبڈی، والی بال، گھوڑا ڈانس، نیزہ بازی سمیت مختلف ثقافتی و کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد بھی کیا جائے گا، بابر صاحب دین

لاہور (محمد عاصم راجہ) لاہور کے مقامی ہوٹل میں جھنگ ڈیزرٹ جیپ ریلی کے حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس میں ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین، معروف ریسر صاحبزادہ سلطان، ایم پی اے جھنگ کرنل غضنفر اور فیصل حیات جبوانہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر بابر صاحب دین نے کہا کہ ریلی کے انعقاد کا مقصد کھیلوں کو فروغ دینے کے ساتھ جھنگ کی ثقافت، قدرتی حسن اور سیاحتی مقامات کو قومی اور عالمی سطح پر متعارف کرانا ہے خوبصورت صحرا میں تین روزہ ڈیزرٹ جیپ ریلی 16، 17 اور 18 اکتوبر کو منعقد ہوگی، جس میں ملک بھر سے 100 سے زائد ڈرائیورز شرکت کریں گے ریلی کے دوران جیپ ریس کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 78)

پی ایس سی نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا

پنجاب کیلئے گندم کے تصدیق شدہ بیج کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 7 ہزار روپے مقرر

گندم پاکستان کی فوڈ سکیورٹی اور معاشی استحکام کی ضامن ہے' ایم ڈی ڈاکٹر فرحان فاروق

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب سیڈ کارپوریشن نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ پنجاب کے لیے گندم کے تصدیق شدہ بیج کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 7 ہزار روپے جبکہ دیگر صوبوں کے لیے 8 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق پیشگی بکنگ پر فی تھیلا 130 روپے رعایت دی جائے گی۔ مذکورہ نرخ امسال سیزن کے لیے نافذ العمل ہوں گے۔ مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن ڈاکٹر فرحان فاروق نے کہا کہ کسانوں کو چاہیے کہ وہ بہتر پیداوار کے حصول کے لیے معیاری اور تصدیق شدہ بیج کے استعمال کو ترجیح دیں۔ تصدیق شدہ بیج نہ صرف فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کا ذریعہ ہے بلکہ غذائی تحفظ کے لیے بھی بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ گندم پاکستان کی فوڈ سکیورٹی اور معاشی استحکام کی ضامن ہے اس لیے اس کی پیداوار میں اضافے کے لیے جدید زرعی طریقوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

لاہور: مسیحی خواتین دعائیہ تقریب میں شریک ہیں

PRESS CONFERENCE
JHANG
DESERT RALLY
2026

جھنگ ڈیزرٹ ریلی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین اور دیگر شرکاء لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ
پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com